مشہور ہے کالجون اور مدرسون کی دوامی بنیاد اوسنے ڈالی اوسکی قدر
دانی اور فیاضی نے قرطبہ کو مجمع علما اور اہل کمال کا بنا دیا دار الخلافت
مین اتنا بڑا کتب خانہ ہوا یا کہ ۴۴ سو سو جلدون مین فقط اوسکی
فہرست مرتب ہوی تہی آخر الامر ۱۵ برس بادشاہت کر کے
۹۷۶ء ۳۶۶ھ ۹۷۷ء ۳۶۷ھ وفات پائی +

## ہشام ثانی المویدباللہ ابن الحکم

بعد اوسکی وفات کے اوسکا بیٹا دس برس کی عمر مین تخت نشین ہوا
زمام سلطنت کی منصور وزیر کے ہاتہہ مین تہی یہہ وزیر بڑا صاحب
تدبیر اور سخی اور بہادر تہا اگرچہ اوسنے ہشام کو حرم سرا کے بردون
مین ایسا بٹہایا کہ پہر باہر نہ نکلنی دیا مگر ملک کو حسن انتظام اور فتوحات

سے نہایت ترقی دی ۲۷ لڑائیان عیسائی حاکمون سے یہہ وزیر
لڑا اوسکا مطلب صرف یہہ تھا کہ تمام ملک اندلس ایک قبلہ کی طرف صف
باندہ کر سجدہ کرتے ہوے اوسکو نظر آوے اسلئی اوسنے بہت بڑے بڑے نامی
شہر اور قلعے فتح کئی بہت سے جلا کر راکھہ کر دیے اقومپوستلا مقدس کا
گھنٹا اوتار لایا اوسکی قندیل منوا کر مسجد مین لٹکائی اوسنے ۲۶ برس
شاہانہ وزارت کی اور حق یہہ ہے کہ اوسکا عہد تاریخ اسلام کی فلک پر
ایک کوکب افتخار رہا مگر اخیر ستائیسوین لڑائی سے جسمین وہ پہلے
فتحیاب ہو چکا تھا واپس آکر یا تو زخم کاری یا زہر سے اوسنے درمیان
۳۹۲ھ ۱۰۰۲ء کے وفات پائی اور عنان سلطنت اپنے بیٹے کے ہاتھہ مین
دیدی اکثر مورخ اس وزیر کو ملوک قرطبہ کی تعداد مین درج
کرتے ہین +

## عبدالملک مظفر ابن وزیر منصور

بعد وفات وزیر منصور کے اوسکا بیٹا عبدالملک الوزراث سلطنت
[illegible]

رکھا پر اور باتون مین اپنے باپ کی خوبیونکو نہین پہنچتا ہے
کیونکہ عیسائی حکومتون سے اہتمو مین بہت ناکام رہا اور
ملک کا انتظام بھی اچھی طرح نہ کرسکا وہ اپنی موت سے ۳۹۶ھ/۱۰۰۶ء سنہ ۳۹۱ھ/۱۰۰۶ء
مین راہی ملک بقا ہوا +

## عَبْدُالرَّحْمٰن نَاصِر

اوسکے مرنے کے بعد اوسکا بھای عَبْدُالرَّحْمٰن مالک سلطنت کا
ہو بیٹھا ھشام حرم سرا مین قید رہا پر سبب اسکے کہ ہر کمال
کے لئے زوال ہے اور ہر طلوع کو غروب لازم ہے اب آل مروان
کی حکومت کا وقت اخیر آپہنچا اور اوسکا زوال اس ملک مین
شروع ہوگیا ھشام المویدا بیچارہ ۴۹ برس کا مرد حرم سرا
مین عورتون کی مانند مقید تھا اور عَبْدُالرَّحْمٰن نَاصِر طیار ہوا
پر فوج کشی کرنے گیا ہوا تھا میدان خالی پاکر مُحَمَّد اِبْن ھشام ایک
شخص نے ھشام مقید بادشاہ کی طرف سے جھنڈا کھڑا کر دیا اور
۴۰۰ھ/۱۰۰۹ء مین قرطبہ پر آپ قابض ہوگیا اور خلیفہ بن گیا المھدی باللہ سنہ ۴۰۰ھ/۱۰۰۹ء

لقب بھی مقرر کرلیا یہہ خبر عبدالرحمن کا لشکر سنکر تتر بتر ہوگیا اوسکے
رفقاء نے اسکا ساتھ چھوڑ دیا اور اسی سال مین یعنے ۱۰۰ھ مین
گرفتار ہوکر مقتول ہوا اب وزراء کے ہاتھ سے تو سلطنت کو خلاص
کیا پر ھشام المویدا جو عورتون مین قید تہا اوسکا فکر اس
محمد ابن ھشام کے دلمین خار کی مانند کہٹکتا رہتا تھا اتفاق سے
ایک عیسائی شخص جو ھشام المویدا کی شکل کے بہت مشابہہ تھا
بقضای الہی مرگیا تہا اوسکی لاش منگواکر عوام الناس کو دکھلائی
گئی اور یہہ مشہور کردیا کہ ھشام المویدا مرگیا ہے جب رعایا مین
ھشام کا مرجانا مشہور ہوگیا تو محمد مذکور نے مانع اور مزاحم
کی اور فتنہ سے بخوف ہوکر مالک سلطنت ہوگیا مگر یہہ بات عدالت
آلہی کو گوارا نہ تھی اسلئے ایک شخص سلیمان نام الراشد باللہ
کا لقب اختیار کرکے اسی سال مین کہڑا ہوا اور ۳۵ ہزار آدمی محمد
کی فوج کے قتل کئی محمد بہاگ کر قلعہ مین جا چہپا سلیمان
نے اسکا محاصرہ کیا جب مجبور ہوا تب اوسنے ھشام المویدا کو جسکا

مرنا پہلے مشہور کیا تھا حرم سرا سے باہر لاکر اوسکو دکھلایا اور کہا کہ
مستحق سلطنت کا موجود ہے مگر کسیکو یقین نہ آیا آخر الامر محمدؐ
قلعہ سے نکلکر بھاگا اور ایک سردار عیسوی مذہب کو اپنا مددگار
ٹھہراکر عیسائیون کی مدد لیکر پھر آیا اور شہر قرطبہ پر قابض ہوگیا
مگر عامی لوگون نے بغاوت کی اور فورًا اوسپر چڑہ آئے سلیمان
نے قلعہ مین گھس کر محمدؐ کو قتل کرڈالا وہ ۳۳ برس کا تھا اور
سنہ ۴۰۱ھ هشام المویدؐ کو پھر رعایا نے ۱۰۱۲ء مین تخت پر بٹھایا سنہ ۱۰۱۲ء
سلیمان ادہر ادہر پھرکر بربری لوگونکی مدد لایا اور ۴۵ دن تک
قرطبہ کا محاصرہ سخت کیا مگر فتح نکرسکا پھر دوبارہ بڑی جدوجہد
سے قرطبہ کو آگھیرا انجام کار اوسکو فتح کیا مگر اسی اثنا مین
ایک سردار کچھہ فوج لیکر شہر کے اندر سے نکلا اور کشت وخون کا
ہنگامہ بڑا گرم ہوا سلیمان کو دو خواجہ سراؤن نے حمام مین قتل
کرڈالا افسوس یہہ ہے کہ هشام المویدؐ بھی مرا ہوا ملا
سنہ ۴۱۱ھ الغرض ۲۵۱ برس کی حکومت کے بعد ۱۰۳۱ء مین بعد فرمان روائی سنہ ۱۰۳۱ء

۱۷ بادشاہان بنی امیہ کے اس خاندان کا خاتمہ ہوگیا

پس اب اندلس کا یہہ حال تھا کہ مختلف مدعی سلطنت کی اوٹھتی تھے اور زور پکڑکر پھر گر پڑتے تھے ہر ایک ضلع خود سر ہوگیا تھا جسنے جیسا موقع پایا ویسا کیا جو ضلع یا پرگنہ جسکے قبضہ مین آگیا لے لیا اور وہی جگہہ کا حاکم بن بیٹھا

## حکومت بنی امیہ مین کیا حال اندلس کا تھا اور کیا کیا کارنمایان اس خاندان سے وہان پیدا ہوے

اس ملک اندلس مین بنی امیہ کی حکومت کو (۳۰۰) برس تک قیام اسواسطے ہوا کہ یہہ لوگ بہت شایستہ تھے اور حکام یوروپ کے اوسوقت مین درمیان جہالت کے پھنسے ہوئے تھے اندلس کے عرب اگرچہ بالطبع جنگی اور خونریز تو تھے مگر اونکی ملنساری اور صلح کلی کے طور اور خوش خلقی کی کامیابیون نے فتحمندی سے زیادہ کام کر دکھلایا تھا ان عربون نے شائستگی اطوار کی اور علم اور ہنر اپنی حوصلہ اور شوق سے حاصل کئے تھے



الماسة في الحجرة

سالانہ تھا اس قلیل محاصل پر قرطبہ کو وہ رونق اور شان و شوکت حاصل تھی کہ ممالک شرقیہ ایشیا مین اوسکا کوئی شہر نظیر نہ تھا +

## ادب - علوم - فنون

تمام علماء یورپ نے یہہ مقدمہ بالاتفاق فیصل کر دیا ہے کہ یونان کے بعد علوم و فنون کا وارث عرب ہوا جب رومیونکی بادشاہت کے ایک حصہ مین جہالت چھا گئی تو علم اللسان اور فلسفہ نے عرب مین جا کر سکونت اختیار کی - اقوام کی تاریخ اور اُسکے اقبال اور ادبار کی گردش کو دیکھو کہ یورپ گویا اپنی شروع تحصیل مین اسلام کے حملہ آور دونکا ممنون احسان ہے - ان ملکون مین علم کی ہر شاخ بڑی جوش اور کامیابی سے سرسبز اور بارآور ہوئی خیال کر کے دیکھو تو یہہ بات کچھہ کم نہین ہے کہ اکثر خزانہ علوم یونان کا عربون کی آبادی مین آکر محفوظ رہا +

جن لوگون نے اندلس کو فتح کیا تھا وہ تو علم سے بے بہرہ تھے مگر عبدالرحمن ابن معاویہ ہی سے اُسکا چرچا شروع ہوا اور سنہ

خود پھر اوسکی اولاد نے کئی مدرسے تعمیر کئے اور تدریس جاری کی
کتب خانے عام ترتیب دئیے - اونکی سخاوت اور فیاضی علم کی
ضرب المثل ہے اور انہین کی سعی اور کوشش کی بدولت جو برابر جاری رہی تھی
علوم و فنون ان ملکون مین داخل ہوئے اور بہ نسبت اور ممالک
اسلامیہ کے علم کا جھنڈا اسجگہہ پر بڑے زور و شور سے قایم رہا اس بیان
کی وسعت اسقدر ہے کہ علم ادب کا پورا حال لکھنے نہین دیتی ہے اسلئے
ہم الٰہیات اور صرف و نحو وغیرہ کو چھوڑ کر ان علوم کا مختصر حال
لکھتے ہین جنمین اونھون نے بڑی کامیابی سے ترقی حاصل کی
نظم - نظم تو ان لوگون کے ہمیشہ سے مرغوب الطبع رہی ہے اونھون
نے نہایت ذوق و شوق سے اسپر توجہ کی ہے چنانچہ عالم کے دیوانکو
ورق ورق کر کے دیکھ لیا عرب کے برابر کوئی شاعر نظر مین نہین آتا -
اندلس مین بھی اس فن نظم نے کچھ ترقی کی اور نہ فقط قصاید شجاعت
مدح - قدح - اور مناظرہ وغیرہ کے معمولی مضامین مین بلکہ صرف
و نحو - تصوف - فصاحت - و بلاغت کے قواعد

علم فرایض وغیرہ بھی نظم مین لکھے - انکی نظم مین مرثیے - ہجو - غزلین
رباعیان - قصیدے - داستان سوانگ وغیرہ بہت پای جاتی ہین -
سب سے علاوہ یہہ بات ہے کہ نظم موشیح کا ہارسب سے اول انہین
لوگون نے پردیا چنانچہ انکے چند شعرا نامور کے نام اسجگہہ لکھی
جاتے ہین *

یحیی بن ہذیل - احمد ابن عبد ربہ یہہ دونون نوین صدی عیسوی
مین گذرے ہین یحیی ابن الحکم غزالی جنسے درمیان
سنہ ۹۴۰ء سنہ ۳۱۰ھ موسی کا فتح نامہ ملک اندلس کا عربی زبان مین
لکھا ہے - ابن عبدون اُسنے ایک تاریخ عربی زبان کی نظم مین
لکھی ہے المعتمد بن عبید نے شاہ سیول المنذر
کی تاریخ لکھی ہے اور عبد الولید ابن زیدون نے سارگوسا کی
تاریخ عربی نظم مین لکھی ہے *

مورخان اندلس بھی بہت گذرے ہین اُنکی لیاقت اور سمجھہ بھی
کچھہ کم نہین ہے اِن مین سے بڑا مورخ ابو بکر الرازی سے

جنسنے واقعات کے سبب اور بواعث بھی بیان کئی ہین یہہ شخص نویں صدی
عیسوی کے آخر مین تھا ابن حیان بڑا مورخ ہے جسنے (۳۰)
جلدون مین تمام تاریخ اندلس کی لکھی ہے الحمیدی سلطان
ابن مظفر یحیی بہت عمدہ مورخ ہے جسنے اپنی وقت کی تاریخ لکھا گویا
اپنی یادگار اس دنیا پر چھوڑی الحمیدی مورخ نے مشاہیر اہل اسلام کا
تذکرہ عربی مین لکھا۔ ابن البشکوال قرطبے۔ ابن الابار
ویلنشیا کا رہنے والا۔ وزیر ابن الخطیب جسنے شاہان غرناطہ
کی بڑی تاریخ لکھی ہے

علم طبعیات اور ہندسہ ان دونون علمون مین ان لوگون نے فضیلت
کا میدان مارا ہوا ہے عبد الرحمن کے عہد مین علم ہندسہ
کی طرف زیادہ توجہ ہوئی چنانچہ ڈس کارڈیز۔ ھیوگریٹیز
جالینوس۔ ارسطو۔ اپالونیس اوسوا انکی اکثر یونانی
حکیمون کی کتابین زبان رومی یعنی لاطینی اور یونانی سے دار الخلافت
قرطبہ مین ترجمہ ہوئی ہین یہانکے مشہور عالم ان علوم کی

یہہ لوگ ہوئے ہین +

سنہ ۵۹۵ھ عبداللہ ابن رشد قرطبی - جو درمیان سنہ ۱۱۹۰ء کے فوت ہوا سنہ ۱۱۹۸ء

ابن زہر یعنی عبدالملک - ابن یحیی جسکو اہل یوروپ ھیوم پیٹس کہتی ہین +

رقوم ہندسی اور مراتب اعداد اسی ملک سے تمام یوروپین پہلے ورنہ رومان پر رقمون کے لکھنے کا طور اور انکی شکل اور ہے طرح کی تہی +

علم نبات - طب - کیمیا - ان فنون کے بہی وہی میدان ہین جنمین اونھون نے باغ لگا کر گلزار کر دکھلائی چنانچہ علم ہندسے کی طرح اسمین بہی اونہون نے بڑی ناموری پای بلکہ اکثر مسائل مین اونکو فخر ایجاد کرنیکا حاصل ہے +

اندلس نے فن اسطرلاب مین بہی بڑی ترقی کی اور اجرام فلکی کی تحقیق کی لئی ایک ایسا آلہ ایجاد کیا جو آج تک اپنے موجد کے نام سے مشہور ہے +

اکثر لوگ اونمین سے صاحب ہمت شوقین فن زراعت اور باغبانی
کی طرف متوجہ ہوے چنانچہ نہرین اور آب پاشی کے سامان جو انہون
نے طیار کئے اب تک مرشیا اور والنشیا اور غرناطہ کے
میدانون مین اس گواہی سے تر زبان ہین کہ وہ لوگ اوس کام مین استاد
تھے اسیطرح کلین اور آلات صنایع کی بنانے مین بہی بڑا کمال
پیدا کیا۔ کاغذ مروجہ کے بنانے کا استعمال یورپ مین وہان سے
پہنچا۔ بارود بنانے مین انہون نے کمال دکھلایا اور لڑائی
مین اوسکا استعمال کیا

انکی یونیورسٹی کے مدرسون کی تحصیل ایسی اعلی درجہ پر پہنچی تہی
کہ یورپ کے لوگ اس جگہہ تحصیل علم کے واسطے آتے تھے اور
ان مدرسون کی تحصیل فضل و کمال کی دلیل اور سند کامل
ہوتی تہی۔ مگر پہر اہل فرنگ نے اپنی تحصیل اور تکمیل کو ایسی
ترقی دی کہ اب اون علمون کی صورتین ہی بدل گئین اور آج
کے روز یہہ لوگ خود صاحب ایجاد ہو گئے ہین

# طوایف الملوکی ازاد

## سنہ ۴۲۹ھ سے سنہ ۴۳۹ھ تک

یہہ بیان اوپر گذر چکا ہے کہ بعد مارے جانے ہشام المؤید باللہ کی طوایف الملوک کا دورہ آیا یعنے ہر ایک شخص جسکو کچھہ قدرت اور اختیار نے مساعدت کی بادشاہ بن گیا چنانچہ درمیان سنہ ۴۲۹ھ کے سنہ ۱۰۳۸ء طوایف الملوک کی بادشاہت اسطرح شروع ہوئے +

## معتضد باللہ اللخمی

سنہ ۴۲۹ھ سنہ ۱۰۳۸ء مین ایک شخص نعمان ابن منذر کے اولاد سے بادشاہ اندلس کا مقرر ہوا اور اوسنے لقب معتضد باللہ کا اختیار کیا پر چند ہی روز گذری تھی کہ وہ تخت سے اتارا گیا +

## ابوالقاسم محمد معتمد باللہ

اوسکے بعد اوسکا بیٹا ابوالقاسم محمد بلقب معتمد باللہ تخت پر بیٹھا اس شخص نے علماے اور اہل کمال کو اہل تدبیر کے ساتھہ جمع کیا اور ملک مین امن وچین پیدا کرنی کی تدبیرین کین پر خدا تعالی کو

مرابطین کا ستارہ اقبال کا چمکنا منظور تھا یوسف ابن تاشفین
بربر سے اوٹھا اور تمام اندلس کو اوسنے تحت حکومت کر لیا جسکا بیان
مُراویون کے زمانہ مین آگے آتا ہے ٭

## موراویون کا زمانہ

۵۴۰ھ سے ۶۴۷ھ تک

الموراوی نام ہے ایک قبیلہ عربی کا اصل مین وہ لوگ باشندے
دیار حمیر کے ہین حضرت ابوبکر رض کے خلافت مین درمیان ملک شام
کے یہہ لوگ آبسے تھے بعد ازان مصر کو چلے گئے وہان پہنچکر افریقہ کی مغربی
طرف درمیان صحرا کے رہنے لگے صحرانشینی نے انمین شجاعت اور علو ہمت پیدا کی
ابتدا مین یہہ لوگ عیسائی تھے پر بسبب اسکے کہ مسلمانون سے انکا ملنا
جُلنا بہت ہوتا رہتا تھا اسلئی مذہب عیسوی کا اُونمین کچھہ بھی اثر نرہا اور
مسلمان بھی برائے نام ہی تھے کیونکہ سوا کلمہ شہادت کے اور کچھہ نہ
جانتے تھے انمین جلادت اور بہادری اپنی حد سے زیادہ ہوگئی تھی
چنانچہ ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ اونکی عورتین بھی اپنے مردون کے

ہمراہ گھوڑون پر سوار ہوکر اور دھان بندوقین پر باندھکر دشمنون سے
لڑتی تھین دھان بند کو عربی مین لثام کہتے ہین اسیواسطے
ان لوگون نے ملثمین کا لقب اپنی فرقہ کا اختیار کیا ہے تاکہ وہ
معرکہ دھان بندی کا یاد رہے - انکے وقت مین آل مروان
کے ضعف سے عرب کے سب قبیلون کی حالت پریشان ہوگئی تھی
اسی قبیلہ المراوی سے ایک بطن تھا جسکو گدالہ کہتے ہین
اوس بطن کا ایک نیک مرد مسمی یحیی ابن ابراھیم ایک دفعہ
مکہ مین گیا وہان سے لوٹ کر درمیان شہر فاس کی جو دارالخلافت
مراکو یا مراکش کا تھا آیا اس شہر مین ابوعمران فقیہ سے ملاقات
ہوئی اونسے کہا کہ ہماری قوم بالکل جاہل ہے مگر مادہ قابل رکھتی
ہے اگر اونکو اخلاق اور مذہب کی تعلیم آپ کرین یا اپنی کسی شاگرد کو
وہان بہیجین تاکہ دین کی آئین اونکو سکھلاوی تو بہت مناسب ہے
سفر دور و دراز دیکھکر کسی نے نہ مانا آخر کو ایک شاگرد عبداللہ
یمیم نامی نے منظور کیا چنانچہ عبداللہ اوسکے ساتھہ افریقہ کو گیا

وہ قوم صحرائی عبداللہ سے بہت تعظیم اور تکریم کے ساتھہ پیش آئی چنانچہ
اوسکو اپنا پیر بنا لیا اور بعض قبیلون سے لڑکر اوسنے فتح حاصل کی اوسوقت
اوس نے اپنے شاگردون کو خطاب مرابطین دیا یعنے یہہ لوگ خدا سے
مربوط ہین دوسرے سے انکو لگاؤ نہین ہے عبداللہ مذکور ۵۰۸ھ مین درمیان کسی
معرکہ کے مارا گیا اوسکے بعد ابوبکر ابن عمر ملتونی اوسکا جانشین ہوا اوسنے
جمعیت کافی بہم پہنچاکر مغرب پر حملہ کیا اور شہر اگمت کو دارالسلطنت بناکر
تلمسان سے لیکر دریا محیط کے کنارہ تک ایک سلطنت قایم کردی
اور مراکش کو اپنا پایہ تخت بنایا اسی اثنا مین قبیلہ کدالہ نے
ملتونی سے لڑائی کی ابوبکر فوراً مدن پر آیا وہان اوسنے یہہ سنا کہ
ایک بڑا سیلاب رہی ہے قریب جاکر اوسکا رونا سنا وہ یہہ کہتی جاتی تہی کہ ای
ابوبکر تو نے ہمکو برباد کردیا اسبات کا ایسا اثر ملتونی کے دل پر ہوا
کہ اپنے رشتہ دار یوسف ابن تاشفین بربری کو لشکر اور حکومت
سپرد کرکے آپ دست بردار ہوکر اپنے وطن کو چلا گیا
یوسف نے تمام ملک بربر اور فیض کو فتح کیا اور مراقو شہر کی

بنیاد مستحکم کی اور اپنی حسن اخلاق ملنساری اور خوش خلقی اور شجاعت سے سبکو
مطیع کر لیا چونکہ ابوبکر یلتونی کی بہن مسماۃ زینب بہت خوبصورت
اور حسین تہی اوسے اپنا نکاہ کیا ان شہرون کی رعایا یوسف سے بہت
خوش تہی ابوبکر نے اپنے قبیلہ سے واپس آکر دیکہا کہ یوسف کے قبضہ اقتدار
مین بہت ملک آگیا ہے اوسکو رشک پیدا ہوا چنانچہ المنت پر حملہ کیا
پر کچہہ نہو سکا آخر کو یہی ہوا کہ یوسف سے ملکر کچہہ تحفہ و ہدیہ لیکر اپنی
قوم کی طرف خنگل کو لوٹ گیا اب یوسف نے لقب امیر المومنین کا
اختیار کیا اور چاہا کہ اپنا ملک دور تک بڑہا دے - اندلس مین
جو مسلمان حکومت کرتے تھے اونہون نے یہہ بے وقوفی کی کہ یوسف
ابن تاشفین کو فتحیاب صاحب اقبال سنکر لکہہ بہیجا کہ الونزو
ششم حاکم زنک نے ہمکو عاجز کر رکھا ہے بادشاہ اسلام کو چاہئے
کہ ہماری مدد کرے یوسف خوش ہو گیا اور انکو جواب مین لکہا کہ
الجزیرہ جو افریقہ سے ہے وہ مجکو دیدو تاکہ مجکو پناہ لینے کے واسطے
ٹہکانا رہے اونہون نے یہہ باتنہ مانی پہر ایک اور حاکم نے اندلس

سنہ ۱۰۸۶ع سے پیغام بھیجکر اوسکو جلد تر بلوایا یوسف ماہ اگست ۱۰۷۹ھ سنہ ۴۷۹ھ مین
بڑی بھاری فوج لیکر براہ زریا اندلس کے کنارہ پر جا پہنچا اور صوبہ
استرہ مادورا کی طرف کوچ کیا وہان سے الفونزو کو لکھا کہ نیچی شاہی
تم میرے ملک پر آنے کا ارادہ رکھتے ہو پس اسلئے مین خود ہی گیا ہون
تاکہ آپکو تکلیف سفر کی نہو اب یا جزیہ دینا منظور کرو یا مسلمان ہوجاؤ
جسپر وکیل یہہ مراسلہ لیکر الونزو کے پاس گیا اوسنے پہاڑ کر پاؤن کے نیچے
ایلچی کے سامنے وہ مراسلہ رکھکر مل ڈالا اور کہا کہ اپنے بادشاہ سے
یہہ حال مراسلہ کا بیان کرنا اور کہنا کہ میدان جنگ مین زبان شمشیر
سے ہمارے تمہارے سوال و جواب ہون گے چھپ نہ جانا اور
آپ فوج لیکر ناحیہ اراگون سے جلد تر مقابلہ کرنیکو آیا غرضیکہ زلکا
کے میدان مین سخت لڑائی ہوئے الونزو بہت زخمی ہوا رات کو
میدان جنگ سے بھاگ گیا مسلمانون کی فتح ہوئی بعد ازان
یوسف مذکور افریقہ کو مراجعت کر گیا پھر دو برس کے بعد میان
سنہ ۱۰۸۸ع ۱۰۸۱ھ کر سیرین ابن ابوبکر نے دوبارہ لشکر کشی اندلس پر کی سنہ ۴۸۱ھ

اور مسلمانون بادشاہون کو شکست دیکر اندلس کو اپنے قبضہ مین لایا معتمد باللہ
جو اوسوقت وہان کا خلیفہ تہا مقید ہوا

یافعی کا قول ہے کہ اوس عہد مین یوسف ابن تاشقین کی برابر کوئی سلطان
جلیل الشان نہ تہا اور مورخین لکہتے ہین کہ یہہ بادشاہ نہایت بامروت تہا
عفو اوسکا غصہ پر غالب تہا اُسنے عمر بہر کسی پر حکم سیاست کا نہین دیا۔
سنہ ۴۹۹ھ درمیان سنہ ۱۱۰۶ء کے ۹۷ برس کی عمر پاکر فوت ہوا مراقومین کی مدفون سنہ ۱۱۰۶ء
ہوا اوسنے کچہہ اوپر تیس برس بادشاہت کی یہی شخص قبیلہ المرادی کا اول
بادشاہ شمار کیا جاتا ہے اُسکی تمام قلمرو مین المستظہر باللہ عباسی
کا نام خطبہ مین پڑہا جاتا تہا اب سلطنت المراویین کی جبل اُلطارس
سے لیکر سیرا مورینا تک جو اسپین مین ہے پہیل گئی اندلس کا پایہ سلطنت
شہر قرطبہ اسکے وقت مین تہا +

## علی ابن یوسف بن تاشقین

علی ابن یوسف نے اپنے باپ کی جگہہ قرطبہ کی تخت پر جلوس کیا یہہ بادشاہ
شروع مین پابند شریعت کا نہ تہا آخر کو ایسا پابند اور متعصب ہو گیا

کہ امام غزالی کے کمال کا بھی اُسکو اعتقاد نرہا چنانچہ جو کتاب اوسکی
تصنیف سے اُسکو ملتی تھی پھونک دیتا تھا وہ درمیان ۱۱۴۲ھ کے فوت ہوا ۱۱۳۷ھ ۵۳۲ھ

## تاشقین بن علی

اوسکے بعد تاشقین بن علی تخت نشین ہوا اور چند روز کے بعد
عبدالمومن موحد نے ایک نیا خاندان بلقب موحدین قایم کردیا اِس
خاندان نے ۱۱۴۷ھ ۵۴۲ھ مین المرادیین کی ایسی بیخ کنی کی کہ سوائی ۱۱۴۷ھ ۵۴۲ھ
اُنکی نام کے تاریخ کے دفتر مین اور کچھہ نرہا سب نیست ونابود کیگئی

## الموحّدین

۱۱۴۷ھ ۵۴۲ھ سے ۱۲۵۵ھ ۶۵۳ھ تک

ابتدا اِس خاندان کی یون پڑی کہ محمد ابن عبداللہ درمیان شہر
ھرگا کے افریقہ مین پیدا ہوا یہہ شخص ایک غریب آدمی کا بیٹا
تہا اوسکا باپ ایک مسجد مین چراغ جلایا کرتا تہا اُسنے قرطبہ مین
تعلیم پائی وہانکی تحصیل سے جب فارغ ہوا تو اپنا علم بڑہانے کے
لئی قاہرہ اور بغداد مین گیا چنانچہ بغداد مین آکر درمیان مدرسہ

ابوحمید الغزالی کے داخل ہوا اس عالم نے ایک کتاب قانون
ریاست کی تصنیف کی تہی وہ کتاب قرطبہ مین مردود ہوچکی تہی
باعث اسکا یہہ تہا کہ اسکے مطالعہ سے چند اعتراض اسلام پر عاید ہوتے
تہے علی ابن یوسف نے جو بادشاہ قبیلہ المرابی سے شہر قرطبہ
کا تہا اس کتاب کو آگ مین جلوا دیا تہا یہہ حال اس محمدؐ کو خوب معلوم تہا
امام غزالی نے اجنبی آدمی مغرب سے آیا ہوا خیال کرکے پوچہا
کہ تم قرطبہ مین بہی کبہی گئے ہو کیہہ حال میری کتاب کا معلوم ہے کیا
رائے وہان کے علماء نے اوسپر دی محمد ابن عبداللہ نے سب حال
بیان کیا اور کہا کہ علی بادشاہ نے وہ کتاب آگ مین جلوا دی ہے یہہ
سنتے ہی الغزالی دنگ رہ گیا اور اسکی چہرہ کا رنگ بدل گیا اسوقت
اوسکے ہاتہہ مین ایک کتاب تہی اوسکو پہاڑ کر آسمان کی طرف متوجہ
ہوکر یہہ دعا کی کہ خداوندتم بہی اسی طرح کافر علی ابن یوسف کی
بادشاہت کو شق کردو محمد ابن عبداللہ بہی اس دعا مین شریک
ہوا اور اوسنے یہہ دعا کی کہ ای خداوند مجکو اس انتقام کا آلہ بنادو

تین برس تک اوسنے امام غزالی کے مدرسہ مین اور تعلیم پائی پہر
ماوردتیا نیہ کو لوٹ گیا وہان پر بہت تنگی سے بسبب افلاس کے گذارہ
کرتا تہا گہ جہان جاتا تہا اُس بادشاہ علی ابن یوسف کی اور قوم
مراویین کی بدچلنی اور بدعتون کی شکایت اپنے وعظ مین جابجا
کرتا رہتا تہا ایک روز ایک گانون مین گیا وہان پر ایک خوبصورت
جوان مسمی عبدالمومن اوسنے دیکہا یہہ شخص اپنے چچا کے ساتہہ
تحصیل علم کے واسطے مشرق کی طرف جانیکو طیار تہا محمد ابن
عبداللہ نے اوسے کہا کہ جو علم تمکو پڑہنا ہو مجہسے پڑہو مین تمہارا
شوق پورا کرونگا اُسنے مان لیا اور اُسکے ساتہہ ہولیا محمد نے
ایکروز اوسکو کہا کہ ایک پیشین گوئی مین تمکو سناتا ہون وہ
یہہ ہے کہ حکومت فقہ کی تمہارے زمانہ مین شروع ہوگی اسطرح
کے خیالات اوسکے دلمین بٹہلاتا رہا بعدازان عبدالمومن
کو اپنا وزیر بنایا پہر یہہ دونون فاس مین آئے وہان سے
مراکو کی طرف گئے اُس جگہہ پہنچکر ایک مسجد مین جاکر بادشاہ وقت کے

مسند پہ مسجد مین جا بیٹھا مسجد کے خادمون مین سے ایک نے کہا کہ یہہ جگہہ
بادشاہ کی بیٹھنے کی ہے اُسنے نہایت وقار اور سنجیدگی سے جواب دیا کہ
اِنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰہِ - بعد ازان بادشاہ آیا نماز ختم ہوی محمد
ابن عبد اللہ کھڑا ہوکر علی ابن یوسف سے کہنے لگا کہ ظلم اور بدعت
تمہاری ملک مین بہت ہو رہا ہے اسکو جلد تر دفع کرو ورنہ خدا
تمسے اس کا حساب لیگا یہہ سنکر بادشاہ اُسپر ناراض ہوا اور حقارت
سے پیش آیا مگر محمد ابن عبد اللہ نے یہہ چالاکی کی کہ وعظ کہنا شروع
کر دیا اور عوام الناس کو اپنی طرف متوجہ کر لیا اسلئے علی ابن
یوسف نے اہل شعرہ کو جمع کر کے اُسکے قتل کا فتوے مانگا
اہل شعرہ نے نے یہہ فتوے دیا کہ اِسکو شہر بدر کرو چنانچہ محمد ابن
عبد اللہ شہر سے نکالا گیا اور قبرستان مین جاکر اپنے
رہنے کی جگہہ ٹھہرائی اور یہی جگہہ اور اسکی وعظ سننے کی واسطے خلق اللہ
کا ہجوم ہونے لگا اُسنے امام موعود امام مہدی کے پیشین
گوئیان بیان کرنی شروع کین اور یہہ بات ہمیشہ کہتا تہا کہ مین

علی رضہ کی اولاد سے بارھوان امام ہون لوگون کو نجات کا راستہ
دکھلانے آیا ہون ابن ظلم کا زمانہ ختم ہونے والا ہے تمام دنیا مین خوشی
اور نیکی پیدا ہوگی اور ساتھ ہی اسکی مورادیون کے بدیان اور
عیب اور ظلم لوگون کو سناتا تہا اور اپنی متبعین سے بڑی بڑی
وعدے کرتا تہا بادشاہ نے جب یہہ حال سنا اسکی حبس اور قتل کا
حکم نافذ فرمایا یہہ سنکر وہ تمّال کی طرف جو سوس شہر کے
پاس ہے بہاگ گیا ایکروز اسنے عبدالمومن سے کہا کہ یہہ پیشین
گوئی تمہارے لئی ہے اصل مین مہدی اخرالزمان تم ہو چنانچہ
اوسنیو (۵۰) آدمی ایمان لائی اور عبدالمومن کے مہدی
ہونے کا اونہون اقرار کیا بعدازان (۷۰) آدمی اور ایمان
لائے اور اسکی میلع ہوگئی محمد ابن عبداللہ نے دو مجلسین
اہل شعر رہی کی مقرر کین اول مجلس مین وہ لوگ ممبر مقرر ہوے
جو (۵۰) آدمی پہلے ایمان لائی تہی اونکو مہمات جہاد اور کارہاے
بزرگ سپرد کئی گئی - دوسری مجلس مین وہ لوگ (۷۰) داخل

ہوے جنہون نے پہلے ہی بیعت کے تہی انکی سپہ وسلطنت کے خفیف کام
اور فیصلہ مقدمات کے ہوے - بعد ازان پہاڑون کی طرف گیا وہان
پہنچکر خدا کی وحدانیت پر بہت وعظ کہے بیس ہزار آدمی اوسکے ساتھہ ہوگئے
انکو خطاب الموحدین کا اوسنے دیا اسی لفظ سے المحادی انکا لقب
مشہور ہوا ہے اس جمعیت کثیر کا سپہ سالار محمد ابن عبداللہ تہا -
ابو اسحاق ابراہیم بہائی علی ابن یوسف کا یہہ حال دیکہکر
موحدین کے مقابلہ پر آیا اسکو بڑی ہاری شکست ان لوگون نے
دی اور بہت سا مال اور لوٹ کا اسباب موحدین کے ہاتہہ آیا
یہہ حال سنکر دو تین قبیلی اور بہی آکر موحدین کے شامل ہوگئی علی ابن یوسف نے
یہہ حال سنکر اپنے بہائی تمیم کو ہسپانیہ سے بلا لیا اور لشکر گرگی فوج کثیر موحدین کے
مقابلہ کیواسطے پہاڑ کو روانہ کیا تمیم اگرچہ بہ نسبت ابراہیم کے زیادہ کامیاب ہوا
مگر الموحدین کے فرقہ کو شکست نہ دے سکا موحدین نے تلمسان
مین ایک قلعہ آباد کیا اور اوسکی نواح و اطراف مین لوٹ مار شروع
کردی اور شہر مراکو - فیض اور سوای انکی اور بڑے بڑے

شہر اور قصبہ فتح کر لی ٭

تین ۳ برس کے بعد عبدالمومن نے (۳۰۰۰۰) تیس ہزار آدمیون کی فوج
لیکر مراکش پر فتح پائی اور تمام کو مراجعت کی محمد بن عبداللہ
مہدی - اُسکی استقبال کو آیا دوسرے دن ۵ آدمیون
کو مسجد مین بلاکر کچھہ مشورت اور وصیت کرتا رہا پھر اونکو رخصت
کیا عبدالمومن تھوڑی دیر تک اوسکی خدمت مین زیادہ حاضر رہا
مہدی نے اوسکو کتاب الغزالی دی اور آپ انتقال
کر گیا یہہ واقعہ ۵۲۳ھ سنہ ۱۱۲۹ء مین ہوا سنہ ۵۲۳ھ سنہ ۱۱۲۹ء
اوسنے کئی مسئلون کی اصلاح کی تھی مثلاً ایک یہہ کہ گھوڑدون
کی کاٹھیون اور اُونٹون کی رحلون پر خواہ جنگ مین ہون یا سفر مین
نماز پڑھنا جایز ہے اِس مسئلہ سے اونکو یہہ فایدہ حاصل ہوا
کہ اپنے دشمنون پر ہمیشہ غالب رہے - دوسرا مسئلہ یہہ اُسنے
بتلایا کہ اقرار امان کا دیکر پھر اوسکو فسخ کر دینا موقع ضرورت
مین درست ہی اسیطرح اور بہت سے ہین ٭

بعد مرنی المہدی کے روسا الموحدی جمع ہوے مشورت ہوئی کہ
آیا جمہوری سلطنت جاری ہو یا ایک شخص بادشاہ مقرر کیا جاوے آخر کو یہہ
فیصلہ ہوا کہ ایک امام ہونا چاہئے چنانچہ عبدالمومن کو امام بنایا اور
امیرالمومنین کا خطاب دیا گیا +

## امیرالمومنین عبدالمومن الموحدی

بعد وفات محمد ابن عبداللہ کے عبدالمومن تخت نشین ہوا اور
سرگرمی سے جہادون مین مشغول رہا اوسنے تین سال کے عرصہ مین
مراویون کی سلطنت کی بیخ کنی بالکل کر دی اور کئی شہر افریقہ مین
فتح کئے مراکو جو دارالسلطنت مراویون کا تہا اوسکا محاصرہ بذات خود کیا
اور ابوعمران کو لشکر دیکر اندلوشیا کی فتح کے لئے بہیجا اس عرصہ
مین بہت امیر ہسپانیہ کے عبدالمومن سے ملگئے نامہ اور پیغام جانبین
کے آچکے تہے مگر محاصرہ مراکو کا ہو رہا تہا اسلئے دیر ہوی باشندگان
مراکو نے بہت بہادری اور کوشش اس محاصرہ کے اٹہانے کے واسطے
ظاہر کین پر موحدیون نے قسم کہالی کہ جبتک شہر کو فتح نکرین محاصرہ

نہ اُٹھا دین گے اِس سبب سے شہر مین قحط پڑ گیا تین حصے باشندگان کے بھوک کے
مارے مر گئے باقی چوتھا حصہ محاصرہ کرنے والون کو روک نہ سکا ۱۱۳۸ھ ۱۱۴۸ھ ۵۴۳ھ
مین شہر فتح ہوا ابراہیم بادشاہ وہان کا قتل کیا گیا اور باقی باشندے
بڑی بیرحمی سے مارے گئے اور شہر کو اُجاڑ کر خاک مین ملا دیا ایک مؤرخ
کہتا ہے کہ عبدالمومن نے اپنی قسم پوری کرنے کے واسطے یہہ بےرحمی
کی تہی پہر اوس شہر کی تعمیر کر دائی اور صحرائی لوگ وہان لاکر بسائے
بعد ازان ہسپانیہ پر موحدین نے فتح پائی مگر اسپر بہی قانع نہوئے چنانچہ
۱۱۶۱ھ ۱۱۶۱ھ ۵۵۶ھ ۵۵۷ھ مین ایک لاکھ سوار اور تین لاکھ پیادے ہمراہ لیکر مستعد جہاد
کے ہوے پر ملک الموت اِن ارادون کو دیکہکر ہنستا تہا کہ ناگاہ عبدالمومن
۱۱۶۲ھ ۱۱۶۲ھ ۵۵۸ھ ۵۵۸ھ خود ہی ۱۱۶۲ھ مین موت کے پنجہ مین پہنس گیا

## یوسف ابو یعقوب المنصور

یوسف ابو یعقوب چہوٹا بیٹا عبدالمومن کا باپ کی جگہہ تخت نشین
ہوا پر اوسمین باپ کا سا حوصلہ نہ تہا صلح کی طرف اوسکی طبیعت
۱۱۶۳ھ ۱۱۶۳ھ ۵۵۸ھ ۵۶۳ھ زیادہ راغب تہی اوسنے رعایا مین امن قایم کیا اور فوج کم کر دی

سنہ ۶۶۶ھ سنہ ۱۲۶۷ء | مین ہسپانیہ پر چڑھائی کی اور ۶۶۶ھ مین کیسٹل کے بادشاہ سے لڑا اور سکو شکست
دی اور سب مقیدین کو رہا کر دیا یہہ بات آجتک کسی مسلمان بادشاہ نے نہ کی تہی
بعد ازان میڈرڈ دار السلطنت ہسپانیہ کی اور سوا اسکے اور کئی شہر فتح کرکے
سنہ ۶۹۹ھ سنہ ۱۲۹۹ء | اہل یورپ کو مراجعت کی یہہ بادشاہ اپنی موت سے دریان ۶۹۹ھ کے ۱۲۹۹ء کے
فوت ہوا +

## محمد ابو عبد اللہ ناصر الدین اللہ

بعد وفات پانے یوسف کے اوسکا بیٹا محمد بادشاہ ہوا اگرچہ وہ کم زور اور
پست ہمت بادشاہ تہا پہر بہی اوسنے اسقدر فوج جمع کی تہی کہ بموجب بیان
عربی اور ہسپانی مورخون کے پانچوان حصہ اوسکی فوج کا ایک لاکہ ساٹہ ہزار
ہزار آدمیون کا تہا یہہ حال سنکر تمام یورپ مین بڑا خوف پیدا ہوا اور تمام
عیسائی حکام بموجب اشتعا لک یورپ کے مستعد جہاد کرنے پر ہوے
چنانچہ کیسٹل جدید اور اندولیشیا کی پہاڑون پر عیسائی لوگون نے
آکر ڈیرہ کیا اور بڑی خونریزی ہوئی بعد تباہی اور خونریزی کے
محمد ابو عبد اللہ مراکو کو مراجعت کرکے آیا اور وہان آکر اپنی بیٹی

یوسف ثانی کو جو ابھی گیارہ برس کی عمر کا تھا تخت پر بٹھلا دیا اور آپ عیش
سنہ ٦١٣ ع ١٢١٣ و عشرت میں مصروف ہوا اسی جگہ درمیان سنہ ٦٢٠ ھ ١٢٢٣ ع کے ماہ جولائی میں
وفات پائی مورخ لکھتے ہیں کہ اغلب یہہ ہے کہ کسینے اوسکو زہر دیا تھا

## یوسف ثانی ابو یعقوب

یہہ بادشاہ گیارہ برس کی عمر میں تخت پر بیٹھا اور اسنے بڑی تکلیفیں اور
سنہ ٦٢١ ع ١٢٢٤ مصیبتیں اُٹھائیں وہ درمیان ماہ جنوری سنہ ٦٣١ ھ ١٢٣٣ ع کے بے اولاد
فوت ہوا ؛

## ابو مالک عبد الوحید

بعد مرنے یوسف ثانی کے موحدین کے بادشاہت کو تنزل شروع ہوا
اوسکے بعد ابو مالک عبد الوحید بادشاہ ہوا چند مہینے سلطنت کرنے
پایا تھا کہ بعد ہزارہا تنازع اور فساد دن کے عبد اللہ ابو محمد
سنہ ٦٢٤ ھ نے درمیان سنہ ١٢٢٧ ع ١٢٢٦ کے اوسکو قتل کر ڈالا +

## المامون ابو علی

المامون ابو علی دیلنشیا کے حاکم کا بھائی بادشاہ بجای ابو مالک کے

ہوا اوسنے برخلاف مہدی کے ایک کتاب تصنیف کی تہی جو لوگ مخالف اوس عقیدہ کے تہے
اونہون نے اوسکو تخت سے اتار دیا اور یحییٰ ابن ناصر کو بادشاہ بنا لیا المامون
نے اوسسے مقابلہ کیا اور شکست دی پہر مراکو مین جاکر تمام اہل حربی
اور اوسکے معاونون کو جمع کرکے سبکو قتل کر ڈالا ھسپانیہ مین موقع پاکر
ابن حوت اُسکا حریف کہڑا ہوگیا اور اپنے تئین حاکم وہان کا قرار دیا اور
موحدین کی حکومت سے آزادی حاصل کی المامون درمیان سنہ ۱۲۳۱ کے
بقصای الٰہی فوت ہوگیا اب ھسپانیہ کی حکومت نہایت تنزل پکڑ گئی محمد
نے جو مامون کی جگہہ تخت نشین ہوا تہا بیفائدہ موحدین مین پہر اپنی حکومت
قایم کرنے کے لئے کوشش کی کیونکہ بی نیل مرام اوسکو وہانسے واپس آنا پڑا
ابن حوت کی حکومت اراگان اور انڈلوشیا مین تہی - محمد ابن ہود حاکم
کرنادا کا تہا چونکہ اونمین آپسکی نااتفاقی اور خانہ جنگی اور فساد قایم ہوا
تہا اسلئے وہ قابل اسکی نہ رہی کہ عیسائیون کا مقابلہ کر سکین کارڈووا
جو اسلام کا دارالسلطنت تہا عیسائیون کے قبضہ مین درمیان سنہ ۱۲۳۶ کے
آگیا اور تمام قلعے اور بڑے بڑے شہر اہل فرنگ نے فتح کر لئے محمد

۱۲۴۸ء ۶۴۶ھ ابن عمر گرنناڈا کا بادشاہ درمیان ۱۲۴۸ء ۶۴۶ھ کے عیسائیون کے
زیر حکم ہوگیا اور شہر سیول بہی عیسائیون نے فتح کرلیا محمد ابن عمر
گرنناڈا کا بادشاہ ماتحت حکومت فردانند کے ہوکر مطمین ہوگیا
کہ جبتک فردانند زندہ ہے امن سے حکومت کرونگا الفنو د ہم جیسا اپنے باپ
فردانند کی جگہہ پر کیسل کا بادشاہ ہوا اوسوقت پہر لڑائی محمد ابن عمر سے
شروع ہوئی آخر کو درمیان ۱۲۶۶ء ۶۶۵ھ کے بیچ بچاو ہوکر صلح ہوگئی
۱۲۷۲ء ۶۷۲ھ آخر کار محمد بن عمر ماہ جنوری ۱۲۷۲ء ۶۷۰ھ مین فوت ہوا ۔

## محمد ثانی

جیسا یہہ اپنے باپ محمد ابن عمر کی جگہہ تخت نشین ہوا اوسکے عہد مین پہر مسلمانون
نے ارادہ کیا کہ ملک ھسپانیہ مین اپنی حکومت کا جہنڈا قایم کرین چنانچہ
۱۲۷۵ء ۶۷۴ھ مین فیض اور مراکو کی بادشاہ ابو یوسف نے بڑی فوج جمع
کی اور ھسپانیہ مین جا اوترا اول اول تو کچہہ فتح پائی پر آخر کو مایوس ہوکر
اپنے ملک کو واپس چلا آیا محمد کا یہہ ارادہ بیشک تہا کہ جو ملک اسکے باپ نے
اپنے قبضہ سے کہوئے تہے پہر اونکو فتح کرے اسلئے ۲۹ برس تک عیسائیون سے

لڑائی پر کچھ نہو سکا وہ ۱۳۰۲ھ مین فوت ہوا +

## محمد ثالث ابو عبداللہ

بعد وفات محمد ثانی کے اُسکا بیٹا محمد ثالث بادشاہ ہوا یہہ شخص نہایت بدقسمت تہا نہ صرف اِسواسطے کہ اوسکی رعایا بالمیرہ اور گادکس کی اوسی پہر گئی تہی بلکہ عیسائیون سے بھی مقابلہ کرکے درمیان ۱۳۰۲ھ کے جبل الطارق اپنے ہاتہہ سے دے بیٹہا جب وہ بالمیرہ سے ناکام ہوکر گرنٹا د کو واپس آیا سب رعایا اور ارکین سلطنت کو اپنے سے ناراض پایا اسلئے وہ حکومت سے دستبردار ہوا اور اپنے بہائی ناصر کو تخت سپرد کردیا +

## الناصر

ناصر کی اقبال کا ستارہ اوج پر تہا اوسنے بالمیرہ کا محاصرہ کیا اور سونا کو جو اوبقہ مین ہے فتح کیا مگر وہ ہی لوگ جو اوسی پہلے خوش تھے اور اونہون نے اُسکو تخت پر بیٹہلایا تہا اونہون نے ہی اوسکو تخت سے اُتار دیا ۱۳۱۴ھ مین اسمعیل ابن فرج کو تخت پر بیٹہلایا ناصر نے اگرچہ بڑی کوشش بہر تخت پانی کی کی اور لڑائیان بہی لڑا پر کچھہ نہو سکا مجبور ہوکر دست بردار ہوا +

# اسمعیل ابن فرج

اسکی کنیت ابوالولید تہی یہہ شخص خنگی اور ملکی کام مین بہت لیاقت اور شعور رکہتا تہا

سنہ ١٣١٩ع / ٧١٩ھ اگرچہ جبل طارق عیسائیون سے نہ لیسکا پر سنہ ١٣١٩ع / ٧١٩ھ مین سخت لڑائیان

عیسائیون سے لڑا اور فتحیاب ہوا اور درمیان سنہ ١٣٢٥ع / ٧٢٥ھ کے مارتس اور

بان اوسنی فتح کرلی اور مشرق مین مرشیا کی بادشاہت فتح کرلی پر اندرونی

فسادون سے وہ بھی آزاد نہوا - محمد ایک بادشاہ زادہ بسبب بی عزت

ہونے کے ہمیشہ یہہ جانتا تہا کہ اوسی اپنا بدلا ایک روز موقع پاکر جسکہ اسمعیل

سنہ ١٣٢٥ع / ٧٢٥ھ اپنے وزیر اعظم کے ساتہہ ٹہل رہا تہا دفعتہً حملہ کرکے درمیان سنہ ١٣٢٥ع / ٧٢٥ھ کے

اسکو معہ وزیر اعظم اور مرزمان ہمراہی کے قتل کرڈالا اب ملوک ہسپانیہ کا خاتمہ ہوگیا

# سلاطین غرناطہ

سنہ ١٣٢٥ع / ٧٢٥ھ سے سنہ ١٤٧١ع / ٨٧٦ھ تک

اسمعیل ابن فرج کے مقتول ہونے کے بعد اوسکا بیٹا محمد چہارم غرنا

طہ کے تخت پر بیٹہا مگر اوسکی حکومت چندان کامیاب نہوئی عثمان سپہ سالار

نے سرکشی کرکے محمد ابن فرج کو بادشاہ بنادیا اور افریقہ سے فوج لاکر

الجسیراس - ماربیلا اور رونڈا شہر فتح کئے مگر محمد کے آخر عہد مین اُسکی فوج نے
یہہ کارنمایان کیا کہ ۷۲۹ھ/۱۳۲۹ء مین مشہور شہر بَبْنا فتح کیا اور ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء مین جبل الطارق ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء
کو مسخر کیا اور تمام سرکش صوبون کے فرمان بردار کرنے مین کامیاب ہوا جبکہ ابو الحسن
بادشاہ سے ملاقات کو محمد جاتا تہا جبل الطارق پر درمیان ۷۳۳ھ/۱۳۳۳ء کے مارا گیا ۷۳۳ھ/۱۳۳۳ء

## یوسف ابو الحجاز

جو اپنے بہائی محمد کے مرنے کے وقت غرناطہ مین موجود تہا تخت کا مالک ہوا
مورخین عرب اس بادشاہ کی بہت تعریف کرتے ہین اور کہتے ہین کہ وہ حلیم الطبع محب الوطن
اور تمام سلاطین غرناطہ سے مشہور اور نامور گذرا ہے زمانہ امن مین وہ انصاف
اور علم طبعی اور سوا اسکے اور فنون کی ترقی کرنے مین اور رفاہ عام کے کامون مین
مصروف رہتا تہا اس بادشاہ کے عہد مین افریقہ والون نے پرتگیز کی سلطنت
اسلامیہ قایم کرنیکی لئی آخری حملہ ابو الحسین بادشاہ افریقہ کے وقت مین کیا
اور پرتگال کے لوگون سے اکتوبر ۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء مین دریای تلوڈو کے کنارہ پر مقابل ۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء
ہوا فوج افریقہ کی تتر بتر ہوگئی اور بہت نقصان اوٹہایا انکی عورتین اور
بہت سا اسباب لوٹ عیسائیون کے ہاتہہ آیا بعد اس فتح کے جو عیسائیون نے

سنہ ۱۳۴۳ء کی تہی الجسیرس درمیان سنہ ۱۳۴۳ء کے اور گئی مشہور شہر سنہ ۱۳۴۴ء مین مسلمانون کے سنہ ۷۴۳ھ
ہاتھہ سے نکل گئی اس سبب غرناطہ کی سلطنت بہی تنزل پر آگئی یوسف
سنہ ۱۳۵۲ء ابوالحجاز بہی اپنے بزرگون کی مانند ماہ دسمبر سنہ ۱۳۵۲ء مین ایک پاگل آدمی کے سنہ ۷۵۳ھ
ہاتھہ سے مارا گیا +

## محمد پنجم ابن یوسف

اُسکے بعد محمد پنجم بڑا بیٹا یوسف کا تخت نشین ہوا اُسمین باپ کی سب نیکیان اور
قابلیتین پائی جاتی تہین اُسنے عیسائیون سے صلح کرکے اپنا تمام خیال رعیت کی
بہبودی اور ترقی کی طرف مصروف کیا مگر بسبب آئی دن کی سرکشیون کے اِس
نیک خیال کو پورا نکر سکا کئی ایک ناراض حاکم جو اسکی سخت حکمون سے ناخوش ہوگئے
سنہ ۱۳۵۹ء تہے اُسکے بہائی اسمعیل کو بادشاہ بنانے کی نیت پر درمیان سنہ ۱۳۵۹ء کے سنہ ۷۶۰ھ
محمد مذکور کے محل مین گہس گئے اور سپاہیان خاصہ کو قتل کر ڈالا محمد پنجم
نے جب دیکہا کہ اب اپنی جان پر آبنی ہے مجبور ہوکر اسمعیل کو تخت
دیدیا اور آپ دست بردار ہوگیا +

## اسمعیل دوم ابن یوسف

اسمعیل دوم بھی بہت دنون سلطنت نہ کرنے پایا چنانچہ ابھی ایک بہی برس حکومت کو
نہ ہوا تھا کہ ایک رئیس ابوسعید نام نے اُسکا محاصرہ الحمایر پر کیا اور فوراً قید کرکے آخر ماہ
جولای ۱۳۶۰ء مین اُسکو قتل کرڈالا یہہ وہی ابوسعید ہی جسنے اسمعیل کو تخت دلانے کے واسطے ۷۷۱ھ سنہ ۱۳۶۰ء
بہت مدد دی تھی ابوسعید بھی اپنی غابازی کا میوہ مدت تک نہ کھا سکا جبکہ وہ
پڈرو حاکم کیسل ملقب ظالم اور محمد پنجم سی جو تخت سی اوتارا گیا تھا لڑرہا تہا یہہ سوچکر
کہ دو دشمنون سی مقابلہ اکیلا آدمی نہین کرسکتا حاکم کیسل سی ملاقات کو گیا اور اس شرط پر
صلح منظور کی کہ مین اس بادشاہت پر قابض رہون اور میری نسل مین پشت بہ پشت یہ ملک
بطور جاگیر کے دایم رہی چنانچہ اسی منشا پر فوج کیسل سے راہ لیکر تھوڑے
سپاہی اپنی ہمراہ لئے حاکم کیسل کے روبرو گیا مگر پڈرو نی صلح نہ کی یا
تو اس سبب سی کہ وہ زر جو ابوسعید نے پڈرو کو دینا کیا تھا کم تھا
یا یہہ کہ محمد پنجم اُسکا قدیمی دوست تہا اُسی ملا ہوگا اسلئے اُسنے بلالحاظ مہمان
نوازی کی ابوسعید کو قتل کروا ڈالا اُسکے مارے جانے کے بعد
غرناطہ کا تخت پھر اصلی حقدار کی قبضہ مین آگیا محمد پنجم پھر تخت نشین ہوا
اور باقی عمر اُسنے بڑی تکلیفون مین گذاری اُسنے پھر الجسیرس شہر کو درمیان

سنہ ۱۳۷۰ء سنہ ۷۷۱ھ ۱۳۷۱ء کے فتح کیا اور ۱۳۹۱ء ۷۹۳ھ مین بقضاے آلہی فوت ہوا

## یوسف ثانی ابو عمید ابن محمد ثالث

یوسف دوم ملقب ابو عمید اپنے باپ کی جگہہ تخت نشین ہوا اِس تخت نشینی کے بعد قریب تھا کہ اُسکا بیٹا محمد اُسے قتل کروادے مگر خدا نے اُسکو بچا لیا سبب اِسکا یہ تھا محمد نے اپنے باپ پر یہہ الزام لگایا تھا کہ وہ عیسائیون سے ملا ہوا ہے اور اُنسے دوستی رکھتا ہے اس تہمت سے اُسنے اپنے باپ کے

سنہ ۱۳۹۱ء سنہ ۷۹۳ھ برخلاف فوج جمع کی یہ حال دیکھکر یوسف نے ۱۳۹۱ء ۷۹۳ھ مین مرشیا کے مقام

سنہ ۱۳۹۴ء سنہ ۷۹۵ھ اُسپر حملہ کیا مگر کامیاب نہوسکا ۱۳۹۴ء ۷۹۵ھ مین اُسکی قسمت نے پھر یہہ مدد کی کہ القنطارہ کا حاکم بادشاہ غرناطہ کی مدد کو آگیا جسکی فوج مع

سنہ ۱۳۹۸ء سنہ ۷۹۹ھ اُسکی اِسمقام پر مقتول ہوی یوسف مذکور ۱۳۹۸ء ۷۹۹ھ مین فوت ہوا اُسکی لاش سے علامت زہر کی ظاہر تھی شائد زہر دیکر مارا گیا

## محمد ششم

یوسف کے بعد محمد ششم جسنے اپنے باپ پر سرکشی کی تھی اپنے بڑے بھائی یوسف سوم کا حق چھین کر آپ بادشاہ بن گیا اور اپنے بھائی

کوسلو برینا کے قلعہ مین مقید کیا پہلے سال تو وہ عیسائیون سے صلح اور
ملاقات سے پیش آیا چنانچہ الزک سوم جو ٹولیڈو کا حاکم تھا اُسی بھی
ملاقات کرنے گیا تھا مگر دوسرے برس اُسنے عیسائیون سے جنگ وجدل
کرنا شروع کر دیا چنانچہ درمیان سنہ ۱۳۹۹ء کے امونٹی کا قلعہ مسلمانون
کے ہاتھ آگیا اور فوج عیسوی کو کاڈیانہ پر شکست دی مگر یہہ فتوحات
زہرہ اور سوار اُسکے اور شہرون کو اپنے ہاتھ سے کھونے
سنہ ۸۱۹ھ کے برابر ہوگئین کیونکہ فرڈانند نے سنہ ۱۴۱۶ء یعنی سنہ ۸۱۹ھ مین سب ریاستین مسلمانون سنہ ۱۴۱۶ء
کی چھین کر تمام ملک کو اپنے قبضہ مین کر لیا تھا اُسکا بیان آگے آتا ہی
سنہ ۸۱۲ھ محمد ششم درمیان سنہ ۱۴۱۰ء یعنی سنہ ۸۱۲ھ کے فوت ہوا سنہ ۱۴۱۰ء

## یوسف سوم

بعد وفات محمد کے اُسکا بڑا بھائی یوسف سوم جو قید مین تھا بادشاہ
سنہ ۸۱۹ھ ہوا اُسنے چودہ برس تک بڑی امن سے حکومت کی سنہ ۱۴۱۶ء یعنی سنہ ۸۱۹ھ سنہ ۱۴۱۶ء
سب عیسائیون نے متفق ہوکر فرڈانند کے ماتحت ہوکر فساد برپا
سنہ ۸۲۴ھ کیا اور مسلمانون سے انتقیرا چھین لیا یوسف مذکور سنہ ۱۴۲۴ء یعنی سنہ ۸۲۴ھ سنہ ۱۴۲۴ء

مین فوت ہوا ٭

## محمد ہفتم بن یوسف سوم

اُسکے بعد اُسکا بیٹا محمد ہفتم تخت کا مالک ہوا اُسنے تخت نشینی کے بعد عیسائیون سے صلح کرلی اس سبب تمام رعایا اُسسے بیزار ہوگئی سوا اِسکے بیہہ بیوفی کی کہ میلے اور تماشے جو شہر مین ہوا کرتے تھے سب بند کردئے اُسکا انجام بیہہ ہوا کہ غرناطہ مین سرکشی اور بغاوت پیدا ہوئی اُسکے محلپر باغیون نے حملہ کیا اور دروازہ توڑکر اندر گھس گئے وہ بھاگ کر ٹونس کے سلطان کے پاس پہنچا اور اُسنے

سنہ ۱۴۲۸ء پناہ لی بیہہ واردات ۱۴۲۸ء سنہ ۸۳۱ھ مین ہوئی تھی ٭

## محمد ہشتم

خالی تخت پاکر محمد ہشتم بادشاہ بن بیٹھا محمد ہفتم جو تخت سے اُتارا گیا تھا وہ ٹونس سے فوج لیکر انڈلیوسیا مین اور غرناطہ مین داخل ہوکر اُسکے محل کا محاصرہ کیا بعد اُسکے قتل کرنے کے بادشاہ ہوا پر محمد ہفتم کی تقدیر مین پھر دوبارہ تخت کا کھونا لکھا تھا

اسلئے یوسف ابن العمر نے جو غرناطہ کے اول بادشاہون کی اولاد سے
تھا جو نادوم عیسائی بادشاہ سے ملکر محمد پر فوج کشی کی اور
۸۳۰ھ اُسکے لشکر کو شکست دی ۸۳۰ھ ۱۴۳۰ء مین درمیان غرناطہ کے داخل ۱۴۳۰ء
ہوا اور تخت کا مالک ہوگیا محمد ہفتم پھر ملاگا کی طرف پناہ
لینے گیا ٭

## یوسف چہارم

اُسکے بعد یوسف چہارم تخت نشین ہوا مگر چھ مہینے کے بعد
۸۴۶ھ ۸۴۶ھ ۱۴۴۵ء مین فوت ہوگیا محمد ہفتم جو ملاگا مین رہتا تھا تیسری دفعہ ۱۴۴۵ء
پھر بادشاہ ہوا تب بھی اُسکو امن سے راج کرنا نہ ملا کیونکہ لوگون
۸۴۶ھ نے درمیان ۸۴۶ھ ۱۴۴۵ء کے محمد کو گرفتار کرکے قید کر دیا جہان پر ۱۴۴۵ء
وہ ساری عمر قید رہا اور اُسی جگہہ وفات پائی ٭

## محمد نہم

اُسکے بعد محمد نہم بادشاہ ہوا لیکن کیسل کے بادشاہ نے اِس
تخت کا ایک جدید حقدار کھڑا کر دیا تھا جسکا کچھہ بھی محمد نہم نہ کرسکا

چار یا پانچ برس تک عیسائیون کے حملے اور ملکی لڑائی جاری
رہی آخر کار باغیون نے عیسائی بادشاہ جونا سے مدد لیکر
غرناطہ پر حملہ کیا اور محمد ہفتم کی لشکر کو شکست دیکر دار الخلافت
مین گھس گئے محمد ہفتم اُسوقت بیس بدلکر اُنکے ہاتھ سے بچکر بھاگ گیا

## محمد دہم

اُسکے بعد محمد دہم تخت نشین ہوا اکیس برس تک اُسنے امن چین سے حکومت
کی اُسکے وقت مین کوئی سرکشی ایسی نہ ہوئی جو موجب تخت کے کھونے کی
ہو مگر اب غرناطہ کی حکومت انجام کو پہنچ گئی تھی مشیت ایزدی کو
یہہ ملک عیسائیون کے قبضہ مین کرنا منظور تھا ۱۴۶۰ء / ۸۶۴ھ مین عیسائیون
نے جبل طارق اور اَرکیدونہ اور تمام اُن شہرون کو جو
ان دونون کے درمیان مین تھے فتح کر لئے اور حملات سرحدی نے
اور بھی زیادہ اِس حکومت سلطانی کو کمزور کر دیا ۱۴۶۳ء / ۸۶۷ھ مین یہ
صلاح ہوئی کہ مسلمان بادشاہ غرناطہ کا ماتحت بادشاہ کیسل کے رہا
کرے اور ایک ہزار دوسو پستل[1] سالانہ مسلمان بادشاہ کیسل کے

[1] پستل ایک سکہ طلائی ہے۔

۸۶۶ھ عیسائی بادشاہ کو بطور نذر دیا کرے محمد دھم درمیان ۸۶۶ھ کی ۱۴۶۱ء
مرگیا ۔

## مولا علی ابوالحسین ابن محمد دھم

مولا علي بڑا بیٹا محمد دھم کا تھا بعد وفات اپنے والد کے اُسکی تخت پہ
۸۷۰ھ بیٹھا بادشاہت کی صورت روز بروز تنزل پکڑتی جاتی تھی ۸۷۰ھ ۱۴۶۵ء
مین ملاگا کا حاکم سرکش ہوکر آخکار کیسل کی بادشاہ کا مطیع ہوگیا
غرناطہ اور حرم سرا مین ایسی نزاع اور فساد برپا ہوے جنسی سلطان
کی بادشاہت انجام کو پہنچ گئی چنانچہ علیشاء سلطانہ ابوعبداللہ
کی والدہ بادشاہ کی اور جورون سے نفرت رکھتی تھی خصوصاً زورایا
سے جوھسپانیہ کی باشندہ تھی اس سبب سی ارگان اور کیسل
کے بادشاہ موقع پاکر غرناطہ کی سلطنت برباد کرنی پر مستحکم ہوگئی اسی
۸۸۶ھ اثنا رمین ابوالحسین کے سپہ سالار نے شہر ظہرہ کو درمیان ۸۸۶ھ ۱۴۸۱ء
کے فتح کرلیا تھا یہہ وجہ لڑائی کی عیسائیون سے پیدا ہوئی اور
۸۸۷ھ عیسایون نے ۸۸۷ھ مین شہہ البنادہ فتح کرلیا اسے بادشاہت ۱۴۸۲ء

اہل اسلام کی پشت ٹوٹ گئی بعد ازان ایک سال کے عرصہ مین بہت
سے قلعے عیسائیون نے فتح کئے اسی اثنا مین غرناطہ مین فساد
اور جھگڑے خانگی برپا ہو گئے چنانچہ ابو الحسین کی دونون جورون
نے آپس مین لڑائی ٹھان دی علیشاء کی مدد پر زگرلیس اور
زورایا کی مدد پر بنی سراج تھے ایک عورت انمین سے بلنبرا
مین دوسری الیانہ مین رہتی تھی ان فسادون کے سبب غرناطہ
مین بڑی خونریزی ہوئی اگرچہ ابو عبد اللہ اپنے باپ کو تخت سے اتار
سنہ ۸۸۴ھ دینے مین کامیاب ہوا مگر خود مقام نہ لوگا پر درمیان سنہ ۸۸۳ھ سنہ ۸۸۴ھ کے
اہل غرناطہ کی قید مین آگیا اسلئے ابو الحسین پھر تھوڑے دنون کے
لئے تخت نشین رہا کیونکہ ابو عبد اللہ قید سے رہائی پاکر پھر اپنے
بوڑھے باپ سے تخت لینے کی لئے تنازع کرنے لگا آخر کو
غرناطہ کے باشندون نے باپ اور بیٹے کو آپس مین لڑنے کی
اجازت دیدی اور شہر کا بادشاہ عبد اللہ ذاغل بنا لیا اسی
عرصہ مین فردانند عیسائی بادشاہ شہرون کو فتح کرتا ہوا آ

سنہ ۸۸۴ھ سنہ ۱۴۸۴ء پہنچا اور ماہ جون سنہ ۸۸۵ھ سنہ ۱۴۸۴ء مین الوده اور سٹینل کا محاصرہ کیا
دو لڑائیان مسلمانون سے لڑا اور اُنکو شکست دی سنہ ۸۸۵ھ سنہ ۱۴۸۵ء مین
رونڈا - ماربیلا - کائن - وغیرہ شہرون پہ قبضہ اپنا کر لیا
سنہ ۸۸۶ھ اور شہر لاکسا کو سنہ ۸۸۶ھ سنہ ۱۴۸۶ء مین عیسائیون نے فتح کیا اور دوسری سنہ ۱۴۸۶ء
لڑائی مین شہر ملاگا فتح ہوا ان فتوحات کو دیکھہ کر بھی مسلمان لوگ
نہ جاگے خواب غفلت مین پڑے سوئے رہے اور ابو عبد الله
صغیر نے ابو عبد الله زاغل کو غائب پاکر اُسکا تخت چھین لیا
یہہ بادشاہ هسپانیہ کی تواریخ مین آخری بادشاہ غرناطہ گذرا ہی
سنہ ۸۹۶ھ سنہ ۱۴۹۱ء سنہ ۸۹۶ھ سنہ ۱۴۹۱ء مین درمیان موسم بہار کے فرڈیننڈ بادشاہ نے غرناطہ
کا محاصرہ کیا اور ایک سال کے محاصرہ کے بعد اُسکو فتح کر لیا
اور مسجد الحمرا مین عیسائی جھنڈا ملنے لگا یہہ بادشاہت
اہل اسلام کی جو آٹھہ صدی تک رہی اس طور پہ اب ختم ہو گئی
اس ملک هسپانیہ مین خاندان بنی امیہ نے سنہ ۳۱۶ھ سنہ ۹۲۹ء تک
حکومت کی اور شہر غرناطہ مین سنہ ۸۹۷ھ سنہ ۱۴۹۲ء تک رہ سکے عیسوی بادشاہ

فرد انند انکو وہان سی نکالدیا اور باقی جو مسلمان وہان رہ گئے تھے
اُنکو جبراً عیسائی بنایا اور اُنکو مورسکو (یعنے نسل اہل مور) لقب
دیا اگرچہ یہہ لوگ عیسائی ہو گئے تھے پر دلمین مسلمان ہی تھے جبتک
کہ فیلپ بادشاہ ظالم تخت نشین ہوا یہی حال رہا فیلپ نے
یہہ ظلم کیا کہ اپنے دلمین پختہ ارادہ کر لیا کہ انکو باتون مین عیسائی
پکی بنالون گا یا اِس ملک سے ان کو نکالدونگا چنانچہ درمیان
سنہ ۱۵۶۱ء سنہ ۱۵۷۱ء سنہ ۹۷۸ھ کے بہت بہاری خونریزی ہوئی ان مخفی مسلمانون سی
جو نہایت تابعداری اور محنت سے نیک نام تھے زبردستی فساد
کرکے (۱۰۰۰۰۰) ایک لاکھہ آدمی کے قریب جلاوطن کر دئی
تب بھی بہت لوگ ایسے رہ گئے تھے کہ ظاہر مین عیسائی تھے پر
دلمین مسلمان تھے فیلپ ثالث نے اُنکو بھی نکالدیا چنانچہ
دس لاکھہ آدمیون نے اُس ملک سے ہجرت کی اور جانب
شمال افریقہ کے جا بسے وہان پر ان لوگون نے چور ہی سمندر
مین کرنی شروع کر دی جو جہاز عیسائیون کا پاتے اُسکو لوٹ

لیتی تھی اس طور پر اپنا انتقام لیتے تھے چنانچہ کئی سو برس تک یورپ
کی تجارت کو بہت نقصان ہوتا رہا

زبان حال جو ہسپانیہ مین رائج ہے اُس مین بہت الفاظ
عربی کے ملے ہوے ہین اور کئی شہرون کے نام عربی اثر کی
گواہ ہین وہ مسلمان مور و عرب جو ہسپانیہ سے نکالے گئے
تھے متعصب نہ تھے اور جس دن سے وہ نکالے گئے ہین
آجتک وہ رونق اس ملک ہسپانیہ پر نہین ہے فقط

## تجارت

بعد فتح ہونے — شام - ایران — افریقہ اور
ہسپانیہ کے عربون کے توجہ تجارت — کی طرف بہت زیادہ
مصروف ہوئی اور اُنہون نے یہہ مناسب سمجھا کہ جن جن مقامون
پر تجارت کو رونق زیادہ ہو وہان مذہب اسلام پھیلایا جاوے
کیونکہ پھیلانا ایک مذہب اور ایک زبان کا تجارت اور
سفر کے واسطے نہایت مفید تھا اور مصارف شان و شوکت

خلفاء عباسیہ اور اہل بغداد نے زیادہ تر رغبت سوداگرون
کو ہندوستان مین آنے کی دی چنانچہ قبل سنہ ۸۰۰ء کے اہل عرب
نے کئی جگہہ ہندوستان مین آکر اقامت اختیار کی اور کئی راجہ ہند
کے رفتہ رفتہ مسلمان ہوگئے اور پھر اہل عرب جزایر ہند مین
داخل ہوے چنانچہ سیلون — سمطرہ جاوا سلبس
بلکہ چین مین بھی پہنچے - اور کاروان عرب شمال کی طرف
ہوکر تاتار اور سیبریہ تک آے - افریقہ مین دریای
نیگر تک گئے جہان سنہ ۹۲۰ء مین کئی ملک اہل اسلام کے سنہ ۳۰۰
مقرر ہوگئے چنانچہ ملک گانا ملک ونگرہ تکرور
کوکو بعد ازان سناآر درفود برنو
تمبکتو اور ملی جو کہ ساحل افریقہ پر واقع
تہے پھر آبناء باب المندب سے زنگبار تک پہنچ گئے اور
مقامات مفصلہ ذیل پر بندرگاہ مسلمانون کی بنائے گئے مقدشو
ملندہ - سوناﻻ - گلو - مزنبیق اور پھر جزیرہ

میڈیٹرینین غاسکر کو گئے بلکہ انکا حوصلہ اس درجہ تک پہنچ گیا تھا
کہ دوس اور اسکینڈینیویا کے ساتھ بھی ارتباط تاجرانہ
رکھنے لگے تھے بعضے یہہ بھی کہتے ہین کہ قریب ۱۴۱۴ء کے اُن
عربون مین سے بعض نے جو اندلس مین رہتے تھے امریکہ کو پایا
اور کولمبس سے اول اِس نئی دنیا کو عربون نے پا لیا تھا مگر کسیکو
خبر نہ ہوئی اور نہ اُنکو اُسسے وہ فائدہ حاصل ہوا جو کولمبس
کو ہوا +

## مجمل حال اسلام کا افریقہ مین

سنہ ۱۸ھ حضرت عمر کی خلافت مین ابو بکر عمرہ ابن العصا نے درمیان ۶۳۹ء سنہ ۶۳۸ء
کے مصر پر حملہ کیا اور رومیون کے دو بڑے مضبوط شہر پلوشیم
اور مصر یعنی بابل سات مہینے محاصرہ کر کے فتح کر لئے یوحنا حاکم جو
بیزنٹائین بادشاہ کی طرف سے اُس جگہہ حکومت کرتا تھا
جزیہ گذار اہل اسلام کا ہوا پر بوڑہے مرد لڑکے اور عورتین
اور یوحنا ری اِس سے مستثنے تھے چونکہ یونانیون اور مصریون مین

نامواقفت تھی اس واسطے مسلمانون نے مصر کو بآسانی فتح کرلیا
اول مسجد درمیان شہر فسطاط کی جو بابل کے متصل تھا تعمیر
کی گئی - شہر اسکندریہ تھوڑی مدت تک بچا رہا آخر کو وہ بھی
فتح ہوا اور لوٹا گیا کتب خانہ وہان کا ہیزم کی جگہہ جلایا گیا اِس
جگہہ پر پہلا کتب خانہ جو بادشاہ تولومیز نے مرتب کیا تھا وہ تو
آگے ہے قیصر روم کی حکم سے جل چکا تھا اُسکے بعد جو پھر یہہ کتب خانہ
طیار ہوا تھا وہ حضرت عمرؓ کے حکم سے جلایا گیا اُسوقت سے تمام ملک
مصر ماتحت خلافت اہل اسلام کے ہوا اور اُسکا دارالخلافہ شہر
فسطاط مقرر ہوا

احمد بن طولون جو خلفای عباسیہ کے ماتحت مصر کا حاکم
۸۶۹ء تھا درمیان ۲۵۶ھ و ۸۶۹ء کے المعتمد باللہ خلیفہ عباسي سے منحرف ۲۵۶ھ
۹۰۵ء ہوکر حاکم مستقل مصر کا ہوگیا اُسکے خاندان مین ۲۹۲ھ و ۹۰۵ء تک ۲۹۲ھ
بادشاہت جداگانہ قایم رہی جبکہ مصر پھر تابع خلفاء کے ہوئی
۹۳۵ء تو درمیان ۳۲۳ھ و ۹۳۵ء سے لیکر ۳۵۸ھ و ۹۶۹ء تک ال اخشید یہ ۳۲۳ھ



مسجد طولون

(یعنے خاندان ابوبکر محمد کا جو ملوک فرغانہ کی نسل سے تھے کے
ملک مصر زیر حکم رہا پھر درمیان ۳۵۶ھ/۹۶۹ء کے خاندان فاطمیہ کے زیر ۹۶۹ء
حکم رہا اس خاندان کی حکومت مصر پہ دو سو برس تک رہی کا
بیان آگے آتا ہے اس خاندان کی حکومت دریا فرات سے میکر
قیروان تک تھی - بعد ازان خاندان ایوبی درمیان ۵۶۶ھ/۱۱۷۱ء ۱۱۷۱ء
کی قایم ہوا ملک مصر اُنکی تابع رہا - پھر ۶۴۸ھ/۱۲۵۰ء مین مملوک بھادیہ مصر
پر غالب آے آخر کار ۹۲۲ھ/۱۵۱۷ء مین مصر تابع قیصر روم کے ہوا + ۱۵۱۷ء

قیروان مین ابراہیم بن اغلب حاکم تھا وہ درمیان ۲۰۲ھ/۸۰۰ء ۸۰۰ء
کے خلیفہ ہارون الرشید سے پھر گیا ان اغلبیون کی حکومت ایک
سو برس تک قرتاکو زمین پر قایم رہی +

فاس مین اولاد ادریس فاطمی نے درمیان ۱۷۱ھ/۷۸۸ء کے خلفاء ۷۸۸ء
سے منحرف ہوکر علم استقلال کا بلند کیا ۳۴۷ھ/۹۵۸ء تک اس خاندان
کی حکومت قایم رہی بعد ازان فاطمیون کی مطیع ہو گئے +
ٹونس مین خاندان ازیری حکومت کرتے تھے یہہ لوگ

یوسف بلقین بن زیری کی اولاد سے تھے ۹۷۲ء سے لیکر ۱۱۵۰ء تک ٹونس اور اُسکے اطراف پر قابض رہے ۔

مراکو مین تقریباً ۱۱۳۰ء مین عبداللہ موحد بانی مذہب اور حکومت مرابطین نے اپنی بادشاہت جدا ہی قایم کی جو تھوڑے عرصہ مین ابواب جبل الطارق تک پہنچ گئی اور سبب زوال پانے سلطنت بنی امیّہ کے درمیان ہسپانیہ کے ہوئے ۔

## بیان خلفاء مصر کا

### جو عبّاسیہ تھے

صفحہ (۱۲۲) حصہ اول مین لکھا گیا ہے کہ ۱۲۶۱ء مین مظفر مارا گیا اُسکی جگہہ بیبرس ملوک بانی خاندان بحاریہ جو لشکر مصر مین سردار تھا تخت نشین ہوا اور لقب ملک ظاہر اختیار کیا اسکا زمانہ خلیفہ سے خالی تھا مگر احمد ابن الظاہر جو اس ہل چل مین بھاگا ہوا پھرتا تھا کہین سے مصر مین آپہنچا ملک ظاہر بیبرس نے اِسکو مصر مین لاکر بعد تحقیق خاندان کے اُسکو مستنصر

کا لقب دیا اور پیرزادون کے موافق مسند خلافت پر اُسکو بٹھایا
مگر بعد چھہ مہینے کے تاتاریون کی لڑائی مین وہ ایسا غایب ہوا
کہ پھر اُسکا پتا نہ لگا کہ کہان گیا اُسکے بعد حاکم بامر اللہ خلیفہ
ہوا اُسکے خاندان سے ۱۰ پشت تک برابر نام خلیفہ کہلاتے
رہے پس اُن خلفاء کا حال مختصر لکھا جاتا ہے ٭

## الحاکم بامر اللہ

یہہ خلیفہ ہارون الرشید کی اولاد سے تھا مستنصر کی سامنی
اُسکی کچھہ قدر نہ تھی بعد گم ہونے المستنصر کے وہ مصر کا
خلیفہ مقرر ہوا کچھہ اوپر چالیس برس اوسنے خلافت کی درمیان
سنہ ۱۳۰۱ء سنہ ۷۰۱ھ ۱۳۰۱ء کے اُسنے وفات پائی ٭

## المستکفی باللہ بن الحاکم

اُسکے بعد اُسکا بیٹا المستکفی خلیفہ ہوا اُسکے نام کا خطبہ ممبرون
پر پڑھا گیا ناصر نامی حاکم نے اُسکو شہر قوص مین حکم آنے
کا دیا اُسی جگہہ تمام عمر جلاوطن رہا سنہ ۱۳۴۱ء مین فوت ہوا ٭

## الواثق باللہ بن محمد المتمسک بن الحاکم

عوام الناس اسکو المستعطی الواثق ابراہیم کہتی تھی چونکہ ناصر اسکی محبت
زیادہ رکھتا تھا اسلئے اُسکو خلافت ملی مورخین مین اختلاف ہے
بعضے اسکو خلیفہ شمار کرتے ہین کوئی خلفاء کے سلسلہ مین
سنہ ۱۳۴۲ء گنتا ہے ایام منصور مین اُسکی خلافت سے خلع کیا گیا ۱۳۴۲ء سنہ ۱۳۴۲ء
مین وہ مسند خلافت سے اُتارا گیا +

## الحاکم بامر اللہ بن المستکفی

بعد ازان الحاکم بامر اللہ بن المستکفی کی بیعت ہوی وہ اپنے باپ
دادا کے قدم بقدم چلا ۱۴ برس خلافت کرکے درمیان
سنہ ۱۳۵۳ء ۱۳۵۳ء ۱۳۵۴ء کے فوت ہوا +

## المعتضد باللہ ابوبکر بن المستکفی

بعد وفات حاکم کے المعتضد کے بیعت ہوئی ابن حبیب حسن بدالدین لکھتا ہے
کہ اس خلیفہ کی بیعت قاہرہ مین ہوی اور اُسکی نصیب نے مساعدت
سنہ ۱۳۶۲ء اچھی کی - ۲ برس تک خلافت کی پھر ۱۳۶۲ء ۱۳۶۲ء مین فوت ہوا +

## المتوکل علی اللہ محمد بن المعتضد

یہہ خلیفہ تین بار مسند خلافت پر بٹھلایا گیا اور دو دفعہ اُتارا گیا
تیسری دفعہ تا پانے وفات کی مسند خلافت پر متمکن رہا ۸ ہ برس
تک اُسکی خلع اور حبس مین گذرے اُسکے دس بیٹے تھے پانچ
۱۴۰۵ء ۸۰۸ھ اونمین سے علی التوالی خلیفہ ہوئے اس خلیفہ نے ۱۴۰۶ء ۸۰۹ھ
مین وفات پائی +

## المعتصم باللہ ذکریا بن ابراھیم بن الحاکم

اُسکے بعد المعتصم خلیفہ ہوا یہہ شخص دو دفعہ مسند پر بیٹھایا گیا
ایک دفعہ واثق عمر خلیفہ مقرر کیا گیا اور وہ اُتارا گیا دوسری
دفعہ پھر اُسکی بیعت کی گئی ۷ برس اُسنے خلافت کی
۱۴۲۱ء ۸۲۴ھ آخر ۱۴۲۱ء ۸۲۴ھ مین فوت ہوا +

## الواثق باللہ عمر بن المعتصم ابراھیم

اُسکے بعد الواثق خلیفہ ہوا اُسکو ابن قلاوون نے خلافت کی مسند
۱۴۲۵ء ۸۲۸ھ دلوائی اور ہمیشہ اُسکا طرف دار رہا یہانتک کہ ۱۴۲۵ء ۸۲۸ھ

مین بقضای الٰہی فوت ہوا +

## المستعین باللہ بن المتوکل

مستعین باللہ ابوالفضل عباسی نے وراثت مین خلافت پائی اور اپنے چچی
طرح خلافت کی سلطان ناصر کی ہمراہ شام کی طرف گیا وہان جاکر سلطان
ناصر فوت ہوگیا اسلئے خلافت اور سلطنت دونون اُسکو مل گئین
بعد ازان موئد شیخ نے اُسکو اسکندریہ مین بند کا حکم دیا
اور خلافت کی مسند سے برطرف کیا گیا اُسی جگہہ درمیان
سنہ ۱۴۲۹ء سنہ ۸۳۳ھ ۱۴۲۹ء کے فوت ہوا +

## المعتضد باللہ بن المتوکل

یہہ بہائی مستعین باللہ کا تھا جسدن اُسکی خلافت سے خلع ہوا
اُسیدن اُسکی بیعت کی گئی اُسکا لقب معتضد باللہ اور کُنیت
ابوالفتح اور نام داؤد تھا اسنے مدت تک خلافت کی چنانچہ کئی
سلاطین اُسکی خلافت مین گذرے اور مصر مین اسنی جو رتبہ
پایا وہ کسی خلیفہ عباسی کو نصیب نہوا تھا یہہ خلیفہ اہل علم اور

ادب کا دوست تہا اور کوئی دقیقہ فقہ کا عمل کرنے سے نہ چہوڑتا تہا
واجب اور مستحب سب پر نظر کرتا اور عمل مین لاتا اور بہت نیک
خصلت اور خوش خلق تہا تین برس تک اُسنے خلافت کی
اور میان ۱۴۴۱ء کے اُسنے وفات پائی + ۱۴۴۱ء ۸۴۵ھ

## المستکفی باللہ بن المتوکل

اس خلیفہ کا نام سلیمان تہا جس وزر اُسکا بہائی داؤد مرا
اور سیدن اوسکی خلافت کی بیعت ہوئی اسنے اپنے بھائی سے
زیادہ عزت اور اقبال مین ترقی کی خاموش بہت رہتا تہا اور
تنہائی اور عزلت پسند تہا تمام مسکرات اور محرمات سے عفیف
اور پاک تہا بیس برس خلافت کرکے درمیان ۱۴۵۱ء کے وفات ۱۴۵۱ء ۸۵۵ھ
پائی +

## القایم بامراللہ بن المتوکل

اس خلیفہ کا نام حمزہ تہا بعد انتقال اُسکے بہائی سلیمان کے
اوسکی بیعت ہوئی اور اُسیکے وقت مین یہہ رسم جاری ہوئی

کہ بادشاہ وقت نے تحفہ اور ہدیہ اُسکو مسند خلافت پر بیٹھنے کے بعد
بھیجا مگر اُس سلطان کے بعد جو متولی سلطنت کے ہوئے اُنسے
مخالفت اور فساد اس خلیفہ سے ہوگیا تھا اسلئے وہ خلافت سے
برطرف کیا گیا اور سلطان نے اُسکو حکم دیا کہ شہر اسکندریہ مین
جاکر رہے اُسی جگہ اُسنے انتقال پایا اور چار برس اُسنے
خلافت کی ۹۵۹ھ ۱۴۵۵ء مین وہ خلافت سے دست بردار ہوا تھا

## المستنجد باللہ بن المتوکل

۱۴۵۵ء سلطان اشرف نے مستنجد باللہ یوسف ابو المحاسن کو ۱۴۵۵ء ۸۵۹ھ
مین خلیفہ بنایا اور منصب خلافت کا نذرانہ بھی اُسکو دیا ۲ برس
۱۴۸۰ء اُسنے خلافت کی ۸۸۴ھ ۱۴۸۰ء عیسوی مین اُسنے انتقال کیا ۸۸۴

## المتوکل علی اللہ ابو العز عبد العزیز

عبد العزیز متوکل علی اللہ کی خلافت بیعت اُسکے چچا
مستنجد باللہ کے وقت مین ہوگئی تھی اُسکی بیعت کے واسطے
سلطان قایتبا خود آیا تھا اور اُسنے بڑے بڑے ب

سنہ ۹۰۲ھ راضی تھی ۱۹ برس اور سنے خلافت کی سنہ ۹۰۲ھ سنہ ۱۴۹۷ء مین انتقال کیا + سنہ ۱۴۹۷ء

## المستمسک باللہ یعقوب ابن المتوکل

اُسکا لقب المنتصر تہا بعد وفات اپنے باپ کے اُسکی خلافت کی بیعت ہوئی اور ہر ایک خورد و کلان اُسے راضی رہا یہہ خلیفہ

سنہ ۹۲۲ھ درمیان سنہ ۹۲۲ھ سنہ ۱۵۲۲ء کے فوت ہوا + سنہ ۱۵۲۲ء

## المتوکل علی اللہ بن المستمسک باللہ یعقوب

اس خلیفہ کا نام محمد تہا اور سکی بیعت شہر قسطنطنیہ مین بہی ہوئی سلطان سلیم کے ساتھ وہ قسطنطنیہ کو گیا اور پہر وہان سے بڑی عزت اور توقیر کے ساتھ مصر کو مراجعت کر کے آیا اس پر

سنہ ۹۲۳ھ خلافت عباسیہ مصر کی ختم ہو گئی اُسنے درمیان سنہ ۹۲۳ھ سنہ ۱۵۲۳ء کے انتقال کیا +

# فرقہ اسمعیلیہ کا بیان

بانی اس فرقہ کا عبداللہ ابن سبا یہودی باشندہ

شہر اھواز اسوبخوزستان ملک فارس کا تھا اُسکی باوہ
اجداد مذہب قدیم اور اپنی بادشاہت کی محبت اپنے دل مین
رکھتے تھے جن عربون نے فارس کو فتح کیا تھا اُنکے دشمن
دلی تھے خصوصاً باشندے شمال و مشرق اِس ملک کے منتظر
وقت کے تھے کہ پھر کوئی موقع ہاتھ آوے تو اپنی سلطنت اور
پہلی آزادی حاصل کرین عبداللہ نے سوچا کہ اگر اپنا ارادہ
دلی دفعتہً ظاہر کرون تو عوام الناس اُسکے قابو مین نہ آوینگے
اسلئے اُسنے کئی مکان مثل اُن مکانون کے جو اس زمانہ مین
فری میسن کے فرقہ کی ہین جنکو لاج کہتے ہین کئی جگہہ بنوانے
کا ارادہ کیا اور اُن مکانون مین جملہ اوس راز کی سکھلانے
والے مقرر کرکے اُنکی سات درجی ٹھہرائے وجہ اسکی یہہ تھی
کہ ساتوین امام کو اولاد حضرت علی رضہ سے جو اُنہون نے اپنا
پیشوا قرار دیا تھا وہ اسمعیل ابن جعفر صادق تھا اسلئے اِن
مکانون مین سات ہی درجی اُسنے ٹھہرائے جنکی یہہ نام ہین

اول درجہ شیخ الجبل — یہہ اُسکا درجہ تہا

۲ " داعی الدعاۃ

۳ " دحلیس — یعنی عالم اسرار و بحث کنندہ

۴ " رفیق

۵ " فدای

۶ " لصیق

۷ " عوام الناس

جو شخص اسکے مذہب مین آتا تہا اُسکو وہ کتاب جو عبد اللہ کی سات باب مین بنائی ہوئی تہی درجہ بدرجہ سکہلائی جاتی تہی - عوام الناس درجہ تعلیم سے شروع ہوکر اوپر کے درجون تک فایز ہوتے تہے اور ہر ایک درجہ کی مشق کے واسطے دحلیس لوگ مقرر رہتے تہے اُنکا راز بہی مانند فری میسن لوگون کے نہ کہلتا تہا یہی شخص بانی خاندان فاطمہ کا ہے اُسکی اولاد سے کئی خلیفے قاہرہ مصر مین اور کئی اور جگہہ حاکم ہو چکے ہین مطلب اونکا صرف

یہہ تہا کہ خلافت کا حق خلفاء فاطمیہ کو پہنچتا ہے یہہ خلفا تمام دنیا کی
حکومت کے مستحق ہین خدا تعالے نے مذہب حق ان ہی کی معرفت
دنیا مین نازل کیا جو شخص خلفاء عباسیہ سے ہوا وسکو قتل یا معزول
کرو اور امامت منحصر سات اماموں مین ہے علی رضا سے لیکر
جعفر صادق تک چہہ خلیفہ ہوئے ساتوان خلیفہ اسمعیل تہا موسی رضا
خلیفہ نہ تھے کیونکہ خدا نے زمین و اسمان سات ہی دن مین بنائے
دنون کے شمار بہی سات ہی پر رکہی سیارات بہی سات ہی ہین
اسی طرح امام بہی سات ہین ساتوین پر امامت ختم ہوگئی +
عبد اللہ ابن سبا نے جب ایسے اعتقاد ظاہر کئے تو المعتمد باللہ
کی خلافت مین مقید ہوا مگر کسی اسمعیلے کے مدد سے قید خانہ سے نکلکر
اُسنے علم بغاوت کا شمال افریقہ مین جاکر کھڑا کیا اور اپنا نام
عبد اللہ رکہا اور دعوے کیا کہ مین اصلی اور حقیقی وارث
علی رضا اور فاطمہ کا ہون اور المہدی خطاب اختیار کیا جو کہ
بارہوین امام موعود کا تہا مغربی عرب اسکے فریب مین آگئے

اور کہنے لگے کہ محمدؐ نے بھی پیشین گوئی کی ہے کہ تین سو برس
کے بعد مغرب سے ایک بیٹا ظاہر ہوگا سو وہ یہی ہے +
اسی عبید اللہ نے قیروان شہر کو دار السلطنت مقرر کیا اور اُسیوقت
بنیاد ایک نئی دار الخلافہ کی ڈلوادی جسکا نام شہر مہدیہ رکھا
اسی سے درمیان ۹۱۰ء کے خلفاء فاطمیہ کی بنیاد پڑی کیونکہ ۹۱۰ء
اُسکی تیسری نسل مین المعز لدین اللہ نے اپنی دار الخلافت مصر
مین درمیان ۹۷۶ء کے مقرر کی اون حاکمون کا بیان سلسلہ وار ۹۷۶ء
علیحدہ لکھا جاے گا +
خلفاء فاطمیہ نے جہان تک ہوسکا اس مذہب کو خوب پھیلایا
اور جو کوئی اونکی عقیدہ مین شامل ہوا اوسکو اچھا عہدہ دیا اس
راز اسمعیلے کے سکھلانے کے واسطے پہلے پہل ایک کالج قیروان
مین تعمیر ہوا پھر جب دار السلطنت شہر مہدیہ کو منتقل ہوا ئی
تو کالج بھی وہان جاکر تعمیر ہوا پھر مصر مین درمیان قاہرہ کی
بنا مصر کی اسمعیلی ایک ہفتہ مین دو دن درمیان اُس مکان

کے جمع ہوا کرتے تھے

ایک مورخ لکھتا ہے کہ جب یہہ مکان اس راز کی تعلیم کے واسطے
مصر مین تعمیر ہوا تب درجی تعلم کے بجاے سات کے نمو ہوگئی
تھے اور ادن درجون مین مبتدی کو جو کچھ تعلیم ہوتی تھی یہہ ہے
۱ ۔ اول درجہ مین مبتدی کو قران کے مسایل پر شکوک اور شبہات
کرنے اور مشکل و تیقی تبلانے شروع کرتے تھے تاکہ اُسکے روح
مین طاقت راز اسمعیلے کے سنے اور جاننے کا شوق پیدا ہو چنانچہ
جو شبہہ یا اعتراض قران پر کرتے تھے تو اُسکے ساتھہ جواب
اسمعیلے فرقہ کا اُسکو تبلایا جاتا تھا اسی طرح تمام مسایل اسمعیلے
کی تعلیم ساتھہ ہی ساتھہ قران شریف کی تعلیم ہوتی جاتی تھی جب
شاگرد کو دیکھتے تھے کہ وہ پختہ اُس تعلیم مین ہوگیا ہے اُسوقت
اُسسے قسم لیجاتی تھی کہ مین اس مذہب سے کبھی نہ پھرونگا
اور اپنے داعی یا معلّم کی اطاعت حد سے زیادہ کرونگا یہہ
تعلیم جب ختم ہو چکتی تھی تب دوسرے درجہ کی تعلیم شروع

ہوتی تہی +

۲- دوم درجہ مین امامت کے معنے اور اُسکی خاصیت کہ وہ خدائی راز ہے +

۳- تیسرے درجہ پر اول تعداد امامون کی کہ وہ سات ہین اور انہون ہی کے وحی نازل ہوتی تھی اور کہ ہر ایک امام نے اپنے پہلے امام کے مسائل منسوخ کر دئے اور اسمعیل ساتوان امام سب سے بڑا تہا +

۴- چوتہی درجہ پر بہہ تعلیم ہوتی تھی ابتدا پیدائش دنیا کی خدا تعالے نے سات شارع اِس دنیا پر نازل کیے ہین اور اُن ہی پر وحی نازل ہوے اور کہ اُنمین سے ہر ایک نے اپنی پہلے شارع کی شرع کو منسوخ کر دیا ہے یا تبدیل کر دیا ہے وہ ساتون پیغمبر تھے اور جو کچہہ کہتے تھے خدا کے وحی اور مرضی کے موافق کہتے تھے اور اُن ساتون کو حکم بولنے کا تہا اُنکے نیچے سات ہی پیغمبر اور ہوے ہین جنکو بولنے کا حکم نہ تہا وہ خاموش پیغمبر گذرے

ہین اونکا صرف یہہ کام تہا کہ اپنے پہلے پیغمبر کے احکام کو بدون
تغیر اور تبدل کے جاری کرین وہ سات متکلم پیغمبر یہہ ہین +
آدمؑ - نوحؑ - ابراہیمؑ موسیٰؑ - عیسیٰؑ - محمدؐ
اور اسمعیلؑ اُنکے سات شاگرد یا ساکت پیغمبر یہہ ہین
شیثؑ - سامؑ - اسمعیل ابن ابراہیمؑ - ہارونؑ
سمعون پطرسؑ - علیؑ اور محمد ابن اسمعیلؑ
۵ - پانچوین درجہ پر یہہ تعلیم ہوتی تہی کہ ہر ایک نے ان ساکت
پیغمبرونسے بارہ بارہ اپنے شاگرد یا داعی الی اللہ مقرر کئے تہے تاکہ
مذہب حق کی تعلیم دنیا مین کرین اور بارہ شاگردون کا رتبہ
اون سات پیغمبرون سے ادنیٰ درجہ کا ہے +
۶ - جبکہ مریدان جہوٹے درجون مین کامل العیار نکلتا تہا جبکی
تعلیم سے بڑا مطلب اونکا یہہ تہا کہ اپنے معلم کی بہت تعظیم
اور تکریم اور دلی محبت کرنی چاہئی اُسوقت اسرار اور پوشیدہ
راز مسائل شرعیہ کے اُسپر ظاہر کرتے تہے جب اس درجہ ششم

مین کامل ہو جاتا تہا تب اُسکو اسی درجہ کے اخیر مین یہہ سکھلاتے تھے کہ مذہبی شرع کو تابع مسایل فلسفہ کے رکھنا چاہیئے ۔

۷ ۔ ساتوین درجہ پر راز آلہی کی تعلیم ہوتی تھی خصوصاً وہ مسایل جو متعلق علم الہیات کے ایسیلین رایج ہین ۔

۸ ۔ آٹھوین درجہ پر اونکو یہہ تعلیم ہوتی تھی کہ افعال انسان کے غیر معتبر ہین اور انکا حسن اور قبح سب ایجادی اور اختراعی بات ہے در اصل اُنکا کچھہ اعتبار نہین ۔

۹ ۔ نوین درجہ پر اخیر تعلیم یہہ ہوتی تھی کہ کسی بات کا یقین نہ کرو سب کو نیست اور نابود سمجھو اور ہر ایک شی کے حاصل کرنے کی کوشش کرو جو کوئی کوشش جس بات کے لیئے کرتا ہے اُسکو وہ شے حاصل ہو جاتی ہے ۔

# خاندان فاطمیہ اسمعیلیہ

## جو کہ بعد دولت اخشیدیہ کے مصر پر غالب ہوئے

### المعز لدین اللہ ابو تمیم معد

یہہ شخص خاندان فاطمیہ سے ہے جو شیعون کی شاخ اسمعیلیہ سے ہے کذرے ہین عبید اللہ صاحب مغرب کی تیسری پشت مین یہہ پیدا ہوا اُسکی باپ کا نام منصور اسمعیل ہے وہ بیٹا القائم کا وہ بیٹا عبید اللہ مہدی کا باقی فرقہ اسمعیلیہ کا گذرا ہے المطیع للہ خلیفہ عباسی کے وقت مین المعز معد نے ۳۵۸ھ ۹۶۹ء مین شہر فاس کو فتح کیا اور انتہاے مغرب افریقہ تک لشکر کشی کی بہت لڑائیان لڑا اور ملک مصر کا بادشاہ ہوا شہر قاہرہ اُسنی بسایا یہہ پہلا بادشاہ خاندان فاطمید کا ہے اسنے جامع ازہر مسجد کی بنیاد اپنے وزیر جوہر کی معرفت ڈلوائی اسکے وقت مین بہت مصیبتین مصر پر نازل ہوئین بحیثیت ۲۰ برس بادشاہت کی

۷ تاریخ ماہ ربیع الاول ۳۶۵ھ سنہ ۹۷۶ء مین اوسنے انتقال پایا اُسی جگہہ مدفون ہوا اس فرقہ کی تعلیم کا حال مفصلا اوپر گذر چکا پر مجملاً پھر اسجگہہ بتلاتا ہون یہہ لوگ حضرت علی سے لیکر امام جعفر صادق تک امامت پر حق مانتے ہین مگر موسی کاظم کو امام نہین مانتے ہین اور اُن امامون کو جو اُسکے بعد ہوے البتہ اسمعیل بن جعفر صادق کو امام برحق بلکہ پیغمبر اولا العزم مانتے ہین اور کہتے ہین کہ اسپر امامت اور نبوت سب ختم ہو چکی ہے انکو مورخین عرب نے لقب سَبْعِیَّہ اسیواسطے دیا ہے کہ وہ سات امامون کے قایل ہین اور یہہ کہتے ہین کہ ہر ایک انقلاب دور فلکی مین امام کا ہونا ضرور ہے خواہ امام ظاہر ہے ہو اُسکی زمانہ کو دور الکشف کہتے ہین خواہ مخفی اُسکے زمانہ کو دور الستر بولتے ہین اُنکی حجت اسبات مین یہہ قول علی مرتضیٰ کا ہے لن تخلو الارض عن قائم بحجۃ اور اِس فرقہ کو باطنیہ اسواسطے کہتے ہین کہ اُنکا یہہ قول ہے کہ ہر ایک ظاہر کے

واسطے ایک باطن ہے یعنے امام ظاہر کے بعد امام باطن آتا
ہے - اور تعلیمیہ نام اُنکا اسواسطے ہوا کہ وہ اسبات
کے قایل ہین کہ علم حق کی تعلیم ایمہ سے خاصۃً ہوی ہے
اہل سنت وجماعت نے انکو ملاحدہ خطاب دیا ہے کیونکہ
یہہ لوگ قران شریف اور حدیث کے معنے تاویلی بہت کرتے
ہین یہانتک کہ نصوص اور قصص کی بھی تاویلین کرتے ہین
اور اونکا یہہ اعتقاد بھی ہے کہ جو شخص مرگیا اور اسنے اپنے زمانہ
کے امام کو نہیں پہچانا یا اُسکی بیعت نہ کی اسکی موت ایسی ہوتی ہے
جیسے ایام جاہلیت مین کفار کی ہوتی تھی +

العزیز باللہ ابو المنصور نزار بن المعز

عزیز نزار بعد وفات پانے اپنے باپ معز کے مصر کا حاکم
ہوا اُسنے ملک کو بڑی وسعت دی اور اپنے باپ سے
زیادہ اقتدار حاصل کیا اُسکی مزاج مین عفو بہ نسبت انتقام
کے زیادہ تہا کیس بہ پس اُسنے بادشاہت کی اس عرصہ مین

۹۹۶ھ بہت دولت جمع کی ماہ رمضان ۹۹۶ھ مین فوت ہوا اُسکی ۹۹۶ھ
حکومت کے وقت بغداد کا خلیفہ طایع للہ عباسی تہا اور شروع
خلافت قادر باللہ عباسی کی تہی ؛

۳ الحاکم بامر اللہ ابو علی منصور بن العزیز

الحاکم کو مسلمان فرعون اگر کہین تو بجا ہے یہہ شخص بہت تند خو اور مغلوب المزاج
بے رحم خونریز بادشاہ تہا اُسنے رعایا کو حکم دیا تہا کہ جب اُسکا نام سنین
فوراً سجدہ کرین خواہ کوئی شخص زبان سے بادشاہ کا نام لے یا خطبہ مین
درمیان مسجد کے گویا وہ دعوی خدائی کا کرتا تہا جس طرح پر فرعون
نے موسی ؑ کے وقت مین کیا تہا اور اس حکم کے تعمیل جہال
رعایا نے کرنی شروع کردی ۔ اور چونکہ وہ بڑا مربی فرقہ اسمعیلیہ
کا گذرا ہے اسلئے بہت لوگ اس فرقہ کے اُسکو اللہ قیاس کرتے
ہین اور کہتے ہین کہ وہ خدا تہا جسنے آسمان سے اوتر کر جسم انسانی
قبول کر لیا تہا اُسنے ایک اور شاخ فرقہ اسمعیلیہ کے ایجاد کی ہے اُسکے
متبعین کو دروز کہتے ہین یہہ فرقہ ابتک موجود ہے ۔ مورخین عرب

لکھتے ہین کہ بعد فرعون کے جو حضرت موسیٰ ع کے وقت مین بادشاہ
مصر کا تہا کوئی بادشاہ مصر کا ایسا ظالم اور مرتکب کبایر الحاکم
کی مانند نہین گذرا ہے - پچیس ۲۵ برس بادشاہت کرکے مفقود ہوگیا
یہہ بیان اُسکی متبعین کا ہے اسمعیلیہ فرقہ کی لوگ یہی سمجہتے ہین کہ آسمان
کو چلا گیا مگر مورخ لوگ کہتے ہین کہ کسی مسلمان نے اُسکو خفیہ قتل کروالا
یہہ واقعہ ۱۷ شوال ۴۱۱ھ ۱۰۲۰ء درمیان خلافت القایم بامر اللہ ۱۰۲۰ء ۴۱۱ھ
خلیفہ بغداد کے وقوع مین آیا ٭

۴ الظاہر لاعزاز دین اللہ ابو الحسن علی بن الحاکم

الظاہر علی بعد وفات اپنے باپ کے بعنوان شباب مین تخت
مصر پر بیٹہا اسکے وقت مین بادشاہت مصر کی معہ ملک شام کے
اُسکے ماتحت تہی اور اسی بادشاہ کے نام کا خطبہ شام اور افریقہ
مین جا بجا پڑہا جاتا تہا دس برس اُسنے سلطنت کی ۱۰۳۵ء ۴۲۷ھ مین فوت
ہوا اسکا زمانہ شروع ایام خلافت القائم بامر اللہ العباسی
کے تہا ٭

## ۵ المستنصر باللہ ابو تمیم بن الظاہر

مستنصر باللہ معد نے بہت مدت تک خلافت کی اور اقبال نے بھی اُسکے خاطر خواہ مدد دی اُسکے نام کا خطبہ بلحاظ رعایت اُسکی اباء و اجداد کے بغداد مین بھی پڑہا گیا اُسنے ساٹھ برس بادشاہت مصر کی کی ۸ تاریخ ماہ ذی الحجہ ۴۸۷ھ ۱۰۹۵ء مین قضاء الٰہی سے فوت ہوا اس حالتمین المستنصر باللہ خلیفہ بغداد کا ہوا تہا +

اسی بادشاہ کے وقت مین ایک اور موجد مذہب شاخ اسمعیلیہ کا فارس مین پیدا ہوا وہ حسن ابن صَبَاح حِمْیَری باشندہ دی کا تہا بعد ظہور اس موجد مذہب کے مصر کی اسمعیلیون کی رونق بازار کم ہونی شروع ہو گئی تھی وجہ اُسکی یہہ ہوئی کہ حسن ابن صباح نے اُسی طریقہ اسمعیلیہ مین اصلاح دیکر اُسکا نام حشاشین رکہدیا تہا اس سبب اس مذہب کی زیادہ شہرت ہو گئی اور اسمعیلے لوگ اس فرقہ مین زیادہ داخل ہونے لگے۔

مختصر تاریخ حسن ابن صباح کی یہہ ہے کہ اُسکا باپ مسمے علی بڑا عالم
شیعہ تہا وہ یمن سے کوفہ مین آیا وہان سے قم کو گیا قم سے ری
مین آکر بہ حاکم ری کا ابو مسلم رازی بسبب خلاف مذہب ہونے
کے اُسکو باپ علی سے عداوت رکھنے لگا اسلئے اُسکو ری
چہوڑنا پڑا بعد ازان نیشاپور مین آیا اور واسطے دفع کرنے اس
مظنہ کے اُسنے اپنے بیٹے حسن کو امام موفق نیشاپوری سے
سنت وجماعت کے سپرد کیا کہ آپ اسکو علم پڑہاوین اور خود گوشہ
گزین ہوکر عبادت مین مشغول ہوگیا حسن مذکور ہمراہ
نظام الملک طوسی اور عمر خیام کے مدرسہ نیشاپور مین ہمدرس
تہا - ایکروز اُسکے باپ نے یہہ پیشین گوئی کی کہ نظام الملک
بڑے مرتبہ دنیاوی کو اور حسن اوسکا بیٹا بڑے مرتبہ ظاہری
اور معنوی کو پہنچین گے اسلئے ان تینون نے یعنے حسن - نظام الملک
- اور عمر خیام نے آپسمین عہد وپیمان اسطور کے کرلئے کہ جو کوئی
ہم تینون مین سے پہلے درجہ دنیاوی مین فوقیت پاوے تو اُس

دولت مین باقی دونون کو شریک کرلیوے اتفاق سے خواجہ
نظام الملک بادشاہ سلجوقی الپ ارسلان کا وزیر ہوگیا یہہ حال سنکر
حکیم عمر خیام اُسکے پاس گیا خواجہ نے حسب وعدہ اُسکی مدد
کرنے مین کچھہ دریغ نکیا عمر خیام گوشہ نشین ہوکر نشر فضایل مین
مشغول ہوگیا حسن ابن علی صباح منتظر رہا کہ تجھکو خواجہ نظام الملک
اپنے قول و اقرار کے موافق ضرور بلا دیگا اُسنے اُسکی
کچھہ بھی خبر نہ لی جبتک الپ ارسلان زندہ رہا تب تک
حسن مذکور اُسے نہ ملا جب ملک شاہ ابن الپ ارسلان کا عہد
آیا اُسوقت حسن نیشاپور مین گیا خواجہ نظام الملک سے ملاقات
کی اُسنے کچھہ توجہ نکی بلکہ بادشاہ تک بھی اُسکو نہ پہنچایا تب
ایکروز حسن نے نظام الملک سے کہا کہ تو اصحاب تحقیق اور
اہل یقین سے ہے اور خوب طرح جانتا ہے کہ دنیا ایک متاع
ذلیل ہے اُسکی محبت مین پھنس کر وعدہ خلافی کرتا ہے اور
ینقضون عھد اللہ کے زمرہ مین داخل ہوتا ہے یہہ

بڑی تعجب کی بات ہے اس کلام کا اثر ہوا بادشاہ سے ملاقات
کروادی اور اُسکی ذہن اور ذکا کی تعریف کی اور یہہ بھی بادشاہ
کو سمجھا دیا کہ حسن مذکور مزاج کا ہلکا اور چیچورا ہے اسپر اعتماد
نکرنا چاہیے حسن نے تھوڑی ہی عرصہ مین اپنی دانائی اور
زیرکی سے بادشاہ کو خوش کرکے اُسکے دل مین اپنی جگہہ پیدا کرلی
اور نظام الملک کی بیخ کنی کے درپے ہوا پر کچھہ نکر سکا کیونکہ
نظام الملک کو اُسکے سب فریب کھل گئے تھے اُسنے بادشاہ کو
اُسکے سب فریب بتلاکر وہان سے اُسکو نکلوا دیا حسن ناراض
ہوکر اصفہان مین آیا وہان پر رئیس ابوالفضل کے گھر پر
رہا کیا - ایکروز اُسنے اپنی میزبان سے کہا کہ اگر میرے ساتھہ
دو یا تین شخص دوست صادق ایسے ہوتے جنپر مجھکو بھروسا ہوتا
تو مین ایک ہی دن مین بادشاہت اوس سلجوقی ملک شاہ کی
اور وزارت اُس نظام الملک دہقانی کی اولٹ دیتا یہہ بات
سنکر ابوالفضل نے خیال کیا کہ اسکے دماغ مین کچھ خلل ہے

جو ایسی بیوقوفی کی بات کہتا ہے دو یاروں کی ہمراہ ہو کر ایسی بڑی
سلطنت کو جو حلب سے لیکر کاشغر تک پھیلی ہوئی ہے
ایک دن میں کیونکہ اولٹ سکتا ہے اسلئے اُسنے طبیب کو بلا کر
اُسکے علاج کروانے کی تجویز کی یہہ دیکھکر حسن بہت ہی
ناراض ہوا اور تبسم کرکے اُسنے رخصت لی وہان سے درمیان
۴۸۷ھ جسنہ ۱۰۹۴ء کے مصر مین آیا اُس جگہہ پر اُس خلیفہ المستنصر ۱۰۷۴ء
باللہ فاطمی اسمعیلے نے اُسکی بڑی خاطر داری کی ڈیڑہ
برس تک وہان رہا بعد مرنے المستنصر باللہ کے درمیان
امیر الجیوش اور حسن کی نزاع ہوی باعث اُسکا یہہ تہا کہ المستنصر باللہ
نے اپنے بیٹے نزار کو اپنا ولی عہد مقرر کیا تہا پھر بسبب ہجوم
خلایق کے احمد المستعلی باللہ کو ولی عہد کر دیا امیر الجیوش
کی رائے کی ساتہہ متفق ہو گیا حسن نے کہا کہ اعتبار نص
اول کا ہے اور لوگون کو کہا کہ نزار کی بیعت کرو یہہ بات جب
بادشاہ کو معلوم ہوے اُسنے حسن کو قلعہ ۔ط مین قید

کیا اتفاق سے اُسی دن ایک برج اُس قلعہ کا جو نہایت مضبوط
تہا گر پڑا لوگون کو حسن کی کرامت کا شک ہوا اسلئے امیر الجیوش
نے حسن کو ہمراہ ایک طایفہ عیسایون کے جہاز مین سوار کرکے
افریقہ کی مغرب کی طرف جلاوطن کر دیا اتفاقاً دریا مین طوفان
آیا تمام لوگ جو جہاز مین سوار تہے مارے خوف کی گہبرا گئے اور
مونہون پر ہوائیان اوڑنے لگین حسن کے چہرہ پر ذرا بہی نشان
خوف کا نہ دکہلائی دیا جہاز کے کپتان نے پوچہا کہ سب آدمی طوفان
کے خوف سے ڈر گئے ہین تیرے چہرہ پر اوسکا کچہہ بہی اثر نہین
دکہلائی دیتا اسکا کیا سبب ہے حسن نے کہا کہ مجہکو امام برحق
نے کہدیا ہے کہ اس طوفان سے کچہہ اندیشہ نہ کرنا کسی کا نقصان
نہوگا چنانچہ اتفاق سے ایسا ہے ہوا اون لوگون کو حسن پر بڑا
اعتقاد ہوگیا اسلئے جہاز کے کپتان نے حسب خواہش حسن
کے حدود شام پر اُسکو پہنچا دیا وہان سے وہ حلب مین آیا
پہر بغداد کو گیا پہر صوبہ خوزستان مین پہنچکر اصفہان مین آیا

یہ جہان جہان پہنچا اپنا کام کرتا رہا یعنے خفیفہ تعلیم اپنے عقائد
کی اور امامت نزار ابن مستنصر پر لوگون سے بیعت لیتا رہا چنانچہ
عراق اور آذربیجان مین خلق کثیر کو اسمعیلے مذہب کی تعلیم
کردی پھر چند کامل شاگردونکو قلعہ الموت[1] اور سوار اُسکے
اور قلعون اور بلاد اور دیار اور قہستان کو روانہ کیا تاکہ
مذہب حق کی تعلیم کرین اُسکا یہہ نتیجہ ہوا کہ تھوڑے ہی دنون
مین بہت لوگون نے مذہب حشاشین کا اختیار کرلیا اور آپ
قلعہ الموت کی قریب تہیر کربڑا زہد و تقوی اور اصلاح لوگون
کو دکھلا کر اپنے منقاد اور تابع اونکو کرلیا ہزارہا آدمیون
نے اُسی بیعت کی آخر الامر اوسکا یہہ نتیجہ ہوا کہ ماہ رجب
سنہ ۴۸۴ھ سنہ ۱۰۹۲ء مین رات کے وقت قلعہ سی ایک فوج آئی اور
مولانا کو قلعہ کے اندر لے گئے مولانا نے وہان پہنچکر
مہدی علوی نام حاکم کو جو سلطان ملک شا کی طرف سی

[1] الموت نام ہے قلعہ کا اور اس لفظ کے معنے ہین عقاب +

اوس سر زمین کا حاکم تنہا بے اختیار کر دیا ایکروز یہہ حیلہ کیا
کہ مہدی مذکور سے حسن نے کہا کہ اس قلعہ کی اس قدر زمین
جسپر ایک چرسہ گای کا محیط ہو سکے تین ہزار دینار سرخ
کی عوض میرے نام پر بیع کر دو مہدی مذکور فریب مین آگیا
مان لیا حسن نے ایک کہال گای کی منگا کر ایسی باریک کتروائی
کہ وہ محیط تمام قلعہ کو ہو گئی اوسیوقت رئیس مظفر حاکم دامغان
کے نام ایک رقعہ اس مضمون کا لکہا کہ مین آپکا مطیع فرمان
بردار ہون مینے یہہ قلعہ مہدی علوی سے تین ہزار دینار
کو خرید کر لیا ہے اسکو قیمت آپ دیدین وہ رقعہ مہدی کو دیکر
قلعہ بدر کر دیا۔ مہدی مذکور اس فریب مین کبھی نہ آتا اسکے
اس فریب مین پہنسنے کا سبب یہہ ہوا کہ ایکروز مہدی نے حسن
سے باتون مین یہہ ذکر کیا شرع مین حیلہ کرنا جایز ہے چنانچہ
کئی مسائل حیلہ شرعیہ کے مولانا کے سامنے بیان بہی کئے مولانا نے
یہہ جواب دیا کہ مدار شرع کا راستی پر ہے حیلہ کرنا نہ چاہیئے جو لوگ

حیلہ کرتے ہین اونکو خدا تعالی اُسی طور سے گرفتار کریگا اس
جواب پر مہدی کی خاطر جمع نہی کہ مولانا کی مزاج مین کوئی فریب
یا حیلہ نہین ہے یہہ نہ جانتا تہا کہ یہہ گفتگو اوسیکو دام مین پھنسانے
کے واسطے مولانا نے کی ہے ناچار وہ رقعہ لیکر مظفر کی پاس
گیا اوسنے تین ہزار دینار دیدی القصہ قلعہ الموت لینے کے
بعد حکومت حسن مذکور کی بڑہنے لگی تہوڑے ہی عرصہ مین
تمام رودبار اور قہستان اُسکے تصرف مین آگیا پینتیس ۳۵ برس
حکومت کی اور اُسکے بعد سات آدمیون نے جو اُسکے پیرو اور
شاگرد اور رونق دینے والے مذہب حشاشین کے تھے وہان
پر حاکم رہے اس فرقہ کی حکومت اکاسی برس تک رہی ۴۸۳ھ ۱۰۹۰ء ۱۱۷۱ء
مین اُسنے اس فرقہ اسمعیلہ کو اصلاح دی اور کچہہ تغیر و تبدل
اوسمین کردیا اور بجائے ۹ درجون کے بہر سات ہی مقرر کئے
سب سے قوی درجہ کے لوگ اس فرقہ اسمعیلہ مین فدائی تھے
یہہ لوگ عجیب ہی قماش کی تعلیم پائے تھے اُنکے ذہن پر یہہ

بات منقش کردی تہی کہ شیخ الجبل یعنے حسن ابن صباح تمام دنیا
کا مالک ہے اور اس دنیا مین وہ بڑا قادر اور متصرف ہے جہان
جو چاہتا ہے سو کر سکتا ہے اُسکے حکم کی تعمیل مثل تعمیل حکم خدا کی
ہے جو اوسنے پہرا وہ خدا سے پہرا۔ ان فدویون کا لباس یہہ تہا
سفید پوشاک۔ لال دستار۔ سرخ کمربند اور ہاتہہ مین تیر یا چہری
جب یہہ لوگ مکان بدلتے تھے تو اِنکا لباس بھی بدلا جاتا تہا ان
لوگون کو بہنگ پلاکر اُسکے نشہ مین بہشت کی جلوہ دکہلاے
جاتے تھے اسیواسطے حشاشین اونکا لقب رکہا گیا تھا
اس گروہ کے لوگون نے کچہہ جنگ اور بہت فریب اور دغا سے
کئی پہاڑ اور قلعے فتح کر لیے تھے یہہ حال دیکہہ کر علما نے اونکو بیدین
قرار دیا اور اہل سنت وجماعت کی کتابون مین یہہ شعر

حشاشین کا لفظ مشتق ہے حشیش سے جسکو ہندی مین بہنگ کہتے ہین چونکہ یہہ لوگ
بہنگ بہت پیتے تھے اسکا استعمال اس فرقہ مین ضرور تہا اسلئے اُنکا لقب حشاشین
یعنے بہنگیا ٹہہرایا گیا +

ملاحدہ کے لقب سے مشہور ہوا ملک شاہ سلجوقی نے چاہا کہ ان کی بیخ
کنی کرے پر کسی فدوی نے جو ملازم خواجہ نظام الملک وزیر کا تھا
جسکو حسن ابن صباح دشمن کہتا تھا وزیر مذکور کو رات کے
وقت قتل کر ڈالا اور قاتل کا پتہ بھی نہ لگا - اسی طرح ملک شاہ سلجوقی
کو درمیان سنہ ۴۸۴ھ / سنہ ۱۰۹۲ء کے کسی فدوی نے زہر دیکر مار دیا بعد ازاں سنہ ۱۰۹۲ء
ملک شام مین مذہب حشاشین کا پھیل گیا قلعہ طرابلس کا
فتح ہوا سلطان سنجر سلجوقی نے یہہ حال دیکھکر کوئی ضلع حشاشین
کو دیکر صلح کر لینا غنیمت جانا اس شخص یعنے حسن ابن صباح نے
بہت مسلمانون کو گمراہ کیا آخر ماہ ربیع الاخر سنہ ۵۱۸ھ / سنہ ۱۱۲۴ء مین ۳۵ سنہ ۱۱۲۴ء
برس حکومت کر کے فوت ہوا +

## کیاہ بزرگ امید

اوسکے بعد حسب وصیت حسن ابن صباح کے کیاہ بزرگ امید شیخ
الجبل ہوا اور ابو علی اوسکا وزیر قرار پایا کیاہ بزرگ کے وقت
مین فدوی لوگون کی دھوم پڑ رہی تھی جا بجا خنجر و تلوار سے

لوگون کو مارتے پھرتے تھے اور انہین لوگون کے جاسوس جا بجا
مقرر تھے اسکے زمانہ مین ابو ہشام اولاد علی رض سے گیلان مین
ظاہر ہوا اور دعوے کیا کہ وہ امام برحق ہے اوسکے مطیع
ہزارہا آدمی ہو گئے بزرگ امید نے اوسکو کہلا بھیجا کہ اس خطرہ
ناک دعوے سے باز آ اوسنے جواب سخت دیا بلکہ بزرگ امید کو
اپنے نامہ مین گالیان اور ملامت لکھی اسلئے بزرگ امید نے لشکر
کشی اوسپر کی گیلان پر گیا مدعی امامت پکڑا گیا اور اوسکو
زندہ ہی مشکین باندہ کر آگ مین پھونک دیا اس عرصہ مین سلطان
محمود چچا اور جانشین سلطان سنجر کا قلعہ الموت پر چڑہ گیا
اور اوسکو فتح کر لیا پر حشاشین نے بہت جلد پھر وہ قلعہ
فتح کیا بعد وفات پانے سلطان محمود کے حشاشین تمام
صوبہ قزوین مین پھیل گئے آٹھ فدویون نے شاہ موصل پر
جبکہ وہ مسجد کو نماز پڑہنے جاتا تھا حملہ کیا سات آدمی اونمین سے
مارے گئے اور شاہ موصل بھی مقتول ہوا ایک آدمی سے

بچ گیا جو فدوی بچ گیا تہا اوسکی مان نے یہہ غلط خبر پاکر کہ تیرا بیٹا
بہی شہید ہوگیا ہے بڑی خوشی کی اور لباس تجہہ بدل کر عطریات
ملکر اپنی خوشی گھر گھر ظاہر کرتی پہرتی تہی پر جبکہ اُسکو یہہ خبر
ملی کہ وہ تو بچ گیا ہے شہید نہین ہوا اُسکے ساتہی مارے گئے
ہین اوسوقت اسنے اپنا مونہہ نوچ لیا سر کی بال اوکہیڑ ڈالے
اور بہت روی پیٹی کہ میرے بیٹے کو وہ درجہ کیون نہ حاصل ہوا
جو اوسکے رفقا کو ہوا اس پر قیاس کرنا چاہیئے کہ کیا محبت اُس
گروہ کے دلون مین شیخ الجبل کی تہی کہ اوسکے واسطے مارا
جانا بڑا اجر اور ثواب سمجہتے تہے - اسکے وقت مین بہت امراء
اور فقہاء اور مولوی اور عالم جو حشاشین کے مخالف تہے
اسیطرح ہر روز قتل کیئے جاتے تہے یہہ بات کچہہ اونہین پر منحصر
نہ تہی اکثر بادشاہون کے خادم خاص اور کوئی امیر ایسا نہ تہا جسکی
مصاحب اور نوکر خاص اس فرقہ فدائی کی نہی جب وہ لوگ
اپنے شیخ کے خلاف عقیدہ اپنے آقا کو پاتے فوراً جہان موقع تہا

آمادہ قتل کرڈالتے تھے - دسوان خلیفہ فاطمیہ خاندان کا
سنہ ۱۱۲۶ء سنہ ۵۲۰ھ فدویون کے ہاتھ سے درمیان سنہ ۱۱۲۶ء کے مقتول ہوا
آٹھ برس بعد اس واقعہ کے خلیفہ بغداد کا عین شاہ راہ پہ
چلتا ہوا مارا گیا اور اُسکے ناک اور کان فدیون نے کاٹ لئے
اور ننگی لاش راہ پہ ڈالکر چلدئے +

## محمد ابن بزرگ امید

بعد مرنے بزرگ امید کے اُسکا بیٹا محمد شیخ الجبل کی مسند پر
بیٹھا اس شیخ الجبل کے وقت مین مسترشد باللہ طلبا سے کو فدویون
سنہ ۱۱۳۴ء نے سازش کرکے درمیان سنہ ۱۱۳۴ء سنہ ۵۲۸ھ کے قتل کیا اور سکا بیٹا الراشد سنہ ۵۲۹ھ
فوج جمع کرکے اپنے باپ کے خون کا بدلا لینے کو تیار رہا اور قلعہ
الموت پر چڑھائی کی اثنائے راہ مین دوپہر کی وقت اپنے
خیمہ مین بسبب تابش آفتاب کے جاکر سویا چار فدیون نے خیمہ مین
سنہ ۱۱۳۷ء گھس کر سنہ ۱۱۳۷ء سنہ ۵۳۱ھ مین اوسکا کام تمام کردیا اس قتل کی خوشی آٹھ
روز تک قلعہ الموت مین رہے رات اور دن ڈھول اور جھانجھ بجے

بجا کین -

شیخ الجبل کے جاسوس ہر ایک شہر بلکہ ہر ایک گھر مین موجود
رہتے تھے کوئی شخص ایسا نہ تھا کہ اُسکا نام شیخ الجبل کے فہرست
پر مقتولین مین لکھا گیا ہو اور پھر وہ بچ رہا ہو ان لوگون کی
دلون پر بچپن سے اونکی تعلیم نے یہہ اثر پیدا کر دیا تہا کہ موت کو
کھیل سمجھتے تھے اور دلمین یقین ہو گیا تھا کہ جسوقت مرینگے فوراً بہشت
مین جاوینگے چنانچہ بھی ثواب کمانے کے واسطے بہت حشاشین
دنیا پھیل گئے اور قتل کرنا اور لوٹنا اپنا شیوہ مقرر کر لیا یہہ بات
نہ صرف دشمنون ہی کے واسطے تھی بلکہ بیگناہ مخلوق خدا کی بھی
ماری جاتی تھی اور مقتولین کا اسباب روپیہ جو اونکی ہاتھہ آتا تھا
خزانہ عامرہ شیخ الجبل مین پہنچا دیتے تھے یا اپنے رشتہ دارون
کو تقسیم کر دیتے تھے اور عام قول انکا یہ تھا کہ ہم لوگون کو دنیا
کی دولت کی خواہش نہین ہے بلکہ جو کچھہ ہم کر رہے ہین امام
مہدی علیہ السلام کے واسطے کرتے ہین مخالفین کو دنیا پر سے صاف

کرتے ہین امام موعود جلد تر آنے والا ہے اب دنیا مین صداقت
اور آزادی قایم ہوگئی اگرچہ خفیہ اعتقاد اون لوگون کے کچھ ہی
ہون ظاہراً وہ لوگ دعوے اسلام کا کرتے تھے محمد ابن گیاہ
نے بہت دنون سلطنت نہ کی تھی کہ حسن ابن محمد ابن گیاہ اوسکے بیٹے کی
طرف حشاشین کی نظر پلٹ گئی اور سنی اوسکو مسند دیوانی چاہیے
اسلئے اُسکے باپ محمد نے مسند شیخ الجبل اپنے بیٹے کو دیدی اور
خود دست بردار ہوگیا +

## حسن ثانی ابن محمد بن گیاہ بزرگ امید

اس حسن ثانی کی نسب مین اختلاف ہے مخالف اس فرقہ کی اوسکو اولاد
محمد ابن بزرگ امید کے جانتے ہین اور اسمعیلیہ فرقہ کے کہ وہ باشندہ رودبار
اور قہستان کے ہین اونکا یہہ قول ہے کہ درمیان زمانہ حسن
ابن صباح موجد مذہب حشاشین کے ایک شخص متعمد موسوم
ابو الحسن سعیدی ایک برس بعد وفات مستنصر باللہ علوی
کے مصر سے آکر قلعہ الموت مین رہا اور ایک جوان جو اولاد

نزار ابن مستنصر باللہ سے لایق امامت کی تہا ہمراہ لایا اس نے اپنے دا
حسن ابن صباح کے اور کوئی شخص واقف نہ تہا چنانچہ حسن ابن
صباح نے ابوالحسن کو بہت خاطر اور تعظیم سے رکھا اور رفتہ
تہوڑے عرصہ کے اُسکو رخصت کر دیا اور اوس جوان امام
کو ایک گانو مین قریب قلعہ کے بسا دیا امام مذکور گوشہ نشین
ہوکر عبادت مین مصروف ہوا اوسی گانو کے ایک عورت سے
امام مذکور نے اپنا نکاح کر لیا جب وہ عورت امام مذکور سے
حاملہ ہوگئی امام نے اوس عورت کو محمد ابن گیاہ کے سپرد
کر دیا اور فرمایا کہ یہہ راز کسی پر نہ کھلے مین اب جاتا ہون جب
اس عورت کے شکم سے لڑکا پیدا ہو تو اوس کو تم اپنے
گھر مین ڈال لینا - چنانچہ ایسا ہی ہوا اُس لڑکی کو لوگون
نے محمد کا بیٹا خیال کیا یہہ وہی حسن ثانی ہے اس
حسن ثانی کی فرقہ اسمعیلیہ مین اتنی تعظیم کی جاتی تھی کہ
اوسکا نام بھی زبان پر لینا باعث ہتک سمجھتے تھے اور بڑی

بڑا ادبی جانتے تھے اسلئے بجاے نام کے علی ذکرہ السلام لکھتے تھے
اور اسکے نفس کو قیامت سے تعبیر کرتے تھے کیونکہ اونکے اعتقاد
مین قیامت اوسوقت قایم ہوگی جب رسوم شرعیہ اُٹھ جاوین کی
پر حسن ابن محمد نے سب رسوم شرعیہ اوٹھا دی تہین اور
خلق اللہ بموجب انکے اعتقاد کے گویا خدا سے واصل
کر دیا تہا۔

۱۱۶۴ھ مورخین نے لکھا ہے کہ حسن ابن محمد درمیان سنہ ۵۵۹ھ ۱۱۶۴ء کے
۵۵۹ھ مسند شیخ الشیوخ پر دقیق افروز ہوا اوسی دن تمام امراء
اور شہ فار کے نام جو اوسکی قلمرو مین بستے تھے حکم نافذ فرمایا کہ
قلعہ الموت جسکا نام بلدہ الاقبال انکے زمانہ مین رکہا
گیا تھا جمع ہون چنانچہ حسب الحکم شیخ الجبل کے سب خاص و عام جمع
ہوے اور اوس قلعہ کے عیدگاہ مین ایک منبر رو بقبلہ رکہا
گیا اور چار علم ایک سرخ دوسرا سبز تیسرا زرد چوتھا سفید
منبر کے چار طرف رکھے گئے اوس روز ستر ہوین تاریخ ماہ رمضان

کی تھی حسن ثانی نے منبر پر چڑھ کر یہہ کہا کہ مین امام زمان ہون
مینے سب تکالیف شرعیہ جہان کے لوگون سے آج اٹھا دی ہین اور
سب احکام شرعیہ مینے نیست و نابود کر دئی ہین یہہ زمانہ قیام قیامت کا ہے
لوگون کو چاہئی کہ باطن سے محبت خدا کی رکھین اور ظاہر مین جو چاہین
سو کرین اب شرع پر عمل کرنا کچھ ضرور نہین ہے بعد ازان منبر سے
اتر کر روزہ افطار کر دیا سب لوگون نے اوسیوقت روزہ توڑ ڈالا
اور مانند عید کی خوشی سب کو ہو گئی اوس دن کا نام عید القیام
اونہون نے رکھا - اکثر مورخ لکھتے ہین کہ یہہ وہ ہی دن تہا جس
روز حضرت علی رض عبد الرحمن ابن ملجم کے ہاتھ سے شہید ہوے
تھے اونکی اعتقاد مین وہ دن بڑی خوشی کا ہے کیونکہ اونکا یہہ
اعتقاد ہے کہ دنیا سے چھوٹ کر عقبی مین جانا باعث لذت ارواح کا
کا ہے اور اوسنے یہہ بھی تعلیم کی کہ عالم قدیم ہے اور زمانہ نامتناہی
معاد روحانی ہے بہشت اور دوزخ معنوی ہین قیامت ہر ایک
شخص کے اوسکا مرنا ہے +

سنہ ۱۱۶۴ھ سنہ ۵۵۹ھ

ایک اور مورخ نے یون لکھا ہے کہ سنہ ۱۱۶۴ھ مین درمیان ۱۰ تاریخ
ماہ رمضان کے حسن ثانی نے دربار عام کیا اور منبر پر چڑھکر
ایک نامہ نکال کر پڑھا اور بیان کیا کہ یہہ خط امام مہدی آخرالزمان نے
جو مستور ہین مجھکو بھیجا ہے - اوسمین یہہ عبارت لکھی تھی جسکا یہہ ترجمہ
ہے -

حسن ہمارا نائب ہمارا کارکن ہمارا وزیر ہے جو لوگ ہمارے
مذہب کے پیرو ہین اوسکی اطاعت ہر ایک امر مین کرین خواہ وہ
بات روحانی ہو خواہ جسمانی اوسکے حکم کو ایسا سمجھین کہ گویا آسمان
سے وحی آئی ہے جس بات کے نہ کرنے کو کہے کبھی نہ کرین اور
جس کام کے کرنے کو کہے فوراً اوسکی تعمیل کرین اوسکی امر و نہی
کو یہہ سمجھین کہ گویا ہم بذات خود امر و نہی کر رہے ہین - یہہ خط پڑھکر
حسن نے کہا کہ فضل اور رحم کے دروازے اون لوگون کے
واسطے کہولے گئے ہین جو میری اقتدا کرین گے اور میرے
حکم کو مانین گے اسی واسطے آج سے تکالیف شرعیہ تم لوگون پر

سے اُٹھائی گئی ہین یہہ کھکر اوسی دن روزہ افطار کردیا
تمام متبعین نے بھی روزہ توڑ ڈالا اور خوشی کی آواز بڑی بلند ہوی
اور فسق و فجور ہونے لگا مورخ لکھتے ہین کہ اُسکے شاگردون نے
اُسی دن سے نماز روزہ سب چھوڑ دیا اور امور شرعیہ سے بالکل
آزاد ہو گئے ایسے زبون اور بیوقوفی کے حکمون کے سبب وہ
صرف چار ہی سال حکومت کرنے پایا پھر اپنے سالے کے ہاتھ
سے ۱۱۶۸ھ ۵۶۳ھ ۱۱۶۸ء مین مارا گیا +

## محمد ثانی ابن حسن

اوسکے بعد اپنے باپ کی جگہ محمد ثانی حسب وصیت اپنے والد
کی مسند نشین ہوا اوسنے اپنے باپ کی خون کا انتقام لینا چاہا اور
تمام اپنے کنبہ کے آدمی خواہ مرد خواہ عورت سبکو مروا ڈالا اور
بہت خونریزی کی اور قواعد اسمٰعیلے اپنے باپ کے موافق جاری
رکھے۔ اسی عرصہ مین شاخ اسمٰعیلے ایران کی شاخ شامی سے جدا
ہو گئی اور جسقدر ایران مین لوگون کی ترقی ہوتی تھی اوسیقدر

مغرب ایشیا مین تنزل ہونا شروع ہوگیا جلال الدین ابن محمد
ثانی نے اپنے باپ کو عیاش اور بی طاقت پاکر زہر دیکر درمیان
سنہ ۱۲۰۱ع سنہ ۵۹۷ھ ۱۲۰۱ع کے مار ڈالا +

## جلال الدین ابن محمد ثانی

اپنے باپ کی جگہ مسند شیخ الشیوخ پر جلوہ گر ہوا پر یہہ شخص اس فرقہ
کی امامت کرنے کے قابل نہ تہا اسلئے سب مرید اوس سے پھر گئے اور
بھی مذہب اسمعیلے ترک کر دیا اور صرف حکومت اپنے پاس رکھی پر
اتنی ہوشیاری اوسنے کی تھی کہ خلیفہ بغداد سے صلح کر لی تھی اور
اپنے رشتہ دارون کو کعبہ اللہ کے حج کرنے کے واسطے روانہ کر دیا
تہا اور بنام نو مسلم اس فرقہ کے لوگون نے اوسکو مشہور کر دیا
سنہ ۱۲۱۱ع تھا ماہ رمضان سنہ ۶۰۸ھ ۱۲۱۱ع مین اسہال کی بیماری سے فوت ہوا +

## علاء الدین ابن محمد ابن جلال الدین

بعد اوسکی وفات کے علاء الدین ابن محمد ابن جلال الدین نے اون
لوگون کو قتل کیا جنہون نے جلال الدین کے کہنے سے اسکے دادا کو

زهد کھلایا تہا اور جو لوگ شیخ الجبل سے پھر گئے تھے اور
جلال الدین کے موافق ہو گئے تھے اونکو بھی قتل کروا دیا اور باپ
سے انکار کر کے اپنے آباو اجداد کا قدیم شیوہ اختیار کیا اور
شیخ الجبل کا مسند نشین ہوا جبتک زندہ رہا بہت سے فتور مذہب
اسلام مین قایم کئے اسی وقت مین محمد ناصر محتشم حاکم قہستان
کے نام پر اخلاق ناصری تصنیف ہوئی اور خواجہ نصیر کو قلعہ
الموت مین لے گئے درمیان ۶۵۳ھ / ۱۲۵۵ء کے ماہ شوال کی چوتھی ۶۵۱ھ ۱۲۵۳ء
تاریخ ایک شخص مسمی حسن مازندرانی نے جو مذہب اسمعیلے
مین تہا علاء الدین کو قتل کیا اور سکے بعد اوسکا بیٹا رکن الدین
شیخ الجبل ہوا +

## رکن الدین ابن علاء الدین

بعد مقتول ہونے اپنے باپ کے رکن الدین بجای اوسکے
مسند شیخ الجبل پر رونق افروز ہوا اور سنے مسند پر بیٹھتہی
حسن مازندرانی کو معہ اوسکی اولاد کے سبکو قتل کر کے مقتولون

کی لاش جلوادین اوسوقت خلیفہ بغداد نے تاتاریون سے مدد مانگی
منگوقاان کو لکھا کہ اس فرقہ گمراہ اور مہلک کو دنیا پر محو کرنا مناسب
ہے اُسنے اپنے بھائی ہلاکوخان کو بھیجا اوسنے قلعہ الموت فتح کیا
اور رکن الدین شیخ الجبل کو گرفتار کرکے اُسکی خواہش کے موافق
منگوقاان کی خدمت مین روانہ کردیا اثنار راہ مین کسینے اوسکو
قتل کرڈالا اوسنے صرف ایک ہی سال سلطنت کی تھی یہہ واقعہ درمیان
سنہ ۶۵۴ھ ۱۲۵۴ء سنہ ۶۵۵ھ ۱۲۵۶ء کے وقوع مین آیا +
پھر تاتاریون نے قلعہ فردکوہ تین برس کی محاصرہ کے بعد فتح
کیا اور سب مقامات حشاشین کے مفتوح ہوے اور اس فرقہ
سنہ ۶۵۴ھ بے تمیز و گمراہ لوگون کو یکقلم قتل کرڈالا یہہ واقعہ سنہ ۶۵۴ھ ۱۲۵۶ء مین ہوا
ملک شام کی طرف جو اس فرقہ کے لوگ پھیل گئے تھے اونکی
صفائی صلاح الدین یوسف ابن ایوب نے کی
شروع مین اس فرقہ کے ۵ خلفاء فاطمیہ کا بیان اوپر گذر چکا اب
باقی خلفا فاطمیہ جو اسمعیلیہ فرقہ کے تھے پھر ذکر کیا جاتا ہے +

## ۶ المستعلی باللہ ابوالقاسم احمد ابن المستنصر

سنہ ۴۸۷ھ سنہ ۱۰۹۴ء مستعلی احمد اپنے باپ کی جگہ ۴۸۷ھ ۱۰۹۴ء مین ۱۸ تاریخ ماہ ذوالحجہ
کو حاکم مصر کا ہوا اور سنے اپنا ملک بہ نسبت اپنے باپ کی زیادہ بڑھایا
سنہ ۹۵ھ سات برس دو مہینے سلطنت کرکے ۴۹۵ھ ۱۱۰۲ء مین راہی ملک بقا ہوا سنہ ۱۱۰۲ء
وہ درمیان زمانہ ایام خلافت المستنصر باللہ عباسی کے فوت
ہوا تھا +

## ۷ الآمر باحکام اللہ ابوعلی المنصور ولد المستعلی

الآمر بعد مرنے اپنے باپ کے حاکم فاطمے کا ہوا اس حاکم فاطمیہ
نے اپنے اعدا کو خوب شکست پر شکست دی اور ہمیشہ مظفر
ومنصور رہا اور بڑے عیش وعشرت مین بسر کی اور برخلاف
اپنے اباواجداد کے اوسنے سفر بھی کیا ۲۹ برس اوسنے
سنہ ۵۲۴ھ حکومت کی درمیان ۵۲۴ھ ۱۱۳۰ء کے جبکہ وہ نماز پڑھنے کو جاتا تھا سنہ ۱۱۳۰ء

فدویون نے اوسکو قتل کر ڈالا یہہ خلیفہ ۵ برس پیشتر مستنصر باللہ عباسی کے مقتول ہونے سے مارا گیا تھا +

۸ الحافظ لدین اللہ عبد المجید محمد

بن المستنصر چچازاد بھای امر باحکام اللہ کا

عبد المجید چچازاد بھائی امر باحکام اللہ کا جوان عمر تہا جبکہ وہ بادشاہ مصر کا ہوا اوسے تمام بلد و اور شہری خوش تہے اور اُسکی اطاعت مین بہت راسخ القدم رہی یہہ بادشاہ اپنے زمانہ مین بڑا نیک نام رہا بیس برس کی عمر مین درمیان ۱۱۴۹ء سنہ ۵۴۴ھ کے اوسنے انتقال کیا اوسکا زمانہ مسترشد باللہ عباسی کے آخر ایام خلافت مین تہا +

الظافر باعداء اللہ اسمعیل بن الحافظ

ظافر اسمعیل بعد وفات اپنے والد کے مسند سلطنت ملک مصر پر متمکن ہوا اوسنے اپنا وزیر ابن السلار مقرر کیا تہا جسنے بسبب اپنے فطانت اور تیزی عقل کی بادشاہ کو ایسا مغلوب

کر لیا تہا کہ جو وہ چاہتا تہا وہ ہی ہوتا تہا اسلئے سب امرا اور اعیان
سلطنت اوس بادشاہ سے ناراض ہو گئے اور سب نے سازش اوسکے قتل
۵۵۹ھ کرنے پر کی چنانچہ ۵ برس سلطنت کرنے کے بعد درمیان ۱۱۶۴ء سنہ ۱۱۶۴ء کی
اوسکو مار ڈالا یہہ واقعہ ایام خلافت المستنجد باللہ العباسی کے
گذرا ۔

۱۰ الفائز بنصر اللہ عیسے ولد الظافر

بعد مقتول ہونے ظافر کے اوسکا بیٹا الفائز عیسے تخت مصر
پر بیٹھا اوسنے خطاب بادشاہ کا حاصل کیا اوسکا وزیر صالح بن
رزیک تہا جسنے مشہد حسینی کی تعمیر مصر مین کی سوا اسکے اور مقبرہ
اور خانقاہ اوسنے تعمیر کین چہہ برس ۶ دن بڑے عیش و عشرت
۵۶۵ھ مین اوسنے بادشاہت کی ۷ ماہ رجب ۱۱۶۹ء سنہ ۱۱۶۹ء مین درمیان ۱۶ سال
ایام خلافت المستضی باللہ عباسی کے فوت ہوا ۔

# العاضد لدین اللہ بن یوسف بن الحافظ

عاضد عبد اللہ اوسکے بعد بادشاہ مصر کا ہوا اوسکا وزیر ناصر ابن ایوب تہا اس بادشاہ نے سات یا پانچ برس تک بادشاہت کی اوسکے مرنے کے بعد یہہ خاندان فاطمیہ ختم ہوگیا خدا تعالے نے اپنے بندون پر نظر رحمت کی فرماکر اونکو ظلمون اور بدعتون سے نجات بخشی اور مجالس اسمعیلیہ بے چراغ ہوگئین اور حامی دین اسلام کا ایک اور یہی خاندان خدا تعالے نے قایم کیا وہ خاندان ایوبیہ تہا جنمین صلاح الدین یوسف بن ایوب نے اسمعیلیون کی خوب طرح پر خبر لی اور ڈہونڈ ڈہونڈکر طعمہ تیغ بیدریغ کیا اب اوس خاندان کا بیان شروع ہوتا ہے +

# خاندان ایوبیہ کو دیکھ

## ملک الناصر صلاح الدین یوسف

## ابن ایوب

صلاح الدین یوسف ابن ایوب گردستانی نے ملک مصر پر اپنا
قبضہ کرکے پہلے تو اوس ملک کو دشمنون اور باغیون سے صاف
کیا پھر شام پر چڑھائی کی چنانچہ ملک شام اور بیت المقدس
اور سوار اور نکے اور سب شہر اوس نواح کے فتح کئے مسلمانون پر
بہت بڑا احسان کیا اور رعایا سے بہت بھلائی اور سلوک سے پیش آیا
یہہ بادشاہ نیک خلق جمیل المناقب ما علم تہا اوسکا یہہ ارادہ تہا
کہ عیسائی لوگ ان شہرون مین نہ بسنے پاوین اور اُنکی بیخ و بنیاد
ملک شام سے اکھیڑ دی جاوے اوسکی وقت مین عمارات نفیسہ
بہت تعمیر ہوئین مورخین کا قول ہے کہ بعد صحابہ کے ملک مصر
کا کوئی بادشاہ ایسا دیندار اور منصف جیسا کہ صلاح الدین تہا کوئی

نہین ہوا ہے اس بادشاہ کی مجلس مین ہزل اور سخریہ کبھی نہین
ہوا ہر وقت اہل علم اور فضل اوسکی محفل مین رہتے تھے بہاء الدین
قرقوش پر امور سلطنت مین اوسکو بہت اعتماد تھا اور واقع
مین اوسکی انتظام امور مملکت اور سلطنت مین جیسا بندوبست شایستہ
ہونا چاہیئے تھا وہ بہاء الدین نے کیا یہی صلاح الدین بادشاہ متبنی
کا ممدوح ہے ۲۳ برس اوسنے بڑی دھوم دھام سے سلطنت
۱۱۹۳ء کی ۷ تاریخ ماہ صفر ۵۸۹ھ ۱۱۹۳ء کو اوسنے انتقال کیا اوسکا زمانہ آخر ۵۸۹ھ
ایام خلافت مستضیء باللہ مین تھا اور ناصر الدین اللہ ولد مستضیء باللہ
کے ایام خلافت کا شروع تھا ۔

## ملک العزیز عثمان بن صلاح الدین

اُسکے بعد ملک عزیز عثمان بیٹا صلاح الدین کا بادشاہ مصر کا ہوا
اُسنے اپنے باپ کے طور پر عدل اور احسان رعایا پر کیا اسکو چھ
۱۱۹۳ء برس سے زیادہ سلطنت کا کرنا نصیب نہ ہوا ماہ محرم ۵۹۵ھ ۱۱۹۸ء ۵۹۵ھ
مین درمیان خلافت الناصر لدین اللہ العباسی کے اُسنے وفات

پایی

## الملک المنصور محمد بن عثمان

یہہ بادشاہ بروقت وفات اپنے والد العزیز عثمان کے صغیر السن تہا اگرچہ
اوسکو تخت مصر کا ملا پر صرف ایک برس چھہ مہینے بادشاہ رہا بعد ازان
۱۱۹۰ء ۵۹۶ھ درمیان ۱۱۹۶ء ۵۹۲ھ کے تخت سے اوتار اگیا یہہ حال درمیان خلافت
الناصر لدین اللہ العباسی کے گذرا

## الملک العادل سیف الدین ابوبکر بن ایوب

۱۱۹۶ء ۵۹۲ھ یہہ بادشاہ صلاح الدین یوسف کا بہائی تہا ۱۱۹۶ء ۵۹۲ھ مین وہ
مصر کا بادشاہ ہوا ملک شام پر قبضہ کیا فسطاط کو فتح کیا اوسنے جملی ملک ایوب
اپنا ملک بہت بڑہایا اور امور سلطنت مین بہت محتاط رہا یہہ
بادشاہ مزاج کا حلیم اور صابر تہا اپنے ارادہ اور عزم مین نہایت
استوار گذرا ہے اوسکی ایام سلطنت مین درمیان ملک مصر کے
ایسا قحط پڑا کہ ہزارہا آدمی مر گئے کہتے ہین روٹی کا دیکھنا لوگونکو نصیب
نہوتا تہا ہزار دینار کو ایک روٹی بیکتے تہے اس بادشاہ نے

دس بیس نو مہینے سلطنت کی ۱۴ اسکی اور سیکے بعد

اوسکی ہتھے ماہ جمادی الآخر ۱۲۱۸ء ۶۱۵ھ بیچ درمیان خلافت الناصر لدین

لدین اللہ العباسی کے وہ فوت ہوا

## الملک الکامل محمد ابن العادل

بعد وفات ابوبکر العادل کے اوسکا بیٹا محمد بادشاہ ہوا یہہ ابو العلیا الملقب

ابو حیدر بھی کہتا تھا اوسکے [illegible] علماء

کے بہت قدر کرتا تہا اوسکو غریبے غربا سے بہت دیتا تہا

حدیث نبوی کی سننے کا کمال شوق اوسکو تہا اسی بادشاہ نے امام شافعی

کا مقبرہ تعمیر کیا اور بہت پختہ اور مضبوط اوسپر گنبد بنایا اور سونے چاندی

یا اخشاد کرتا تہا اپنے آپ سب کچھہ کرتا تھا بیس برس تک اوسنے

مصر کے بادشاہت کے ماہ رجب ۱۲۳۹ء ۶۳۷ھ بیچ اوسنے وفات

پائی اوسکا زمانہ آخر ایام خلافت الناصر لدین اور تمام ایام خلافت

الظاہر بامر اللہ اور اکثر ایام خلافت المستنصر باللہ العباسی کو شامل ہے

## الملک العادل ابوبکر ابن الکامل

بعد وفات اپنے باپ کے ملک عادل ابوبکر بادشاہ ہوا اور سنہ ۶۱۲ھ
تقریب دو برس کے سلطنت کرکے سنہ ۶۱۴ھ / ۱۲۱۷ء وہ تخت سے ۶۳۷ھ
اوتارا گیا بعد اسکے بادشاہ المستنصر باللہ العباسی
نے مظفر کو ذرہی زمانگذرا تھا

## الملک الصالح ابو ایوب نجم الدین

ملک صالح جو بعد ملک عادل کا تیسرا بعد وفات اپنے
بھائی کے بادشاہ ہوا یہ بادشاہ پارسا اور عالم
بہت لطیف طبع گذرا ہے اوسنے اوقاف کے
تعمیر کئے اور رعایا کا انصاف خوب کیا نو برس نو ماہ
سلطنت کرکے المنصورہ مین درمیان جنگ فرنگ
کے ۱۲۵۰ء شعبان سنہ ۶۴۷ھ / ۱۲۵۰ء مین فوت ہوا اوسکا جنازہ
منصورہ سے قاہرہ مین لائے دو مدرسون کے درمیان
جو ایک قبہ اوسکے قبر کے واسطے اوسکے حین
حیات مین تیار کیا گیا تہا دفن کیا گیا اوسکا زمانہ اہل ایام

خلافت ... المنتصر باللہ اور اوایل خلافت المستعصم باللہ کو

شامل ہے

## ملک المعظم توران شاہ ابن الصالح

یہہ بادشاہ صرف دو مہینے تخت مصر پر مسلط رہا بعد ازاں

سنہ ۶۴۷ھ سنہ ۱۲۵۰ع معزول کیا گیا پھر مقتول ہوا یہہ واقعہ سنہ ۱۲۵۰ع مین درمیان

سنہ ۶۴۷ھ خلافت مستعصم باللہ عباسی کی وقوع مین آیا

## ملکہ شجرۃ الدر کنیز ملک صالح

شجرۃ الدر مان خلیل کے نہایت خوش سیرت عورت کنیز

ملک صالح کے کے اوسکی بعد بادشاہی اوسنے بہت اچھا انتظام

لائق تعریف ملک مصر کا کیا اوسکا نام خطبہ مین بعد نام خلیفہ کے پڑہا جاتا

وجہ اوسکی یہہ تہی کہ وہ بہت مخیرہ شریفۃ النفس اور عفیفہ تہی قوانین سیاست

سنہ ۶۴۸ھ ملکی اور فضائل محمودہ اوسمین جمع تہی تین مہینے سلطنت کرکے ماہ ربیع الآخر سنہ ۱۲۵۱ع

سنہ ۶۴۸ھ مین درمیان ایام خلافت مستعصم باللہ کی خود وست بردار سلطنت سے ہوئی

## ملک الاشرف موسی بن یوسف

مصر مین سوا نام بادشاہت کے اور کچھہ اوسکو نصیب نہوا یہہ آخر
بادشاہ اس خاندان ایوبیہ کا تہا جب امرا نے دیکہا کہ وہ بالکل لیاقت
بادشاہت کی نہین رکہتا درمیان ۱۲۹۲ء/۶۵۲ھ کے پانچ برس سلطنت کا ۱۲۵۱ء/۶۴۹ھ
مزہ اٹہانے کے بعد اوسکو تخت سے اُتار دیا خاندان شاہان کردیہ
کا خاتمہ اسپر ہوگیا اوسکے بعد سلطنت غلامان دولت کردیہ کی چمکی

## خاندان ملوک ترکیہ

جو غلام دولت کردیہ کے گذرے ہین

### ملک المعز عزیز الدین ایبک ترکمانی صالحی

اس خاندان کا اول بادشاہ معز بن ایبک ہی اوسنے سلطنت کو خوب
آرایش دی اور ملک کا بہت اچہا انتظام کیا جس جای اغماض
کرنا چاہیے اوس جگہہ نسامع کیا جس مقام پر ستیادر کارتی وہان پر
سیاست کی اور سب کی نظرون مین عزیز اور جلیل رہا دو برس
کے بعد درمیان ماہ ربیع الاول ۱۲۵۵ء/۶۵۵ھ کے مقتول ہوا یہہ واقعہ ۱۲۵۷ء/۶۵۵ھ

اواخر ایام خلافت مستعصم باللہ مین گذرا +

## ملک المنصور علی ابن المعزّ

المنصور علی بعد اپنے باپ کی سلطنت کا وارث ہوا اوسکی بہت عزت اور قدر اراکین سلطنت نے کی سب رعایا اوسکی احکام کی تعمیل دل سے کرتی تھی دو برس کی بعد اوسنے خود ہی سلطنت سے انکار کر دیا ۶۵۵ھ مطابق ۱۲۵۹ء مین وہ گوشہ نشین ہوگیا اون ایام مین المستنصر باللہ ۶۵۷ھ ۱۲۵۹ء العباسی مصر کا خلیفہ تہا +

## ملک مظفر قطز مغلی

مظفر قطز اوسکی بعد تخت مصر پر بیٹھا اوسکے اقبال نے بڑی یاوری کی اور اوسکے مطالب اور مقاصد حسب خواہش پوری ہوئے اوسکی وقت مین تاتاریون نے بلاد شام پر چڑھائی کی اور قریب تہا کہ دیار مصر پر بھی حملہ آور ہون مگر ملک مظفر قطز نے خود ہی اون پر حملہ کیا اور ملک شام مین شکست فاحش اونکو دی یہہ واقعہ اوسکی ایام سلطنت مین بڑے معرکون مین شمار کیا جاتا ہے چنانچہ ایک شاعر کہتا ہے

غَلَبَ التَّتَارُ عَلَى الْبِلَادِ فَحَاؤُهُمْ
مِنْ مِصْرَ تُرْكِيٌّ يَجُودُ بِنَفْسِهِ
بِالشَّامِ اَهْلَكَهُمْ وَبَدَّدَ شَمْلَهُمْ
وَلِكُلِّ شَيْءٍ آفَةٌ مِنْ جِنْسِهِ

پر اوسکے طالع نے اوسکی مدد نہ کی ایک سال کے بعد وہ مارا گیا اسکا مقتول ہونا اس طرح پر ہوا کہ ظاہر بیبرس اوسکی جگہ بادشاہ ہونا چاہتا تھا اسلئے اوسنے سازش کرکے ۱۵ تاریخ ماہ ذوالقعدہ سنہ ۶۵۸ھ ۱۲۶۰ء مین فریب دیکر اوسکو قتل کردالا اون دنون مین مصر کا خلیفہ المستنصر باللہ تھا ۔ سنہ ۱۲۶۰ء

ملك الظاهر ركن الدنيا والدين
بيبرس العلائي البندقداري

اوسکے بعد ظاہر بیبرس بادشاہ ہوا اسکی بہت تعریف مورخون نے لکھی ہے کیونکہ اوسنے بہت تحسین کین اور عجیب وغریب انتظام

سلطنت کے اوسکے ظہور مین آئے اور وہ خود بھی شجاع اور مہیب نیک سیرت بادشاہ تہا جو بات ملک گیری کی سوچتا تہا اوسکی رای کبھی خطا نہ کرتی ستّرہ برس تک اوسنے بادشاہت کی ۲۷ محرم ۶۷۶ھ ۱۲۷۷ء درمیان دمشق کے فوت ہوا اوسکی زمانہ مین خلافت المستنصر باللہ عباسی کی تھی ۶۷۶ھ

## ملک السّعید محمّد ناصر الدّین برکۃ اللہ ولد الظّاہر

اوسکے بعد اوسکا بیٹا سعید برکت تخت نشین ہوا وہ بالکل اپنے باپ کے طور پر رہا اور مذہب اور انتظام ملک مین اوسنے پوری اقتدا اپنی باپ کے کی مگر ابھی پورا سال نہ ہوا تہا کہ لوگون نے اوسکی سلطنت منظور نہ کی ۲۷ ربیع الآخر ۶۷۸ھ ۱۲۷۹ء مین وہ تخت سے اتارا گیا یہہ واقعہ خلیفہ مصری الحاکم بامر اللہ العباسی کی خلافت مین ہوا ۶۷۸ھ

## ملک العادل بدر الدین سلامش

بعد اپنے بھای برکت اللہ کے ملک العادل بدر الدین تخت نشین ہوا چار مہینے کے بعد ہی ۲۰ رجب ۶۷۹ھ ۱۲۸۰ء مین تخت سے اتارا گیا ۶۷۹ھ

# ملک المنصور ابو المعالی قلاؤون الصالحی النجمی الالفی

منصور قلاؤون بعد ملک العادل بدر الدین کے بادشاہ ہوا
اوسنے حتی المقدور رعایا کے ساتھہ بہت بھلائی کیے اوسکی وقت
مین بڑی بڑے فتحین ظہور مین آئین اگرچہ اوسکی صورت مہیب تھی
پر دلمین بہت حلیم تھا لیکن لڑائے مین بڑا شجاع اور بہادر تھا اوسنے
گیارہ برس سلطنت کی ۶ تاریخ ماہ ذی القعدہ کو درمیان سنہ ۱۲۹۰ع / ۶۸۹ھ
کی الحاکم بامر اللہ کے خلافت مین فوت ہوا

سنہ ۱۲۹۰ع / ۶۸۹ھ

# ملک الاشرف صلاح الدین خلیل

اوسکے مرنے کے بعد اوسکا بیٹا اشرف خلیل اپنے باپ کی جگہ بادشاہ
ہوا ملوک ترکیہ سے کوئی بادشاہ اوسکے برابر شجاعت اور بہادری مین نہ تھا
پر افسوس ہے کہ باوجود اسکی کہ وہ نیک سیرت اور خوب صورت
رعایا کا محسن بھی تھا بعد تین برس کے اوسکی قتل پر سازش
ہوئی ۲۳ تاریخ ماہ محرم سنہ ۱۲۹۳ع / ۶۹۳ھ درمیان ایام خلافت الحاکم مذکور کے

سنہ ۱۲۹۳ع / ۶۹۳ھ

مارا گیا

# ملک الناصر محمد بن قلاؤن

بعد وفات اپنے بھائی کے ملک الناصر بادشاہ ہوا اور سنے بہت اچھے
طرح عدل اور انصاف رعایا کا کیا پہر اسنے سالمین سلطنت چھوڑ کر
۱۲۹۹ء بیشہ رہا بعد ازان ۱۲۹۹ء مین پہر سیکدو لوگون نے بادشاہ بنایا ۶۹۸ھ
۱۳۰۹ء دس برس سلطنت کرکے درمیان ۱۳۰۹ء کی ملک گرک کیطرف چلا گیا ۷۰۹ھ
بعد ازان پہر معاودت مصر کو کے اور بادشاہت اوسکی انتہا ئی
پہر اس ملک کی بادشاہت ۳۳ برس تک اوسنے کے تاریخ
ماہ ذوالحجہ کو ۱۳۴۱ء مین اوسنے انتقال کیا اوسکا زمانہ آخر ایام
خلافت الحاکم بامر اللہ اور جمیع ایام خلافت المستکفی باللہ کو شامل ہے
بسے ملک ناصر نے اس خلیفہ کو قوص کی جانب جلاوطن کرکے
نکالدیا تہا کسی شاعر نے کیا نفیس شعر اوسکی مرثیہ مین لکہی ہین وہ یہہ ہین

قُلْتُ لِبَدْرِ الْاُفْقِ لَمَّا بَدَا ۔۔۔ وَوَجْهُهُ مُنْكَسِرٌ بَاسِرٌ

مَالَكَ لَا تَسْفِرُ عَنْ بَهْجَةٍ ۔۔۔ فَقَالَ مَاتَ الْمَلِكُ النَّاصِرُ

او سنے ۴۴ برس ۲۵ یوم مصر کی سلطنت کے

# ملك العادل کتبغا

# المنصوری

بعض مورخون نے اوسکو بھی بادشاہوں کی سلسلے مین شمار کیا ہے ہرچند کہ

او سنے سلطنت صرف دو ہی برس سے کی تھی اور وہ اوسوقت بادشاہ

سنہ ۶۹۴ھ ہوا تھا جب ملك الناصر کی سلطنت کی درمیان سنہ ۶۹۳ھ کی خلع کیا تھا

سنہ ۶۹۶ھ بعد دو برس کے ماہ محرم سنہ ۶۹۶ھ مین اوسنے بھی بادشاہت چھوڑ دی

# ملك المنصور حسام الدین لاجین المنصوری

بعد عادل کتبغا کی ملك منصور لاجین بادشاہ ہوا دو برس چند ماہ

سنہ ۶۹۸ھ او سنے سلطنت کی اتاریخ ماہ ربیع الاول سنہ ۶۹۸ھ مین قتل کیا گیا

# ملك المظفر رکن الدین بیبرس الجاشکیر المنصوری

بعد ازان مظفر بیبرس بادشاہ ہوا ایک سال ۱ سنے سلطنت کی پھر معزول

کیا گیا بعد ازان درمیان سنہ ۷۰۱ھ مین قتل کیا گیا ۔ یہہ تینون

بادشاہ ملک الناصر کے وقت اوسکی جگہ پر بادشاہ ہوگذری ہین

## ملک المنصور ابوبکر ولد الناصر

منصور ابوبکر بعد وفات اپنے والد کے بادشاہ ہوا دو مہینے کی بعد اوسکو قوص کے طرف جلاوطن لوگون نے کردیا اوسی جگہ اوسنے وفات پائی اوسنے خلع سلطنت سی درمیان خلافت واثق باللہ کے سنہ ۷۴۲ھ ۱۳۴۱ء مین کیا تہا

## ملک الاشرف کجک ولد الناصر محمد

بعد اپنے بہائی منصور کے اشرف کجک بادشاہ ہوا اوسنی صرف آٹہہ مہینے سلطنت کیے بسبب سازش مخالفین کے قوص کے جانب نکالا گیا اوسی جگہ سنہ ۷۴۳ھ ۱۳۴۲ء مین اوسنے وفات پائی

## ملک الناصر احمد ولد الناصر محمد

ناصر احمد ملک کرک سے آکر بجائے اپنی بہائی کے بادشاہ ہوا اوسکی ظلم اور جور کی رعایا پہر گئی سنہ ۷۴۵ھ ۱۳۴۴ء مین مقتول

ہوا وہ درمیان زمانہ خلافت الحاکم بامر اللہ بن المستکفی کے تہا

ملک الصالح اسمعیل ابے

الغدین الناصر محمد

اُسکے بعد صالح اسمعیل بادشاہ ہوا اُسنے تیرہ برس دو مہینے سلطنت کی

سنہ ۹۴۳ھ بعد ازان ۴ تاریخ ماہ ربیع الاخر سنہ ۱۳۴۳ء مین درمیان خلافت سنہ ۱۳۴۳ء

الحاکم بامر اللہ کے فوت ہوا اُسکے مرثیہ مین صلاح صفدی کہتا ہی

## بیت

مضی الصالح المرجو للناس والندا

ومن لم یزل یلقی المنی بالمنایح

فیا ملک مصر کیف حالک بعدہ

اذا نحن اتینا علیک بصالح

ملک الکامل شعبان ولد الناصر محمد

اسکے بعد کامل شعبان بادشاہ ہوا وہ ماہ ربیع الآخر مین تخت پر

بیٹھا تہا اُسیوقت ابن بطوطہ مصر مین تہا اُسکے جلوس کی بابت یہہ کہتا ہے

جبین سلطاننا المرتجی مبارک المطالع البدیع

یا بمهجة الدهر ادتبدی هلال شعبان فی ربیع

جب اُسکی اخلاق مین فرق آگیا تب ارا کین سلطنت نے اُسکو تخت سے اُتار کر جلاوطن کر دیا اُسنے صرف ایکسال ایک ماہ اور ۱۵ روز بادشاہت کی درمیان ۱۳۴۱ھ ۱۳۴۶ھ کے فوت ہوا اُسوقت خلفای عباسیہ سے الحاکم بامر اللہ مصر مین خلیفہ تہا +

ملک المظفر حاجي ولد الناصر محمد

المظفر حاجي بعد اپنے بھائی کے بادشاہ ہوا جب وہ تخت پر بیٹھا اُسوقت اچھا تہا پھر بڑا مغرور اور ظالم ہوگیا رعایا کے ساتھ بہت بدسلوکی سے پیش آیا اور انتظام ملک مین بہت بڑی خرابی برپا ہوگئی قتی علما اور فضلا کے عہدون پر ذلیل اور اوباش بدچلن آدمی مقرر کردے اسلئے بعد ایک برس آٹھ مہینے سلطنت کی نکبری کی مانند ذبح کیا گیا یہہ واقعہ ۱۲ رمضان ۷۴۳ھ ۱۳۴۲ء مین ہوا اُسکا زمانہ مینان خلافت الحاکم عباسي کے تہا +

## ملک المناصر حسن ولد الناصر محمّد

ناصر حسن بعد اپنے بہائی کے بادشاہ ہوا تین برس سلطنت کرکے
تخت سے اوتار اگیا پھر بعد ایک مدت کے بادشاہ ہوا اُسنی نے جامع مسجد
درمیان رمیلہ کے تعمیر کی ہے اور بہت روپیہ اُسپر صرف کیا
سنہ ۷۶۲ھ اُسنے دس برس چار مہینے بادشاہت کی ماہ جمادی الاولی ۷۶۲ھ میں سنہ ۱۳۶۱ء
درمیان اواخر ایام خلافت معتضد باللہ ابن المستکفی عباسی کے قتل کیا گیا

## ملک الصالح صالح ولد الناصر محمد

بعد ناصر حسن کے جو اسکا بہائی تھا ملک الصالح بادشاہ ہوا اسکو نام
ہی مین صلاحیت پائی گئی واقع مین وہ غیر صالح تہا اُسکی وقت مین
وزارکو اختیار تھا جو چاہتے تھے سو کرتی تھی بادشاہ برای نام تہا
جن لوگون نے اُسکو تخت پر بٹھلایا تہا اُنھون ہی نے اُسکو تخت
سنہ ۷۶۵ھ سے اُتار دیا یہہ حال درمیان ۷۶۵ھ میں سنہ ۱۳۶۳ء ایام خلافت المعتضد
مین گذرا ۔

## ملک المنصور محمد بن حاجی ولد الناصر محمد

منصور محمد اُسکے بعد بادشاہ ہوا اُسنے دو برس تین مہینے سلطنت
کی اُسکو مولی یلبغا نے تخت سے اُتار کر قلعۃ الجبل مین محبوس کیا
یہان تک کہ اُسی جگہ درمیان ۱۳۹۰ء کے فوت ہوا +

## ملک الاشرف شعبان بن حسین بن الناصر محمد

اشرف شعبان بہت بڑا سخی اور کریم بادشاہ ہوا ہے اُسکی شجاعت
اور شہامت ضرب المثل ہے وہ علماء کی مجلس بہت پسند کرتا تہا اور
حدود شرعیہ سے کبھی اُسنے تجاوز نہین کیا اُسنے یلبغا غلام کو
جسنے منصور محمد بن حاجی کو قتل کیا تھا مروا ڈالا اور چودہ
برس نو ماہ مصر کی بادشاہت کی ۵ تاریخ ماہ ذوالقعدہ کو درمیان
۱۳۷۶ء کے مقتول ہوا اُسوقت متوکل معتضد عباسیہ خلیفہ تہا +

## ملک المنصور علی ابن الاشرف شعبان

المنصور علی بیٹا اشرف شعبان کا بجای اپنے والد کے تخت

نشین ہوا اُسنے پانچ برس چار ماہ بادشاہت کی ۱۰ تاریخ ماہ صفر
سنہ ۷۸۳ھ سنہ ۱۳۸۱ء سنہ ۱۳۸۱ء مین فوت ہوا اُسوقت متوکل علی اللہ عباسی کی خلافت
تھی +

## ملک الصالح حاجی بن الاشرف شعبان

اُسکے بعد صالح حاجی بادشاہ ہوا برقوق نے اُسکو تخت سے
اُتار دیا پھر اُسنے بعد ایک بڑی لڑائی لڑنے کے بادشاہت
مصر کی پائی اس دفعہ اُسکو لقب المنصور ملا دو برس چند ماہ سلطنت
سنہ ۷۹۲ھ کر کے ماہ محرم ۷۹۲ھ ۱۳۹۰ء مین وہ خود ہی دست بردار سلطنت سنہ ۱۳۹۰ء
سے ہو گیا یہہ حال درمیان خلافت متوکل عباسی کے ہوا +

## ملک الظاہر برقوق

ظاہر برقوق اُسکے بعد بادشاہ ہوا اُسنے اچھی طرح سلطنت کی
اور بہت روپیہ جمع کیا سولہ برس چار مہینے ۱۵ یوم بادشاہت
سنہ ۸۰۱ھ کر کے ماہ شوال ۸۰۱ھ ۱۳۹۸ء مین درمیان خلافت متوکل سنہ ۱۳۹۸ء
عباسی کے فوت ہوا +

## ملک الناصر فرج ابو السعادات بن برقوق

ناصر فرج تخت مصر پر بعد وفات اپنے والد کے بیٹھا اسکے وقت مین بڑی ہل چل مچی تھی تیمور لنک نے مصر مین آکر روپیہ اور مال لوٹ لیا اور عورتین پکڑ لین ناصر فرج نے اُسکا اگرچہ سخت مقابلہ کیا پر تیمور ان بلاد سے اپنی مراد خوب طرح پوری کرکے واپس ہوا اسی ناصر کے حق مین شاعر مشہور مغربی کہتا ہے ۔

### بیت

مضی الظاهر السلطان اکرم مالك
الی ربه یرقی الی الخلد فی الدرج
وقالوا ستاتی شدة بعد موته
فما کذبهم ربی وما جا سوی الفرج

جب اسکے وقت مین بہت فتنہ اور فساد برپا ہو گئے تو اُسنے خود

ہی سلطنت سے دست کشی کی اور تخت چھوڑ دیا پھر وہ ہی بادشاہ
مقرر ہوا قریب سات برس اوسنے بادشاہت کی بعد ازان دمشق مین
۸۱۵ھ بڑی طرح سے مارا گیا یہہ واقعہ ۱۱ تاریخ ماہ صفر ۸۱۵ھ ۱۴۱۲ء مین سنہ ۱۴۱۲ء
درمیان خلافت المستعین باللہ بن توکل مصر کے ہوا ٭

## ملک المنصور عبد العزیز بن برقوق

منصور عبد العزیز اسکی جگہہ بادشاہ ہوا وہ بھی تک اچھی طرح
انتظام سلطنت کا کرنے نہ پایا تہا کہ اسکا بہائی کہین سے آپہنچا
اوسنے اکر اسکو دہانسے نکالدیا چنانچہ سکندریہ مین اوسنے
۸۰۸ھ جاکر پناہ لی اسکی جگہ درمیان ۸۰۸ھ ۱۴۰۵ء مین مقتول ہوا اسی سال سنہ ۱۴۰۵ء
مین خلیفہ مصر کا متوکل بن المعتضد فوت ہوا تہا ٭

## ملک المؤید ابو النصر شیخ المحمودی الظاہری

ابو النصر شیخ بادشاہ مصر کا بعد خلع ہونے مستعین عباسی
۸۲۴ھ کے ہوا اوسنے صرف دو برس پانچ مہینے سلطنت کی ۸۲۴ھ ۱۴۲۱ء سنہ ۱۴۲۱ء

مین درمیان خلافت معتضد بن المتوکل مصری کے فوت ہوا +

## ملک المظفر احمد ابو السعادات ابن المویّد

المظفر احمد دو برس کی عمر مین بادشاہ مصر کا مقرر کیا گیا اُسکا وزیر
ططر اُسکی طرف سے حکومت کرتا تھا سات مہینے چند یوم اس لڑکے کی
سلطنت رہی کیونکہ عمر نے اُسکے دفانہ کی +

## ملک الظاہر ططر ابو الفتح

الظاہر ططر بادشاہ اُسکے بعد ہوا یہہ بادشاہ بڑا عالی ہمت اور عاقل تہا
اہل علم اور فضل سے محبت رکہتا تہا اُسنے ۳ سال ۹ یوم سلطنت کی عمر
۱۴۲۱ء نے اُسے بھی دفانہ کی ۵ تاریخ ماہ ذی الحجہ ۸۲۴ھ ۱۴۲۱ء مذکور مین وفات ۸۲۴ھ
پائی +

## ملک الصالح محمد بن ططر

یہہ لڑکا جوان اور بالغ ہو چکا تہا جبکہ اپنے باپ کی جگہہ بادشاہ ہوا چار
ماہ دو دن اُدہ سلطنت کر کے خود دست بردار ہو گیا بعد ازان
۱۴۲۱ء وبای عام مین مبتلا ہو کر درمیان ۲۵ ۸۲۵ھ ۱۴۲۲ء کی خلافت المعتضد ۸۲۵ھ

المعتضد باللہ عباسی متوفی ین وفات پائی +

## ملک الاشرف ابو النصر برسبای دقماقی

اشرف ابو النصر نے اچھی سلطنت کی یہہ شخص بڑے بادشاہون کی
شمار مین ہے اُسکو قران شریف کے سننے کا بہت شوق تہا ماہ رمضان
اور غیر رمضان اکثر روزہ رکہتا جزیرہ قبرص اُسنے فتح کیا ۱۶
برس چند یوم اُسنے سلطنت کی پہر اپنی موت سے درمیان ۸۴۱ھ ۱۴۳۷ء سنہ ۸۴۱ سنہ ۱۴۳۷
کے درمیان خلافت معتضد کے فوت ہوا +

## ملک عبد العزیز ابو المحاسن یوسف
## ابن الاشرف

اُسکے بعد عبد العزیز ابو المحاسن کے اقبال کا ستارہ طالع ہوا پر
اُسکے بخت نے مساعدت نہ کی اگرچہ بادشاہ ہوکر تخت مصر پر بیٹہا
مگر تہوڑی ہی دنون کے بعد خود ہی سلطنت سے دست بردار ہونا
پڑا بعد ازان وہ اسکندریہ کو بہیجا گیا اُسی جگہ فوت ہوا اُسنے
۱۰ ماہ ربیع الاول ۸۴۲ھ ۱۴۳۸ء مین تخت چہوڑا درمیان خلافت ۔ سنہ ۸۴۲ سنہ ۱۴۳۸

معتضد باللہ خلیفہ مصر کے یہہ حال گذرا ۔

## ملک الظاہر ابو سعید علی جقمن العلائی ابن ابنا ل

ظاہر ابو سعید اُسکے بعد بادشاہ ہوا یہہ بادشاہ یتیمون اور مسکینون پر بہت احسان کیا کرتا تہا چودہ برس چہہ مہینے اُسنے سلطنت کی ۳ ماہ صفر ۸۵۳ھ ۱۴۵۳ء مین اُسنے وفات پائی اُسکا زمانہ آخر ایام خلافت المعتضد اور جمیع ایام خلافت المستکفی بن المتوکل اور اکثر ایام خلافت القائم بامر اللہ ابن المتوکل کو شامل ہے ۔

۱۴۵۳ سنہ

۸۵۷ سنہ

## ملک المنصور عثمان ابو السعادات ولد ابو سعید

منصور عثمان نے چالیس یوم بادشاہت کی بعد اُنکے تخت سے اُتارا گیا اُسکے وقت مین بابت اس سلطنت کی بہت لڑائیان اور فساد برپا ہوے تھے اسی لئے اُسکو اسکندریہ رہنے کی اجازت ہوئی اُسی جگہہ اُسنے وفات پائی ۔

## ملک الاشرف ابو النصر
## اینال العلائی الناصری

یہہ بادشاہ اشرف ابو النصر اُسکی بعد تخت مصر کو رونق بخش ہوا
اُسکے وقت مین آشوب فتنون کا نہونے پایا اور اُسکی بدی کسی
کے مونہہ سے نہ سنی گئی یہہ بادشا کثیر العطا اور قلیل الخطا تہا صرف
اتنا ہی قصور اُسمین تہا کہ وہ امی محض تہا لکہنا پڑہنا اُسکو نہ آتا تہا آٹھ
برس دو مہینے چہہ دن اُسنے بادشاہت کی بعد ازان داعی اجل
کو لبیک کہہ کر ۱۵ جمادی الاولے ۸۶۵ھ سنہ ۱۴۶۱ع کو راہی ملک بقا ہوا
یہہ واقعہ خلافت مستنجد باللہ بن المتوکل مین گذرا ۱۲

## ملک المؤید احمد ابو الفتح ولد
## الاشرف ابو النصر

مؤید احمد اپنے باپ کی جگہ تخت نشین ہوا اس بادشاہ کی تعریف مورخ
لوگ بہت کرتے ہین وہ کہتے ہین کہ یہہ بادشاہ صاحب علم نیک تدبیر
اور اچہا سیاست کنندہ تہا مگر اُسکا مددگار کوئی شخص منصف اور

نیک آدمی اُسکو نہ ملا اور نہ زمانہ نے اوسکی مساعدت کی ۵ ماہ ۴ یوم
کے بعد اُسکو جبراً تخت سے اُتار دیا یہہ حال ۱۰ ماہ رمضان ۸۶۵ھ ۱۴۶۱ء
مین گذرا ۔

## ملک الظاہر ابو سعید
## خوش قدم الناصری المؤیدی

ابی الظاہر ابو سعید نے تخت پر قدم رکہا اُسکو علم قرات خوب آتا تہا
قاریون کا حلقہ اُسکے پاس رہتا تہا امور سلطنت کا اچہا منظم
تہا پر کثیر الطمع تہا سوار اسکے اور سب خصایل اُسکے محمود تھے اُسنے ۶
برس دو مہینے سلطنت کی ۱۰ تاریخ ربیع الاول ۸۷۲ھ ۱۴۶۷ء مین درمیان
خلافت المستنجد باللہ مصری کے اُسنے وفات پائی ۔

## ملک الظاہر ابو سعید بلبای العلائی

الظاہر ابو سعید العلائی بروز وفات الظاہر کے تخت سلطنت
پر متمکن ہوا اسکو سلطنت سے سوار نام کرا اور کچہہ حصہ نہ ملا ۵۰ یوم
اُسنے بادشاہت کی پہر اسکندریہ کو جلاوطن کیا گیا اُسی جگہہ اُسنے وفات

پائی +

## ملک الظاہر ابوسعید تمربغا

الظاہر ابوسعید تمربغا اُسکے بعد بادشاہ ہوا اُسنے رعایا کے ساتھ
بہت نرمی کی اور مقدمات عدالت مین بخوبی انصاف کیا اور اپنی خود رست
رکہی اور تخت اور سلطنت کی اچہی طرح پر آرائش کی مگر اراکین سلطنت
اُسکو بڑی عزت اور توقیر سے دمیاط کی گہاٹی لنگہا کر اسکندریہ
مین لائے اور اسیجگہہ تا پانے وفات کے وہ رہا اُسنے صرف دو مہینے
بہر مین سلطنت کی نام بادشاہت کا اُسکو مل گیا اور کچہہ نصیب نہ ہوا

## ملک الاشرف ابوالنصر قایتبای الظاہری

الاشرف ابوالنصر قایتبائی نے تخت پر بیٹہہ کر بڑی عقلمندی اور
دیانت داری سے کام کیا رعیت اُسسے نہایت راضی رہی اور اُسنے
بہی رعیت سے بڑا سلوک کیا اور سب ملے خوش خلقی اور نیکی سے پیش آیا
بڑا بادشاہ لایق تعریف مصر مین گذرا ہی اُسکو اگر نسبت کر کے
بادشاہان سابق سے دیکہین تو وہ زر خالص ہے اور دوسرے بادشاہ کہ

دھان کی مانند لوھے کے ھین اُسکے زمانہ کو عھد الذھب کہنا چاھیے
اور اُسکو بادشاھان سابق کا امام قرار دین تو بجا ھی اُسنے بہت عمارتین
خانقاھین و مسجدین مشہور تعمیر کی ھین اُسنے ۹ سال چھ ماہ بادشاھت
کی اور اس عرصہ مین کسیطرح کا ظلم یا تعدی اُس سے ظہور مین
نہین آئی اسیواسطے اتنی مدت تک وہ بادشاہ رہا بعد ازان
اپنی اجل سے ایتوار کے روز ماہ ذوالقعدہ مین درمیان ۱۴۹۵ء / ۹۰۰ھ
کے فوت ہوا اُسکی سلطنت کا زمانہ مدت خلافت المستنجد باللہ
اور اکثر ایام خلافت المتوکل عبدالعزیز کو شامل ہے +

ملک الناصر محمد ابوالسعادات ولد قایتبائی

الناصر محمد بعد وفات اپنے والد کے تخت نشین ہوا یہ حوادث اور
فتنون نے اسکی مدت دراز نہونے دی اُسکا یہہ حال کبھی اُسکو
تخت پر بٹھلا کر بادشاہ بناتا تھا کبھی اوتار دیتا تھا آخر کار وہ
لذائذ دنیاوی مین ایسا مصروف ہوا کہ بالکل خلاف اخلاق کے
کرنے لگا کیونکہ رذیل لوگون کو شرفا پر ترجیح دیتا تھا اور نالایق

خوشامدی بدمعاشون کی صحبت مین رہتا تھا اِسکو اگر سوء الخلف بائیس
البدل کہین تو بجا ہی باپ کیسا اور بیٹا کیسا ان دونون مین زمین و
آسمان کا فرق تہا اسلئے صرف دو برس چھہ مہینے اُسکو سلطنت کرنی
نصیب ہوی ۔ تاریخ ربیع الاول کو درمیان ۹۰۲ھ سنہ ۱۴۹۸ء کے شروع سنہ ۹۰۲ھ سنہ ۱۴۹۸ء
خلافت المستمسک باللہ یعقوب مین مقتول ہوا +

ملک الاشرف قانصوہ مولی قایتبائی

الاشرف قانصوہ ایک شخص مملوک عسکر تھا بعد الناصر کے لوگون
نے اُسکو بادشاہ بنایا پہ اُسکا حال پردہ خفا مین رہا نہ اُسکے مرنے
کی خبر ہوئی نہ زندگی کی +

ملک الظاہر ابوسعید قانصوہ

مامون الناصر کا

بعد اُسکے الظاہر ابوسعید قانصوہ بادشاہ ہوا اُسنے ایک سال
آٹھ مہینے سلطنت کی بعد ازان فوج پھر گئی اسلئے وہ بہاگ کر کہین
جا چھپا اُسکا زمانہ ایام خلافت مستمسک باللہ سابق کو شامل ہی +

## ملک الاشرف جنبلاط

اُسکے بعد اشرف جنبلاط سریر سلطنت مصر پر قابض ہوا مگر صرف ایک ہی سال اُسنے بادشاہت کی بعد ازان جلاوطن کیا گیا یہ حال خلافت المستمسک باللہ مصری مین گزرا +

## ملک العادل سیف الدین طومان بائی

ملک العادل سیف الدین طومان بائی اُسکے بعد بادشاہ ہوا اور اُسنے بڑا کروفر دکھلایا مگر افسوس چار ہی مہینے اُسکو بادشاہت نصیب ہوئی پھر قتل کیا گیا یہہ واقعہ خلافت المستمسک باللہ مین گذرا +

## ملک الاشرف ابو النصر قانصوہ الغوری

اشرف ابو النصر بڑا صاحب مروۃ اور فتوۃ تھا یہہ بادشاہ بڑا حملہ آور سخت دل ظالم اور خون ریز لوٹ مار کا شایق گذرا ہے اُسکے خادمون نے درمیان شہرون کے فساد مچا دیا تھا اور بندگان خدا کو بہت ایذا دیتے تھے ۹ برس ۹ مہینے چند روز اُسکی سلطنت کو گزرے تھے کہ سلیم اول بادشاہ خاندان عثمانیہ نے اُسپر حملہ کیا اور اُسکو

سنہ ۹۲۲ھ سنہ ۱۵۱۶ء

سزا سخت دی اُسوقت سے اِن لوگون کی سلطنت کو زوال آیا ۹۲۲ھ ۱۵۱۶ء
مین وہ قتل کیا گیا یہہ واقعہ بھی المستمسک با للہ کی خلافت مین گذرا

ملوک الاشرف طومان بائی بن اخی الغوری

اشرف طومان بائی اپنے چچا کے قایم مقام ہوا سلیم عثمانی نے
اُسکو بھی اُسکے بزرگون سے ملا دیا اور خود متولی مصر ہوا اور پھر
اس خاندان کا کوئی فرد زندہ نہ چھوڑا یہہ طومان بائی آخر
بادشاہ اس دولت چرکسیہ کا تہا اُسوقت سے ملک مصر خاندان
عثمانی کی نیابت مین آگیا اب بیان اس خاندان کا لکہا جاتا ہے ٭

# خاندان
# عثمانیہ کا بیان

اس خاندان کے بادشاہ اب تک استنبول یا اسلامبول
مین بادشاہ ہین پر اس خاندان کی اصل کی بابت عربی اور ترکی مورخ
بہت اختلاف کرتے ہین البتہ اس بات پر سب متفق ہین کہ ایک شخص
مسمی سلیمان ارمینیہ کے صحرا مین آکر بسا اور اس جگہہ کا

۶۲۱ھ رئیس ہوگیا بعد وفات چنگیز خان کے درمیان ۱۲۲۴ء کے ۱۲۲۴ھ
علاؤالدین سلجوقی شاہ قونیہ اور خوارزم شاہون مین جنگ عظیم واقع
ہوے سلیمان مذکور علاؤالدین کی طرف ہوکر لڑا اور داد
مردانگی کی دیکر دشمنون کو مغلوب کیا اسواسطے اُسکی عزت و
حشمت کی ترقی روز بروز ہوتی جاتی تھی یہانتک کہ سپہ سالار مقرر ہوا
پھر درمیان ۱۲۳۱ء کے اُسنے عرب پر لشکرکشی کی مشیت آلہی سے ۶۲۸ھ ۱۲۳۱ھ
فرات مین ڈوب گیا اُسی کے کنارہ پر مدفون ہوا۔ اُسکے چار بیٹے تھے
سنقورنگیان کون طوغدی یہہ دونون بیٹے سرکار سلجوقی سے کنارہ کش
ہوگئے ارطغرل اور دوندی یہہ دونون علاؤالدین سلجوقی کی
خدمت مین رہے بعد وفات ارطغرل کے اُسکا بیٹا عثمان جو ۱۲۵۸ء ۶۵۶ھ ۱۲۵۸ھ
کے پیدا ہوا تھا منظور نظر علاؤالدین کیقباد کا ہوا یہہ بادشاہ ایشیا کوچک
کا تھا اول ہی اول عثمان امیر لشکر مقرر ہوا طبل اور علم بادشاہ
سے اُسکو ملا بعد ازان خدمت انفصال متعدمات اور معاملات کی
اُسکو سپرد ہوئی انجام کار اتنا مقرب ہوا کہ بجاے بادشاہ کے واسطے

نماز جمعہ کی جامع مین جاتا اور اختیار جزی اور کلی مملکت کا اُسکے سپرد
ہوا عثمان ایسا وفادار ملازم تہا کہ کبھی جادہ اطاعت سے منحرف
نہوا اور فرمانبرداری مین راسخ القدم رہا اور ہمیشہ دادشجاعت
وجوانمردی کی دیتا رہا بہت ملک بضرب شمشیر اُسنے فتح کئے اسواسطے
سنہ ۶۹۸ھ اُسکو خطاب عثمان غازی بادشاہ نے دیا ۱۲۹۹ء سنہ ۱۲۹۹ء مین علاؤالدین
سلجوقی تاتاریون سے شکست کہاکر ارزوام مین پہنچکر فوت ہوا
چونکہ وہ لاولد تہا اور سب شہری اور لشکری عثمان غازی پر راضی
تہے اور وہ علاؤالدین کا داماد بھی تہا اسلئے اُسکو تخت پر بٹھلایا
اسطرح پر اس خاندان مین بادشاہت آئی ٭

## عثمان خان غازی

سنہ ۶۹۸ھ یہہ بادشاہ ارزوام مین درمیان ۱۲۹۹ء سنہ ۱۲۹۹ء کی تخت سلطنت پر جلوس
فرماہوا سب سے اول اُسنے فراحصار فتح کیا اور اُسکو دارالخلافت
بنایا پہر اپنے چچا دوندار کو جو نوے برس کا بوڑہا تہا قتل کیا اور
سنہ ۷۰۷ھ درمیان ۱۳۰۷ء سنہ ۱۳۰۷ء کے حاکم فروصہ سے لڑائی کرکے اُسکو اکثر

اقطاع پر قابض ہوگیا عثمان غازی اس جنگ مین مصروف تہا تاتاریو
نے موقع پاکر اُسکے ملک پر حملہ کیا اُسکا بیٹا ارخان اُنکے مقابلہ پر آیا
اور اُنکو سخت شکست دی عثمان خان شہر فَرُوصَہ فتح نکر سکا پر
اُسکے متصل دو قلعے تعمیر کیے ایک مین اپنے برادرزادہ اَخِتمُوذ کو اور
دوسرے قلعہ مین ایک شخص مسمے بلبان کو معہ فوج کثیر مقیم کیا تاکہ رسد
فروصہ مین باہر سے بجانی پاوے اسواسطے بعد مدت دراز حاکم
فَرُوصَہ تنگ ہوکر بصلاح قیصر روم مسمے اندرونیکوس کے قلعہ
فَرُوصَہ چہوڑکر بہاگ گیا +

۱۳۲۶ء ۷۲۶ھ ارخان نے درمیان سنہ ۱۳۲۶ء ۷۲۶ھ کے شہر فروصہ فتح کیا اور قلعہ مین داخل
ہوکر جتنے عیسائی لوگ وہان رہتے تھے سبکو جلاوطن کر دیا اس
قلعہ کے فتح کے وقت عثمان غازی سخت بیمار تہا اور قریب تہا
کہ داعی اجل کو لبیک کہے کہ خبر فتح ہونے قلعہ فروصہ کے اُسکو
۱۳۲۶ء ۷۲۶ھ پہنچی نہایت خوش ہوا انتہر برس کی عمر مین درمیان سنہ ۱۳۲۶ء ۷۲۶ھ
کے انتقال کیا +

پادشاہت کی اور اُسکے نام کا سکہ جاری ہوا اُسکی عزت آجتک ایسی ہے
کہ جب کوئی پادشاہ استنبول کے تخت پر بیٹھتا ہے اُسکو دعا یہہ دیجاتی
ہے۔ آپکی عمر اور پادشاہت دراز ہو اور عثمان خان غازی کے
الطاف آپ پر نازل ہون اُسنے بروقت وفات کے ایک کتاب اپنے بیٹے
کو دی جس مین بندوبست ملکی کی ہدایتین مندرج ہین اتبک اُس کتاب کو
بہت عمدہ اور نادر سمجھتے ہین +

مورخون نے لکھا ہے کہ یہہ بادشاہ اتنا کریم اور سپاہ پرور تھا کہ ایک حبہ
اپنے پاس نہ رکھتا تھا جو اُسکو ملتا تھا سپاہ پر خرچ کر دیتا تھا چنانچہ بعد
اُسکے مرنے کے سوائے ایک خفتان اور کمربند اور شمشیر
کے کچھ نہ تھا قسم جواہر طلا و نقرہ وغیرہ قماش نفیس کے اُسکے پاس
سے برآمد نہوے ارخان نے اُسکی نعش فراحصار سے لیجاکر
قلعہ فروصہ مین دفن کی اور ایک بڑا بلند گنبد اُسپر بنایا عثمان خان
نے لقب سلطان کا اپنے واسطے اختیار نہ کیا تھا +

# ارخان ولد عثمان خان غازی

۱۳۵۷ء ۷۵۸ھ بعد وفات اپنے والد کے ارخان درمیان سنہ ۷۲۷ھ / ۱۳۲۷ء کے تخت سلطنت پر
بیٹھ فرما ہوا اور قلعہ فروصہ کو اپنی دار السلطنت مقرر کیا تھوڑی عرصہ
کے بعد نصاریٰ لڑ کر چند اور قلعے فتح کئے چنانچہ قلعہ عنکولہ
کندرہ۔ ابدوس۔ سمنا وہ وغیرہ بعد وفات اُسکے بھائی۔
علاؤالدین کہ جو اُسکا وزیر تھا سلطان پاشا جس نے قلعہ کملک فتح کیا تھا
وزیر اُسکا ہوا اور تمام قلمرو مین مسجدین اور مدرسے تعمیر کئے بعد ازان
۱۳۵۷ء قلعہ ازنیک فتح ہوا اور درمیان سنہ ۷۵۸ھ / ۱۳۵۷ء کے بلزن طبا
فتح ہوا اور شہر کالی بولی جو کہ سرحد قسطنطنیہ پر واقع ہے مفتوح
۱۳۵۹ء ہوا پھر درمیان سنہ ۷۶۰ھ / ۱۳۵۹ء کے سلطان پاشا اُسکا وزیر گھوڑے پر سے
گر کر مر گیا ارخان کو بہت صدمہ اُسکی وفات کا ہوا چنانچہ بعد ایک سال کے
۱۳۶۰ء درمیان سنہ ۷۶۱ھ / ۱۳۶۰ء مین اسی غم کے صدمہ مین ۶۵ برس کی عمر مین اس جہان فانی
سے اُسنے بھی انتقال کیا ۳۰ برس اُسنے بادشاہت کی یہ بادشاہ بڑا شجاع
اور سخی اور بردبار عادل علم دوست گزرا ہے ۔

# سلطان مراد خان

بعد وفات ارخان کی اُسکا بیٹا سلطان مراد خان سریر سلطنت پر
سنہ ۱۳۶۱ء بیٹھا اُسنے ارادہ کیا کہ ملک کو بڑھاوے اس نیت پر ۔
لالا شاھین سپہ سالار کو سپہ کردگی فوج جرار ترکان خونخوار کے واسطے
تسخیر اطراف و اقطار کے روانہ کیا شاھین نے تھوڑے ہی عرصہ مین
بہت شہر کوہ بلغان تک فتح کئے شاہ یونان نے ڈر کر صلح کر لی
قیصر روم جان بالانوغ جو اُسوقت مین قسطنطینہ کا بادشاہ تہا
پوپ سے مدد مانگنے کو گیا پوپ نے اپنا لشکر اُسکو دیا اور اسوار
اسکے اور حکام نصاریٰ مشریک رنج و راحت قیصر روم کے ہوا سیطرح
فوج کثیر لیکر سلطان مراد کے مقابلہ پر آیا اور بڑی بھاری لڑائی
ہوئی لشکر اسلام کے فسخ ہوئے قیصر روم نے صلح کی اور ناچار
قسطنطینہ کو لوٹ گیا اس طرح پر لشکر اسلام نے پانچ سال کے عرصہ
مین اکثر بلاد نصاریٰ کے فتح کئے والی قرمیان نے اپنے ملک کے بچاؤ
کے واسطے اپنی بیٹی بایزید ولد سلطان مراد کی زوجیت مین

دیدی بعد ازان تیمور تاش اُسکا سپہ سالار بارادہ تسخیر بلاد نصاریٰ
کے نکلا شہر مقدونیہ فتح کیا اور حدود اربنبوط تک جو شہر ملا اُسکو فتح
کیا اور منسستر بھی بڑی جانفشانی سے مفتوح ہوا ۔

۱۳۸۹ء اُسکے انتقال کی بابت مورخ لکھتے ہین کہ درمیان ۱۳۸۹ء کے مسیے ۷۹۱ھ
قرال نصرانی حاکم سرویہ نے اقوام نصاریٰ سے متفق ہوکر کئے لاکھ آدمی
لیکر سلطان مراد خان پر حملہ کیا تھا سلطان بھی اُسکے مقابلہ پر آیا باوجودیکہ
کہ لشکر اسلام مقابل مین فوج نصاریٰ کے چہارم حصہ کے برابر تھا مگر
بایزید ولد سلطان مراد نے تمام فوج لیکر ایکہی دفعہ عیسائیون پر حملہ کیا
اسلئے بہت آدمی جانب مخالف کے مارے گئے اور قرال زندہ
گرفتار ہوا باقی جو بچے بسمال تباہ تتر بتر ہوکر بھاگ گئے اُس فتح کے نصیب
ہونے سے سلطان مراد کو ایسی خوشی ہوئی کہ مقتولونکی لاشین خود
دیکھتا ہوا پھرتا تھا کہ یکایک ایک عیسائی جو زخم سخت کھاکر مردون
مین پڑا تھا چنگاڑ سی کی مانند اوڑکر بادشاہ کے پیٹ مین اُسنے
ایسا خنجر مارا کہ اُسکا کام تمام کر دیا اگرچہ فوج سپاہیان شاہی نے اُسکا ہی

قیمہ وہان پر کر دیا اور قرال کو بھی اُسی جگہہ پر لاکر قتل کر ڈالا مگر بیفائدہ
کیونکہ سلطان مراد جان برنہوا بایزیدا اُسکے بیٹے نے اُس کی نعش
فروصہ مین لاکر دفن کی اس بادشاہ کی عمر ترسیٹھ برس کی ہوئی
۲۹ سال اُسنے بادشاہت کی یہہ بادشاہ صاحب عزم صوفی مشرب
صوف پوش درویش سیرت عادل پرہیزگار تہا اُسنے اپنا دارالخلافہ
فروصہ سے بدلکر شہر اَدْرِنَہْ ٹہرایا تھا +

## سلطان بایزید یلدرم

بعد مقتول ہونی سلطان مراد کے بایزیدا کے سر پر تاج شاہی رکھا گیا
اول اول تو اُسنے منازعت خانگی کا فیصلہ کیا اور تخت و تاج کے خواہان
سے اپنی سلطنت کی صفائی کی بعد ازان سلطان لازاد بادشاہ
سرب عیسائی پر چڑھائی کی شہر دُیدَان اور سکوب فتح کئے جب
والی سرب عاجز آگیا تب اُسنے اطاعت اختیار کی اور اپنی بہن
بایزیدا کی زوجیت مین دی اور جزیہ دینا منظور کر لیا اُنہین ایام

مین قیصر روم کے گھر مین نزاع خانگی پیدا ہوئی وجہ اسکی یہہ تھی کہ
اندرونیکوس اور اُسکا بیٹا خواہان تخت کے ہوے اور اُنہونے
سازش کرکے یہہ تجویز کی کہ جان بالالوغ قیصر روم کو تخت سے اُتار دین
قیصر روم کو جب یہہ بات کھل گئی اُسنے اپنی بیٹی اور پوتے دونونکو
محبوس کیا اسواسطے اندرونیکوس اور اُسکے بیٹے نے بایزیدیا
کو لکھا کہ ہماری مدد کرو بایزید کے اچھا موقع ہاتھ آیا وہ شہر قسطنطنہ
پہ جا پہنچا چونکہ فوج قیصر کی دل سے طرف دار اندرونیکوس کی تھی
اسلئے اندرونیکوس غالب آیا اُسنے جان بالالوغ اور اُس کے
والد مانویل کو گرفتار کرکے قید کیا اور بایزید نے اندرونیکوس
سے باج شاہی مقرر کرکے اُسکو تخت قسطنطنیہ پر بٹھا دیا جان
اور اُسکا بیٹا موقع پاکر قید سے نکل بھاگے اور بایزید کے پاس
جاکر سوا اس جزیہ کے جو اندرونیکوس نے بایزید کو دینا منظور
کیا تھا یہہ اقرار زاید کیا کہ ہم بارہ ہزار فوج بادشاہ بایزید کی خدمت
مین اپنی طرف سے متعین کرین گے اسواسطے بایزید نے

اندرونیکوس اور اُسکے بیٹے کو پکڑ کر درمیان ایک جزیرہ کے
جو دریائے سفید مین ہے محبوس کر دیا اور جان کو پھر تخت پر بٹھا دیا
اسی اثناء مین والی سرب نے حسب خواہش بایزید کے اجازت
بنانے مساجد اور مدارس کی اُو سکو نت اہل اسلام کی اپنے ملک مین
دیدی تھی پر بایزید روپیہ بیت المال کا سوا مصارف فوج کے
دوسرے کام مین خرچ کرنا مناسب نہ جانتا تھا اُسکی یہہ خواہش ہوئی
کہ اشہر کے باشندے جو نصاریٰ ہین چندہ کر کے روپیہ واسطے
بنانے مسجدون کے دین جب اُن لوگون کو یہہ بات معلوم ہوئی
وہ مستعد جنگ کرنے پر ہو گئے بایزید نے غصہ مین اکر جان کو
لکھا کہ شہر اشہر کی فصیل اور برج مسمار کرا دو قیصر نے خوف کے مارے
وہ شہر ہی بایزید کے سپرد کر دیا بایزید لی لاکھ دینار اُس شہر سے
وصول کر کے ملک سرب مین بڑی بڑی مسجدین تعمیر کین اور
ایک جامع مسجد بہت بڑی بنائی والی ایڈن نے جو کہ متصل شہر
اشہر کے تہا بایزید سے ڈر کر اپنی دار الخلافت ہی حوالہ بایزید کے

کردی اور سکہ اور خطبہ بایزید کے نام کا اپنی قلمرو مین جاری کردیا
اور آپ شہر تکیہ مین رہنے لگا - ان سب کامون سے بایزید
فارغ ہوکر پھر متوجہ تسخیر ممالک نصاریٰ کا ہوا اور حسب وعدہ قیصر روم
سے بارہ ہزار سپاہ لیکر جزیرہ روڈس اور کئی اور جزیرے
فتح کئے اس عرصہ مین جان قیصر روم نے شہر قسطنطنیہ کی فصیل سامان
خندق سے آراستہ کی اور اُسکو بہت مستحکم بنایا بایزید کو جب یہ خبر
پہنچی اُسنے جان کو لکھا کہ قلعہ شہر جو اب بنا نہیں کیا ہے اُسکو بہت جلد
منہدم کردے ورنہ تیرا بیٹا جو میری ہمراہ ہے اُسکی آنکھین
نکال ڈالونگا جان نے مجبور ہوکر وہ قلعہ نو تعمیر کرادیا اُسی غم
اور غصہ مین قیصر روم مبتلا ہوکر مرگیا مانویل نے جب سنا کہ اُسکا
باپ مرگیا وہ بے اجازت بایزید کے قسطنطنیہ کو بھاگ گیا اسلئے
بایزید نے پھر تسخیر قسطنطنیہ کا ارادہ کیا مگر بسبب نزاع خانگی کے
جا نہ سکا تاہم اکثر قلاع اور بقاع اُسکی گردونواح کے فتح کئے وہان
کے نصاریٰ نے خوف کھاکر سمرقند مین جاکر امیر تیمور سے امداد کی

۷۹۶ھ خواہان ہوئی بایزید نے درمیان ۱۳۹۳ء کے پہر ارادہ قسطنطنیہ ۱۳۹۳ء

کی فتح کا کیا قیصر روم نے بھی پوپ اور قرب وجوار کے حکام نصاری

سے مدد مانگی پنانچہ اسی ہزار فوج اونکی مدد کو حاضر ہوئی شہر نیکوپولیس

پر ایک بہاری لڑائی ہوئی دس ہزار نصرانی زندہ اسیر ہوئے اونکا

سردار بایزید کے سامنے لایا گیا ہر قیصر روم نے امیر تیمور کو مدد کے

واسطے لکھا امیر مذکور متوجہ ہوا اسلئے قیصر نے ناچار ہوکر

بایزید سے صلح کرلی اور شاہ جنگ سے مراجعت کرکے شہر فرو صلہ

پہنچا امیر تیمور گورگان کا ایک ایلچی بایزید کے پاس آیا اور نامہ دیا

اوسمین لکھا تہا احمد جلایر والی عراق جو میرے پاس سے بہاگ کر تمہارے

پاس چلا آیا ہے میری حوالہ کردو اور تمکو چاہیئے کہ قوم نصاریٰ سے

جو تمہاری جان اور دین کے دشمن ہو رہے ہین بہت ہوشیار

رہو فقط بایزید نے یہہ بات سن لی تہی کہ قیصر روم نے امیر تیمور

سے مدد مانگی تہی اس لئے وہ نامہ پڑہ کر بہت خفا ہوا اور وکیل

کو ذلیل کرکے نکالدیا امیر تیمور یہہ حال سنکر بہت ہی آگ بگولا

ہوا اور بایزید پر چڑہ آیا شہر سیواس پر بڑی بہادری لڑائی
ہوئی ایک بیٹا بایزید کا اور کئی نامی سردار مارے گئے فتح امیر تیمور
کی ہوئی یہہ سانحہ بایزید سُنکر بڑا متوحش ہوا قسطنطینہ کا محاصرہ
چھوڑکر خود مقابلہ پر گیا قصبہ انگورہ پر ۱۹ تاریخ ماہ ذی الحجہ سنہ ۸۰۴ھ سنہ ۱۴۰۱ع
مین میدان جنگ آراستہ ہوا صبح سے شام تک لڑائی رہی بایزید
نے شکست پائی گھوڑے پر چڑہ کر بہاگا گھوڑے نے ٹھوکر کہائی بایزید
نیچے گرا ایک شخص نے اُسکو پکڑکر امیر تیمور کی خدمت مین حاضر کیا
اُسکے ساتھہ ایک اور سکا بیٹا موسی بہی دشمنون کے ہاتھہ
آگیا وہ بہی حاضر کیا گیا دوسرا بیٹا مصطفے گم ہو گیا شاید مارا گیا ہو تین
بیٹے بحال تباہ اپنے ملک کو بہاگ گئے جب بایزید امیر تیمور کے روبرو حاضر
ہوا امیر نے اُسکی تعظیم کی اور اپنے برابر بہٹلایا اور حسن بیرکاس کو حکم
ہوا کہ بایزید کو بآرام تمام نظر بند رکہے اب مورخون کا اختلاف
ہے بعضے لکہتے ہین کہ امیر تیمور نے بایزید کو لوہے کے پنجرے مین
قید کر دیا تہا اسواسطے اوسنے اپنے تئین آپ ہلاک کر دیا بعضے

کہتے ہین کہ چونکہ وہ بڑا غیور تہا اوسکو گرفتار ہونے کا نہایت رنج و
الم پیدا ہوا اِس لئے اوسکو بخار عارض ہوا ہر چند دوا کرتے تہے
اچھا ہوتا تہا اِس لئے ۱۴ تاریخ ماہ شعبان ۸۰۵ھ سنہ ۱۴۰۲ء مین انتقال کیا سنہ ۱۴۰۲ء
امیر تیمور نے اوسکی نعش اوسکے بیٹے کے حوالہ کی جو کہ باپ
کے ساتھہ نظر بند تہا اوسنے فروصہ مین لیجاکر اوسکو دفن کیا

# سُلیمان اوّل

جب کہ بایزید امیر تیمور کی قید مین پہنس گیا تو اُسکے تین بیٹے بہاگ
اپنے ملک مین آئے اونکے نام یہہ ہین سلیمان محمد عیسے
اونمین سے سلیمان اول بادشاہ ہوا اور ۸۰۵ھ سنہ ۱۴۰۲ء مین تخت شاہی پر سنہ ۱۴۰۲ء
بیٹھا اور اپنے بہائیون کے حدال وقتال مین مصروف ہوا گیارہ برس
تک آل عثمان مین قتل و غارت کا دروازہ کہلا رہا آخر کار یہہ ہوا
کہ سلیمان اول ایک رئیس کی سپاہ کے ہاتھہ سے جبکی ڈاڑہی اُسنے
منڈوا ڈالی تہی گرفتار ہوکر مارا گیا موسی جو نعش اپنے باپ بایزید

کی امیر تیمور کے لشکر سے لیکر آیا تہا اوس نے اپنے بہائی کا انتقام لینے کا
ارادہ کیا چنانچہ بہت آدمی اوس قوم کے زندہ گرفتار کرکے آگ مین
جلوادئے اور آپ خود مختار ممالک تخت و تاج کا ہوگیا

# محمّد خان

سنہ ۸۱۳ھ محمد خان نے اپنے بہائی موسی کو درمیان سنہ ۸۱۳ھ اور سنہ ۸۱۶ھ کی قتل کیا
اور آپ تخت سلطنت پر بیٹہا اور ضبط و ربط مہمات ملکی اور مالی
کی طرف متوجہہ ہوا اور سلاطین فرنگ اور یونان سے دوستانہ راہ و
رسم نامہ و پیغام کی جاری کی حاکم قرمان جو بایزید کا دشمن تہا
فرصت پاکر فرصہ پر چڑہ آیا اور بایزید کی قبر کہود واکر اوسکی ہڈیان
آگ مین جلائین محمد خان نے اس فساد کے دفع کرنے کیطرف عنان
توجہ کی معطوف کی مصطفے بیگ حاکم قرمان کا بیٹا گرفتار ہو کر
محمّد خان کے سامنے آیا ایک کبود پنبہ جبّہ کے پہنے محاذی سینہ کے
چہپا کر لایا اور کلمات معذرت زبان پر لاکر محمّد خان کے روبرو

سینہ پر ہاتھہ رکھہ کر خدا تعالے کی قسم کہائی کہ جب تک یہہ
روح میرے تن مین ہے سلطان سے خیانت نکرون گا
محمد خان نے بہی قسم شرعی کہائی اور اوسکی تقصیر معاف کی اور
رخصت کیا جب مصطفے بیگ باہر نکلا کبوتر کو جبہ سے باہر نکالکر
ذبح کردیا اور گلہ بکریون کا جو بادشاہی تہا لوٹ لیا بادشاہ کو خبر
پہنچی سوار دوڑا کر پہر گرفتار کیا جب بادشاہ کے روبرو حاضر ہوا
سلطان نے فرمایا کہ تجہ کمینہ خود عہد شکن کو اگر سزا دون تو میری
شرافت اور نجابت کے لایق نہین ہے تجہکو امان دی ہے اگر
تو قسم سے پہر گیا تو میری شان کے لایق نہین ہے کہ مین بہی پہر
جاؤن
جاؤ مینے تیری جان بخشی کی ایسی حکمت عملی سے فساد کا نایرہ
فرو ہوگیا۔

اسی اثنا مین ایک اور شخص مدعی سلطنت ہوکر مقابلہ پر آیا اسنے
ظاہر کیا کہ مین مصطفے خان ابن بایزید ہون جو امیر تیمور کی لڑائی مین
گم ہوگیا تہا سلطان محمد خان نے اوس سے مقابلہ کیا اور شکست دی وہ

بھاگ کر کسی عامل قیصر دوم کے پاس گیا اور اوسنے پناہ لی عامل قیصر
دوم نے اوسکو نہ دیا اور لکھا کہ بدون حکم قیصر کے نہ دونگا
مانویل قیصر دوم نے سلطان کی نامہ کا جواب یہہ لکھا کہ جو شخص
بارگاہ سلاطین مین پناہ خواہ ہوکر آتا ہے اوسکو دشمن کے حوالہ نہین
کیا کرتے البتہ مین اس شخصکو تا برلیت قید رکھونگا رہا نہ دونگا
سلطان نے قبول کیا اور اُسکے واسطے کچھہ تنخواہ مقرر کردی اس
بادشاہ کے وقت بہت لڑائیان اور فساد ہوے ہین جو بخوف طوالت
چھوڑے جاتے ہین
دار السلطنت اسکے وقت مین شہر آدرنہ تھا یہی بادشاہ
خاندان عثمانیہ کی موجد جہازات جنگی اور دریائی لشکر کا ہوے ہے
اور توپخانہ بھی اسی نے اس خاندان کے بادشاہون کے واسطے
مہیا کیا ۸۲۴ ہجری ۱۴۲۱ع مین اوسنے مرض اسہال سے انتقال کیا۔
اس بادشاہ کی یادگار بہت سی مسجدین ہین وہ عادل مزاج کریم
الصفت صادق الودت ہے کینہ بادشاہ تھا صوفیہ سے اوسکو بہت

محبت تھی اُسنے شریف مکہ کے واسطے پہلے ہی پہل بہت روپیہ سالانہ
محتاج اور مساکین کے خرچ کے واسطے اپنے خزانہ سے مقرر کیا تھا

# مُراد خان ثانی

۱۷۸۷ء بعد وفات محمد خان کے مراد ثانی ۱۷۸۷ء کے تخت ۱۱۸۷ھ
سلطنت پر بیٹھا اور سکی ولادت ۱۷۴۶ء کے ہوئی تھی قیصر دوم
نے جو ہمیشہ سے دشمن دلی اس خاندان کا تھا موقع پاکر مراد خان کو
نامہ اس مضمون کا لکھا کہ سلطان کو چاہیئے اپنا بیٹا میرے پاس
بطور اُول کے بھجوادے ورنہ میں مصطفے ولد بایزید کو میرے پاس
مقید ہے اور مدعی سلطنت کا ہے رہا کردوں گا سلطان نے
منظور نہ کیا قیصر دوم نے ویسا ہی کیا اسنے مصطفے کو قید سے رہا کردیا اور اس
جہاز جنگی ہمراہ فوج جرار کے مراد ثانی سے مقابلہ کرنے کو بھیجدیا مصطفے
نے آتے ہی شہر کالی پولی فتح کیا لشکر سلطان بسرکردگی بایزید پاشا
تیس ہزار سپاہی لیکر اُسکے مقابل ہوا مصطفے نے فوج کو شکست

دی اور بایزید باشا کو مار ڈالا اُسوقت مراد ثانی خود فوج لیکر مقابلہ
پر آیا اکثر لوگ مصطفے کے لشکر کے سلطان سے آملے وہ شکست کھا کر
بھاگا اِس غصہ کے سبب سلطان ایک لاکھ آدمی کی فوج جمع کر کے
قسطنطنیہ پر چڑھائی کی اور مال لوٹ کا فوج کو معاف کر دیا قیصر روم
سخت عاجز ہو گیا آخر کار جزیہ دینا منظور کیا اور صلح کر لی سلطان مراد
واپس چلا آیا - بعد ازاں مراد ثانی نے پھر جہاد پر کمر باندھی اور بہت
شہر بحر اسود کے کنارہ کے فتح کئے پھر بلغار پر چڑھائی کی بری اور
بحری لڑائی ہوئی مگر فتح نہ کر سکا اور بہت نقصان فوج کا ہوا غرضکہ
دس برس تک کا صلحنامہ لکھا گیا یہاں سے واپس آکر مراد ثانی نے
اپنے بیٹے کو بجائے اپنے بادشاہ بنا دیا اور خود عزلت نشین ہو گیا
والی بلغار نے یہہ خبر سُنکر عہد شکنی کے دو سو چالیس جہاز جنگی مراد
ثانی کے بحر مندرمین توپون کی مار سے برباد کر دئے اور لڑائی پھر از سر
نو برپا کر دی اُسوقت مراد ثانی پھر چالیس ہزار سپاہی لیکر دشمن کے
مقابلہ پر گیا شاہ بلغار نے سلطان کے لشکر کو شکست دی اور لڑتا

پہرتا سلطان مراد کے خیمہ تک پہونچا مراد ثانی گھبراکر گھوڑی پر سوار ہوگیا اور ارادہ تہا
کہ بہاگ جاوی سرداروں نے بادشاہ کے گھوڑے کی باگ پکڑلی جسوقت شاہ
بلغار روبرو ہوا مراد ثانی نے ایسا تیر مارا کہ اوسکے پٹہہ سے باہر نکل گیا گھوڑی سے
نیچے گرا قورچیوں نے اوسکا سر کاٹ ڈالا یہہ حال اوسکا لشکر دیکہہ کر بہاگ نکلا

۸۵۵ھ مراد ثانی فتحیاب ہوکر اپنی دارالسلطنت کو مراجعت کر آیا درمیان سنہ ۱۴۵۰ع سنہ ۱۴۵۱ع
رای ملک بقا ہوا ؛

# سلطان محمد خان ثانی

۸۳۲ھ بعد وفات اپنی والد کے محمد خان ثانی تخت نشین ہوا اوسکی پیدایش سنہ ۱۴۲۹ع سنہ ۱۴۲۹ع
مین ہوئی تہے قیصر قسطنطنیہ نے حسب عادت قدیم اس بادشاہ سے بہی چیڑ
نکالی ایک نامہ اس مضمون کا لکہا کہ تمہارا بہائی ارخان جو میرے پاس محفوظ ہے اوسکا
خرچ جلد تر روانہ کرو ورنہ مین اوسکو رہا کردون گا یہہ نامہ سلطان پڑہہ کر نہایت
غضبناک ہوا اور مصمم ارادہ کرلیا کہ اب قسطنطنیہ کو فتح ضرور ہے کرون گا چنانچہ
اسی واسطے شہر ادرنہ مین جو دارالسلطنت تہا بہت بہاری لشکر اور آلات

حرب جمع کئے اوسطرف قیصر روم نے بہی جسکا نام ایم براطوس تہا سامان جنگ کا
بہاکیا اور پوپ اور نصاریٰ سے مدد طلب کی غرضکہ سنہ ۱۴۵۲ء ۸۵۶ھ مین قسطنطنیہ سنہ ۸۵۶ھ
کے متصل پہنچکر جانبین کے توپ چلنے لگی پچاس دن لڑائی رہی بیسوین تاریخ
ماہ جمادی الاول سنہ ۱۴۵۳ء ۸۵۷ھ لشکر اسلام نے یورش کی اوس روز حشر عظیم برپا تہا سنہ ۸۵۷ھ
جملہ ساکنین نصاریٰ مرنے پر کمر باندہ کر اپنے حصہ داروں سے وداع ہوکر
مسلمانون سے خوب دل کہولکر لڑے قیصر بہی بڑی گرجا[1] مین جاکر بہت رویا
اور شہر برج مقفل کرکے اونکی کنجیان دریا مین ڈالدین لشکر اسلام کمال بہادری سے
اون رخنون کی راہ سے جو توپون سے درمیان فصیل کے پڑگئے تہے شہر مین داخل
ہوگئے اور قتل عام ہونے لگا قیصر ایم براطوس اپنا لباس بدل کر سپاہی
بنکر تلوار ہاتہہ مین لیکر بڑی بہادری سے لڑا سلطان کے کسی لشکری نے اوسکو
قتل کرڈالا پہر بموجب حکم سلطان کے قیصر کا سر کاٹ کر نیزہ پر رکہہ کر تمام شہر
مین تشہیر کیا اور جو کوئی خاندان قیصر سے پایا اسکو بیدریغ قتل کرڈالا تین روز
تک تمام شہر مین قتل اور غارت کا بازار گرم رہا چوتہے روز رعایا کو امن ملا اور

[1] اب اس گرجا کا مسجد جامع بنا ہوا ہے

اور حکم ہوا کہ قلعہ کی مرمت از سر نو کیجاوے اور جو بڑی بڑی برجے گرجاہین اونکی
مسجدین بناے جاوین چھوٹے گرجا نصاریٰ کو دئی جاوین چنانچہ ایسا ہی
ہوا یہہ شہر قسطنطنیہ جسوقت سے کہ اسکے بانی قسطنطین نے آباد کیا ہے اس واقعہ
تک ۲۹ مرتبہ محصور اور سات دفعہ مفتوح ہوچکا تہا ۔

پہر سلطان محمد خان نے قسطنطنیہ مین جامع مسجد تعمیر کی اسکو مسجد ایوب کہتے ہین
جبکہ یہہ مسجد تیار ہوگئی تو سلطان اسمین نماز پڑہنے گیا شیخ الاسلام قاضی القضات
شیخ شمس الدین نے بادشاہ کے کمر مین تلوار باندہی اوسی دن سے
یہہ رسم جاری ہوگئی کہ جو بادشاہ تخت پر بیٹہتا ہے اوسی مسجد مین جمعہ کے دن نماز کو

---

وجہ تسمیہ اسکی یہہ ہے کہ معاویہ والی شام نے اپنے بیٹے یزید کو درمیان ۶۰ھ کے ہمراہ ابو ایوب
انصاری کے واسطے محاربہ قیصر روم کے بہیجا تہا اتفاق سے یزید اور قیصر مین
صلح ہوئی ابو ایوب انصاری نے اوسی جگہہ انتقال کیا یزید نے اوسکو قسطنطنیہ مین دفن کیا قیصر روم
نے ایک روز اپنی مجلس مین ذکر کیا کہ یزید سخت نادان ہے یہہ نہین جانتا کہ عیسائی لوگ ایوب کی قبر
کھود کر اوسکی لاش یہانسے نکالکر لیجاوینگے یہہ تذکرہ یزید سنکر بولا کہ قیصر روم سخت احمق ہے اسکو یہہ نہین
معلوم کہ ملک شام مین عیسائیون کے بزرگون کے بہت قبرین ہین اگر ایوب کے قبر استنبول مین اوکھڑ
گئی تو مین صدہا قبرین انصاری کے ملک شام سے اوکھڑ لیجاوینگا یہہ بات قیصر روم سنکر
پہر اوس ارادہ سے باز آیا اوسی جگہہ پر محمد خان ثانی نے یہہ جامع مسجد تعمیر کی اور اسکا نام مسجد
ایوب رکہا گیا یہہ وجہ اس نام رکہنے کی ہے

جاتا ہے اور جو شیخ الاسلام اوسوقت کا ہوتا ہے وہ بادشاہ کو کمر مین تلوار باندھتا ہے

چنانچہ ابتک یہہ رسم آل عثمان مین جاری ہے ۱۱۶۱ھ مین درمیان ماہ جمادی الاولی کے شہر ازنکمید مین سلطان مذکور بیمار ہوکر فوت ہوا اس بادشاہ کی عمر ۵۲ برس کی ہوئی ۱۲ ملک وسنی فتح کئے اور دوسو سے زیادہ قلعی اور شہر اوسنے مفتوح کئے تھے یہہ بادشاہ قوی اندام دراز قد نیر اندازی مین بے نظیر گذرا ہے آپ بھی با علم تہا اور علما کی بڑی قدر کرتا تہا اوسکے بعد دو بیٹے اوسکے رہے ایک بایزید دوسرا جمشید

# بایزید ثانی

بعد وفات محمد خان کے محمد پاشا نے یہہ ارادہ ہوا کہ جمشید کو جو چھوٹا بیٹا محمد خان کا تہا تخت پر بٹہاوے یہ سیاہ ینگ چری نے وزیر کو قتل کر ڈالا اور اسحاق پاشا

ینگ چری لفظ ترکی ہے ینگ بمعنے نو چنانچہ نو مسلم کو ینگ مسلمان کہتے ہین اور چری بمعنے سپاہ ہے ایس شمہ نے لکہا ہے کہ اس سپاہ مین جوان آدمی ۱۵ سالہ سے ۲۵ سالہ تک بہرتی ہوا کرتا تھا اسواسطے اس سپاہ خاصہ کو ینگ چری کہتے تہے۔ اور نظام سے وہ سپاہ مراد ہے جو قواعد جنگ کے خوب جانتے ہون چنانچہ اب قیصر روم کے پاس نظام کی سپاہ ہے ۱۰

کو وزیر بنا لیا بایزید اُسوقت اماسیا مین تہا اُسکو جب سلطان کی
وفات کی خبر پہونچی فوراً ایلغار کرکے چار ہزار سوار کے ہمراہ استنبول مین
داخل ہوا اور تخت پر آکر بیٹھ گیا جمشید اوسکا بہائی جو درمیان
۸۴۷ھ ۱۴۴۳ء کے پیدا ہوا تھا اور اُسوقت ۳۴ برس کا تھا قرہ صہ کی طرف ۱۴۴۳ء
بہاگ گیا وہان جاکر اُسنے جھنڈا فساد کا قایم کیا بایزید نے اُسکی تنبیہ اور
تادیب کے واسطے فوج روانہ کی پر کچھہ نہوا فوج شاہی کو شکست ہوئی
اُسوقت بایزید خود گیا اور جمشید کی فوج کو شکست دی مگر ہاتھہ نہ آیا
وہ بہاگ کر قوم قرمان کی طرف چلا گیا قرمانیون نے اُسکا سب اسباب
بلکہ کپڑے بھی لوٹ لئے جمشید بحال تباہ مصر مین پہنچا قائدہ بیلک
شاہ قوم چرکس نے اُسکی عزت کی اور اپنے پاس اُسکو رکھا قرمان
لوگ مارے لالچ کے اسباب اور لباس جمشید کا لیکر بایزید کے پاس
بامید انعام حاضر ہوئے اُنکو حکم ہوا کہ استنبول مین حاضر ہون اُس جگہہ
پر تمکو انعام دیا جائیگا جب وہ لوگ استنبول مین حاضر ہوئے سبکو قتل
کرڈالا اور فرمایا کہ جو شخص اپنے آقا سے ایسا سلوک کرے اُسکو بھی انعام

ملنا چاہئے جمشید چار مہینے مصر مین رہ کر واسطے حج مکہ معظمہ کے
گیا وہان سے آکر پھر سامان جنگ کا مہیا کیا بایزید نے اُسکو بہت سمجھایا
کہ اس بے فائدہ بغاوت سے تجھکو کیا حاصل ہوگا بہتر ہے کہ باز آوے
ہرگز نہ مانا غرضیکہ پھر لڑائی ہوئی آخر کار شکست کھاکر جزیرہ رہوڈس
مین چلا گیا وہان کے حاکم کو بایزید نے لکھا کہ جمشید کو گرفتار کرکے میرے
پاس روانہ کرے اور اُس جزیرہ کا باج شاہی ہر سال ادا کیا کرے
اُسنے نہ مانا پر بایزید کا خوف اُسکو بڑا تھا اسلئے جمشید کو وہان سے
نکالدیا وہ تیس علاقہ اٹلی مین آیا پھر اور کسی شہر مین گیا غرضیکہ سات برس
اُسکو سیاحت مین گذرے شاہ فرانس کے علاقہ مین جب پہونچا اُسنے اُسکو قید کرلیا
جبکہ شاہ فرانس سویس ایم براطوس مرگیا اُسوقت شاہ فرانس نوٹے نے
جمشید کو پوپ کے حوالہ کیا جمشید نے پوپ کو سب حال تباہ اپنا دکھلایا
پوپ کو رحم آیا اُسکو بعزت تمام اپنے پاس رکھا جب وہ پوپ مرگیا
اور اُسکی جگہہ الیکذینڈر پوپ ششم اُسکا جانشین ہوا اُسکے پاس
بایزید نے بہت سا روپیہ روانہ کیا اور لکھا کہ جمشید کو قتل کرڈالے مگر وہ

قاصد جو روپیہ اور خط لیکر گیا تھا جب شہر انکونا علاقہ اٹیلیے مین پہونچا
وہان کے حاکم جولیانو نے جو کہ پوپ کا دشمن تھا ایلچیونکو پکڑ لیا اور
جو روپیہ اُنکی ہمراہ تہا سب لوٹ لیا یہہ حال پوپ نے بایزید کو لکھا اُسنے
پہر اُسیقدر روپیہ دینا منظور کیا اُسوقت پوپ نے جمشید کو زہر کھلا کر
مار ڈالا

سلطان بایزید نے اپنے وقت مین بہت لڑائیان کی ہین اور
بہت شہر فتح کئے ہین - ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ملک ارنبوط کو دا سطے
جنگ کے جاتا تھا اثنا راہ مین ایک فقیر بادشاہ کے برابر بارادہ قتل آنیکا
چاہتا تہا کہ خبر مارے سپاہ نے ہجوم کرکے اُس فقیر کے ٹکڑے کر ڈالے
اُس دن سے یہہ رسم مقرر ہوئی کہ کوئی شخص ہتیار لیکر بادشاہ کے قریب
نہ جانے پاوے +

سنہ ۹۰۲ھ / سنہ ۱۴۹۷ء — بلاد بولونیا پر درمیان سنہ ۹۰۲ھ / سنہ ۱۴۹۷ء کے بڑی بہاری لڑائی ہوئی
دس ہزار عیسائی مقید ہوئے اور وہ ملک لوٹا گیا بعد ازان درمیان
سنہ ۹۱۲ھ / سنہ ۱۵۰۹ء — سنہ ۹۱۲ھ / سنہ ۱۵۰۹ء کے قسطنطنیہ مین ایک ایسا سخت زلزلہ آیا کہ ایکہزار ستر گھر

اور ایکسو نو مسجدین اور ایک حصہ محل قیصر کا گر پڑا یہہ زلزلہ ۴۵ دن تک
ہر روز آتا رہا تھا بعد جانے اس زلزلہ کے سلطان نے پندرہ ہزار معمار
اور مزدور مقرر کر کے سب گھر اور مسجدین منہدمہ کی مرمت کروادی
سنہ ۹۱۵ھ سنہ ۱۵۱۲ء مین یہہ پادشاہ مرض نقرس مین مبتلا ہو کر جان بحق ہوا اُسکی عمر
۶۷ سال کی ہوئی ۳۲ برس اُسنے پادشاہت کی یہہ قیصر جسیم قوی
ہیکل سیاہ گیسو لطیف وظریف ادیب ولبیب عابد وپرہیزگار بڑا تیر انداز
اور ناظم وماثر گذرا ہے اُسکے اشعار بہت مشہور ہین ہر سال زرخطیر
مکہ معظمہ کو روانہ کرتا تھا ٭

## سلطان سلیم خان اوّل

بعد انتقال بایزید کے اُسکا بیٹا سلیم خان بادشاہ ہوا اُسکی ولادت
سنہ ۸۷۲ھ سنہ ۱۴۶۷ء درمیان سنہ ۸۷۲ھ کے ہوئی تھی اس پادشاہ کی وقت مین اُسکی بھائیون اور رشتہ دارون
نے بڑی بغاوت اور شورش کی تھی چنانچہ اُسکے بھتیجے علاؤالدین
نے شہر فروصہ مین بغاوت کی سلیم نے اپنے بیٹے سلیمان کو اپنا ولی عہد

مقرر کرکے ستر ہزار سپاہ کے ہمراہ اُسکی تنبیہ کے واسطے روانہ کیا اور
ایکسو بیس جہاز جنگی سمندر کی راہ اُسکی مدد کو بھیجے احمد جو باپ علاؤالدین
کا تھا وہ شہر اماسیا مین باغی ہوگیا مصطفے جو دوسرا بھائی سلیم کا تھا
وہ بھی شریک بغاوت ہوکر احمد کا وزیر بن بیٹھا جب سلیم نے دیکھا کہ
انتظام بگڑ چلا اُسنے حکمت عملی سے مصطفے کو تسلی دیکر اپنے پاس بلا لیا
اور فوراً پھانسی دیکر مار دیا بعد ازان بہت سے امرا اور وزرا اور تمام
بھائیون اور اُنکی اولاد کو نہایت بے رحمی اور قساوت قلبی سے طرح طرح
کے ظلم اور عذاب سے قتل کیا تب سلطنت اُسکی رسمی جسوقت سلیم اول
تخت سلطنت پر بیٹھا تو تمام اطراف کی بادشاہون نے تہنیت نامی شاہ سلیم کو
لکھے مگر شاہ اسمعیل صفوی شاہ ایران نے نامہ نہ لکھا وجہ اُسکی یہہ تھی
کہ شاہ سلیم نہایت متعصب سُنّی حنفی المذہب تھا فرقہ شیعہ سے عداوت
قلبی رکھتا تھا جب کبھی سنتا کہ فلانا شخص شیعہ ہے فوراً اُسکو قتل کرڈالتا
تھا اور چالیس ہزار سے زیادہ آدمی شیعہ مذہب کے اُسکے پاس قید تھے
اُنکو طرح طرح کا عذاب کرتا رہتا تھا چنانچہ اسی واسطے شاہ اسمعیل صفوی

شاہ سلیم پر خروج کیا اور برادر زادہ شاہ سلیم کا بھی شاہ اسمعیل کے ہمراہ
ہوگیا اور کئی دفعہ باہم نوک جھوک مراسلون مین بھی رہی چنانچہ ایکروز شاہ
سلیم نے اسمعیل صفوی کے واسطے ایک عصا اور ایک مسواک
اور ایک چادر بطور ہدیہ بھیجی اسمعیل نے اُسکی عوض ایک حقہ طلائی
بھرا ہوا افیون سے اُسکے پاس بطور تحفہ روانہ کیا شاہ سلیم یہہ دیکھکر
نہایت غضبناک ہوا ایلچی کو کردن مارا اور ایک لاکھ چالیس ہزار سپاہی معہ
ساٹھ ہزار شتر محمولہ اسباب و آلات جنگ کے ایران پر چڑھائی کی اسمعیل
صفوی تاب مقابلہ کی نہ لاکر بھاگ گیا مگر بھاگتے وقت کئی منزل تک جنگل
مین آگ لگوا دی تاکہ دشمنون کے گھوڑونکو گھاس اور رسد نہ ملی چنانچہ
لشکر سلیم کو بہت تکلیف ہوئی پر ایسا پختہ اپنے ارادہ پر تھا کہ کسی سپہ سالار
یا امیر کا عذر نہ سنتا تھا جو کوئی شکایت نہ ملنی رسد کی کرتا اُسیکو مروا
ڈالتا تھا چنانچہ حمدان پاشا نے شکایت کی کہ اس جنگل مین گھاس تک
نہین ملتا اور رسد دستیاب نہین ہوتی اور سپاہ کثیر کا نقصان ہوچکا ہے
سلطان نے خفا ہوکر اُسکو فوراً قتل کروا دیا بعد ازان شاہ اسمعیل

صفوی کے پاس زنانہ لباس بھجوایا اور لکھا کہ اُسکو پہن کر بیٹھ رہ اسمعیل
مین طاقت مقابلہ سلیم کی نہ تھی ناچار غرہ ماہ رجب ۹۲۰ھ ۱۴ سنہ ۱۵۱۴ء کو مقابلہ
ہوا جنگ عظیم ہوئی اسمعیل عین معرکہ مین زخم کھا کر گھوڑے سے
گرا سواران سلیم نے نرغہ کر لیا ایک سوار ایرانی کمال دلاوری کر کے
اُس میدان مین گھس آیا بادشاہ اسمعیل کو اپنا گھوڑا دیدیا اگرچہ آپ
مارا گیا پر اسمعیل کو بچا دیا وہ سوار ہو کر بھاگا تبریز مین پہنچا شاہ سلیم نے
اسمعیل صفوی کے خیمون کو جا کر لوٹا ایک عورت اسمعیل کے خیمہ مین
رہ گئی تھی اُسکو پکڑ لایا اور جو شخص ایرانی دستیاب ہوا طعمہ تیغ بیدریغ
کیا اسی جگہہ پر مرزا بدیع الزمان اولاد امیر تیمور گورگان سے
ملاقات ہوئی اُسکی بڑی عزت سلیم نے کی - بعد ازان تبریز پر چڑھائی
ہوئی اس شہر مین جسقدر مال و اسباب اسمعیل کا ملا ضبط کیا اسمعیل نے
ناچار ہو کر ہدیہ بھیجا اور اپنی بیوی مانکی سلیم نے نہایت تعصب سے جوابدیا اور
اوس ایلچی کو قید کر لیا اور وہ عورت ایک سپاہی مسمے جعفر چلپی کو بخشدی
جب یہہ خبر اسمعیل کو پہنچی نہایت غصہ ہوا اسی رنج مین مبتلا ہو کر مر گیا

بعد ازان شاہ سلیم نے کوچ کیا شہر اماسیا سے ہوکر کوماخ مین آیا
اور علاؤالدولہ سردار ترکمان پر لشکر کرد گی سینا پاشا کی فوج بھیجی
علاؤالدولہ قتل کیا گیا اُسکا سر کاٹ کر سلطان سلیم کے پاس روانہ کیا
سلطان نے وہ سر واسطے عزت کے عزیز مصر کے پاس بھیجدیا اسی اثنا مین
خبر آئی کہ قسطنطنیہ مین سپاہ ینگ چری نے فساد برپا کر رکھا ہے صدر اعظم
کا گھر لوٹ لیا سلیم بہت جلد اسلامبول مین آیا مجرمون کو قتل کیا بعد ازان
ماردین رسنجار موصل وغیرہ شہرون کو فتح کرتا ہوا دریائے فرات ۹۱۶ھ
کے بادشاہ مصر قانصو پر ناخوش ہوکر ارادہ استیصال لشکر کشی کی
مغل بیگ وکیل عزیز مصر کا حاضر ہوا شاہ سلیم نے اُسی بات بھی
نہ کی اُسکو قتل کرنے کا حکم دیا یونس پاشا نے شفاعت کی اُسکی جان بچائی
مگر حکم ہوا کہ تشہیر کرکے نکالدو چنانچہ ایک خار شتی گدھے پر اُسکی ڈاڑھی
منڈواکر سوار کیا اور تشہیر کراکے شہر بدر کردیا عزیز مصر یہہ حال
سنکر مقابلہ کو نکلا چونکہ وہ پیر ہشتاد سالہ تھا عین معرکہ مین گھوڑے سے
گرکے مقتول ہوا شاہ سلیم کی فتح ہوئی بعد ازان حلب رحمہ

اور دمشق اور سب شام فتح کر کے چار مہینے تک وہ رہ کر امراء
عرب سے ملاقات کی پھر کوہ لبنان کو جا کر زیارت مقامات متبرکہ کر کے جامع
مسجد جو بنام جامع امویہ[1] مشہور ہے ملاحظہ کی خطیب کو پچاس ہزار
قرش[2] عطا کئے بعد ازان عزیز مصر طومان کے نام جو بعد قتل ہونے قانصوہ
کے تخت مصر پر بیٹھا تھا نامہ لکھا گیا کہ اطاعت سلطان روم کی منظور
کرے اور ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے ورنہ لڑائی ہو گی یہہ نامہ طومان
نے پڑھ کر ایلچی کو قتل کروا دیا اور میدان جنگ نواحی شہر غزّہ مین
آراستہ کیا فوج رومی غالب آئی شہر غزّہ فتح ہوا بعد ازان راہ
دشت سے سلطان سلیم مصر کو روانہ ہوا ۹ تاریخ ماہ ذی الحجہ
سنہ ۹۲۲ھ مین شاہ طومان مصر اور قیصر روم شاہ سلیم کی جنگ عظیم واقع
ہوئی اول حملہ مین سینا پاشا افسر سپاہ رومی کا مارا گیا پھر کئی جنگ
ہوئے فتح رومیون کی ہوئی مصر فتح ہوا باشندے وہان کے سب

---

[1] یہہ مسجد بنائی ہوئی ولید بن عبد الملک کی ہے اسی واسطے اسکو جامع
امویہ کہتے ہین ۔ [2] قرش ایک سکہ رومی ہو ۔

بہاگ گئے سلیم نے پہلے سب کو امان دی اور حکم دیا کہ اپنے اپنے
گھرون مین آکر بسین جب سب لوگ پہر کر آبسے اُسوقت عہد شکنی کر کے اُنہزار
مصری قتل کئے طومان نے عرب مین جاکر پہر بشاہ سلیم کے مقابلہ کے واسطے
لشکر آراستہ کیا اور پہر آکر مصر لے لیا سلطان سلیم نے مصطفے پاشا کو طومان
کے پاس پہر بہیجا اور طالب صلح کا ہوا طومان نے مصطفے پاشا کو قتل کروا دیا
اور لڑائی پہر شروع کی آخر کو شکست کہا کر بہاگا اور ایک سردار جو
اُسکے قریب رہتا تھا اُسکی ریاست مین جاکر خواہان پناہ کا ہوا اُسنے
طومان کو گرفتار کر کے سلیم پادشاہ کے حوالہ کر دیا سلطان نے فوراً اُسکو
قتل کر دیا اور امیر الامراء خیربک کو نائب السلطنت بنا کر مصر کا حاکم مقرر
کیا اور خود قسطنطنیہ کو مراجعت کی - آٹھوین تاریخ ماہ شوال ۹۲۶ھ ۱۵۲۰ء
مین نو برس سلطنت کر کے ۵۴ برس کی عمر مین انتقال پایا - یہہ بادشاہ
دراز قد کوتاہ پا - بزرگ جثہ - سرخ رنگ بزرگ چشم
پُر غضب تہا ڈاڑھی منڈواتا تھا شکار کا شوق اُسکو بہت تہا
شاعر بہی تہا اُسکے شعر فارسی اور عربی اور ترکی زبان کے دیوان

دوم مین بہت مشہور ہین ایام خلافت المستمسک باللہ
العباسی المصری مین وہ تھا +

## سلطان سلیمن خان ثانی

بعد انتقال پانے سلطان سلیم کے اُسکا بیٹا سلیمان خان ثانی درمیان
سنہ ۹۲۶ھ سنہ ۱۵۲۰ء کے بادشاہ روم کا ہوا اس بادشاہ کے وقت مین شوکت
وحشمت آل عثمان کی بہت زیادہ ہوگئی تھی ۱۳ دفعہ بذات خود بہہ
بادشاہ لڑا اور بہت مکانات اپنی قلمرو مین تعمیر کئے اور اُسنے اٹھائیس
برس سلطنت کی اس عرصہ مین اُسنے بڑے بڑے کارنمایان سرانجام
ہوئے ہین اول ہی اول اُسنے قلعہ بلغراد فتح کیا اُسکے بعد شاہ
فرانس اور کئی اور عیسائی بادشاہون سے لڑا اکثر بار کامیاب ہوا
ابراہیم پاشا بہنوئی سلطان حسب اجازت نصاریٰ پر چھاد کرنے گیا
اُسنے دو لاکھ سے زیادہ عیسائی قتل کئے اور ایک لاکھ
قیدی اپنی ہمراہ لایا اور خزانہ شاہی کو زر و جواہر اور امتعہ گرانبہا

سے مالامال کر دیا بار دوم پھر نصاریٰ پر چڑھائی کی اس دفعہ
پچیس ھزار سر نصاریٰ کے کاٹ کر لایا اور سلطان کے خیمہ
کے سامنے اُن سر ون کا برج چن دیا یہہ مہم سات مہینے مین انجام
پائی تھی پھر درمیان ۱۵۲۴ء / ۹۳۱ھ کے عجم مین آیا بغداد فتح کیا مقبرہ
امام اعظم ابو حنیفہ کا از سر نو تعمیر کیا خیر الدین پاشا وزیر سلطان نے
درمیان ۱۵۳۳ء / ۹۴۰ھ کے شہر ٹونس افریقہ مین فتح کیا پھر شاہ ٹونس نے
بادشاہ اسپین سے مدد لیکر اپنا ملک پھر لے لیا پھر درمیان ۱۵۳۷ء / ۹۴۴ھ
سلیمان خان نے ملک گیری پر کمر قصد کی جہت باندہ کر بسر گردگی
خیر الدین پاشا فوج کثیر واسطے تسخیر ملک نصاریٰ کے روانہ
کی اُسنے ۵۲ جزیرے جزائر بنیادقہ سے فتح کئے اور سلیمان خان
نے بذات خود بہت شہر اور قصبے اور دیہات اپنی قلمرو مین ملائی اور
درمیان ۱۵۴۶ء / ۹۵۳ھ مین سلیمان ثانی نے عجم مین آیا اثنار راہ مین علاؤ الدین
شاہ ہندوستان کا ایلچی حاضر ہوا چند روز ٹھہر کر جواب نامہ
کا لیکر لوٹ گیا بعد ازان ایرانیون سے مقابلہ ہوا عثمان پاشا نے

۱۵۲۱ء ۹۳۱ھ
۱۵۲۴ء ۹۳۱ھ
۱۵۳۳ء ۹۴۰ھ
۱۵۳۷ء ۹۴۴ھ
۱۵۴۶ء ۹۵۳ھ

یہہ چالاکی کی کہ چند شریر گھوڑون کے دُم مین کوئی زندہ باندہ کر
فوج ایران مین رات کے وقت چھوڑ دئی کوڈون نے کان کان
کر کے جو شور مچایا اور تڑہی گھوڑے بہاگے اور صدہا کوڈون کی اواز
جو ہوئین ایرانیون نے خیال کیا کہ دشمن کی فوج ہمارے لشکر پر آپڑی
اب شب خون ہوگا اسلئے باہم تلوار چلنے لگی بہت سے سپاہی ایران
کے آپس مین لڑکر مر گئے یہہ بات سلطان سلیمان خان کو بہت پسند آئی
بہت خوش ہوا اسی خدمت کے سبب اُسکو حاکم حلب کا مقرر کیا اور
۹۶۰ھ شاہ ایران سے صلح ہوگئی سنہ ۱۵۵۳ء جسمین اُسکے بیٹے مصطفےٰ ابن سلیمان سنہ ۱۵۵۳ء
۹۶۳ھ نے بغاوت اختیار کی اُسکو قتل کیا پھر سنہ ۱۵۵۶ء ۹۶۳ھ مین مسجد سلیمانیہ سنہ ۱۵۵۶ء
کی تعمیر ہوئی اسی سال مین اُسکا دوسرا بیٹا بایزید اُستی پھر گیا باپ سے
لڑکر شکست کھاکر بھاگا سنہ ۱۵۶۱ء ۹۶۹ھ مین وہ شاہزادہ شاہ طہماسپ صفوی شاہ
ایران کے پاس پہنچا شاہ ایران نے اُسکی عزت کی اور بہرام تمام اپنے پاس رکھا۔
سلطان سلیمان خان ثانی نے اُسکو خفیہ لکھا کہ اس ولد نامسعود کو میرے
ان چند معتمدون کے حوالہ کردو چنانچہ اُسنے ایسا ہی کیا اُن آدمیون نے

اُسکو قتل کر ڈالا اسبات سے شاہ سلیمان نہایت خوش ہوا
اور ایک نامہ بہت بڑے القاب اور عزت سے شاہ ایران کو لکھا
اور چار لاکھ دینار بطور تحفہ اور ہدیہ کے بھیجے

سنہ ۱۵۶۲ء سنہ ۹۷۰ھ پھر درمیان سنہ ۱۵۶۷ء سنہ ۹۷۵ھ کے بڑا عظم افریقہ پر فوج شاہی نے حملہ کیا اور
بہت فتحین حاصل کین شاہ ھسپانیہ اُس پر حملہ کر کے اپنا لشکر مالطہ
کو روانہ کیا مصطفےٰ پاشا سپہ سالار سلطان کا فتح یاب ہوا اور کئی
ہزار نصاریٰ اسیر کر کے سلطان کے روبرو حاضر کئے +

بعد ازان خود سلطان نے ارادہ جہاد کا کیا بلغراد پر پہنچ کر کئی
سنہ ۱۵۶۶ء سنہ ۹۷۴ھ شہر عیسائیون کے فتح کئے ۱۳ تاریخ صفر مطابق ۳۰ اگست سنہ ۱۵۶۶ء سنہ ۹۷۴ھ
مین وجع المفاصل کی بیماری مین مبتلا ہو کر فوت ہوا
محمد سقلی سپہ سالار نے بادشاہ کی موت ظاہر نہونے دی
اور اُسی عرصہ مین قلعہ فتح کیا ۱۳ دن کے بعد جب سلیم خان
ولد سلیمان کو اُسکے والد کے انتقال کرنے کی خبر پہنچی بلغراد سے
بسرعت تمام لشکر شاہی مین آیا اُسوقت وزیر نے خبر وفات

سلیمان کی مشہور کی +

یہہ بادشاہ گندم گون کشادہ پیشانی ترش رو عالی ہمت تہا اُسنے
۴۸ سال بادشاہت کی عمر اُسکی چوہتر برس کی ہوئی اُسکی وفات کے
بہت شاعرون نے فارسی اور عربی اور ترکی مین لکہے ہین ازانجملہ
ایک مرثیہ مفتی ابو السعود مفسر قران کا ہی جسکا شروع یہہ ہے +

اصوت صاعقة ام نفخة صور ؟
فالارض قد ملئت من نقرنا قور ؟

گریز کے مقام پر کہتا ہے

ام ذاك نبي سليمان الزمان ومن
قضت اوامرة في كل ما مور ؟
ومن ومن ملأ الدنيا مهابته
وسخرت كل جبار وتيمور ؟

## سلیم الثانی

# ولد سلیمان

یہہ بادشاہ درمیان سنہ ۹۲۹ھ کے سنہ ۱۵۴۴ع کے پیدا ہوا اور درمیان سنہ ۹۷۴ھ کے سنہ ۱۵۶۶ع کے بادشاہ ہوا نعش باپ کے قسطنطنیہ مین لاکر دفن کی ایلچی شاہ ایران کا نامہ تعزیت اور تہنیت کا لیکر حاضر ہوا دو دانہ مروارید کلان کے جنکا وزن چالیس درہم کا تہا اور ایک دانہ یاقوت رمانی کا جو برابر شفتالو کے تھا پیشکش کئے جواب نامہ کا لیکر لوٹ گیا بعد ازان سلیم خان نے امام صنعا پر حملہ کیا اُسکو شکست دیکر فتح پائی

ذُوسِقنا سیے نام ایک یہودی اس بادشاہ کا ندیم تہا جبکہ وہ شہزادہ تہا اُسوقت سے ان دونون مین دوستی تھی اُس یہودی کے ساتھہ شراب پیا کرتا تھا ایک روز حالت نشہ مین اُس یہودی نے اس شاہزادہ سے بیان کیا کہ جزیرہ قبرس مین بہت تخمہ شراب بنتی ہے اور نہایت عمدہ ہوتی ہے سلیم نے اُسسے کہا کہ جب مین بادشاہ ہو جاؤنگا تو اُسی جزیرہ کو فتح کرکے تجھکو وہان کا حاکم بناؤنگا پس اب اُس یہودی نے

موقع پاکر عرض کی کہ اب بادشاہ اپنا وعدہ پورا کرے اسلئے سلیم ثانی نے مصطفے
پاشا کو حکم دیا کہ جزیرہ قبرس کو فتح کرے چنانچہ تین سو ساٹھ (۳۶۰) جہاز جنگی تیار
کرکے حکم دیا کہ اوس جزیرہ پر چڑہائی ہو بعد کئی لڑائیون کے وہ جزیرہ فتح ہوا
اور مال بیشمار دختر او رپسر دو ہزار کے بادشاہ کے سامنے حاضر کئے
اگرچہ بادشاہ کی فوج سے بھی قریب پچاس ہزار آدمی کے مارے گئے
پر بادشاہ نے اپنا وعدہ پورا کیا شاہ ھسپانیہ اور پوپ یہہ حال دیکھہ سلطان
کے برخلاف فوج بحری لاکر صف آرا ہوے اس لڑای مین سلطان کا بہت نقصان
ہوا ۲۲۴ دو سو چوبیس جہاز جنگی بادشاہ کے تباہ ہوئے یہہ فتح شاہ ھسپانیہ
نے ایسی حاصل کی کہ اوسکی خوشی کا ایک روز اپنی قلمرو مین ہمیشہ کو بطور یادگار
ٹہرا دیا بعد ازان سلیم ثانی بعارضہ بخار بیمار ہوکر ۲۸ - تاریخ ماہ شعبان ۹۸۲ھ ۱۵۷۴ء
مین پچاس برس کی عمر پاکر فوت ہوا - یہہ بادشاہ شراب خوار نغمہ پرست
عیاش طبیعت تہا اوسکے وقت محمد سقلی اوسکا وزیر صاحب تدبیر تہا اوسنے
انتظام ملک کا اچہا رکہا ورنہ اوسکی وقت سلطنت کا بگڑ جانا کچہہ تعجب کی
بات نہ تہی +

# مراد خان ثالث بن سلیم خان ثانی

۱۰۰۳ھ مراد سوم ولد سلیم ثانی بعد وفات اپنے والد کے درمیان ۱۰۰۳ھ کے
بادشاہ ہوا اوسنے تخت پر بیٹھتے ہی اپنے پانچ بھائیون کو جو بے گناہ
تھے قتل کروا دیا اور چار عیسائی جو قید مین تھے اونکو رہا کر دیا اور بہت
۱۰۰۶ھ امراء اکابر کو اونکی خدمات سے معزول کر دیا درمیان ۱۰۰۶ھ سنہ مین
آیا کہ شاہ ایران کو کسیقدر زہر دیکر مار ڈالا ہے اور اوسکا بیٹا شاہ کے ہاتھ سے
مقتول ہوا ہے مراد خان نے یہہ موقع پاکر شہر نقلبس پر فوج روانہ کی
۱۰۰۹ھ اور جستان فتح کیا ۶- تاریخ جمادی الاولی ۱۰۰۹ھ اس بادشاہ نے
۱۰۱۲ھ انتقال کیا یہہ بادشاہ متوسط القامت کم ریش زرد رنگ کوتاہ جسم شہوت پرست
بہت تھا اوسکی حرم سرا مین پانسو کنیز تھی ۔

# محمد خان ثالث ولد مراد

جسوقت اوسکے والد مراد کا انتقال ہوا وہ شہر مانیز مین تھا اوسکی والدہ

صفیہ سلطان نے اوسکو خفیہ خط لکھکر اسکے باپ کے انتقال پانی کی
خبر اوسکو کی اور جلدی بولایا اور جبتک وہ نہ آیا مراد کی انتقال کی ذرا بھی
خبر نہونے دی یہانتک کہ وزیرون کو بھی خبر نہ ہوی محمد خان ثالث نے بارہ روز
سنہ ۱۵۹۵ء سنہ ۱۰۰۴ھ کے بعد آکر ۱۵۹۵ء مین تخت پر جلوس کیا اوسوقت لوگون کو خبر ہوئی کہ مراد
ثالث مرگیا ہے اسی احسان کے سبب محمد خان ثالث نے سب اختیار سلطنت کا
اپنی والدہ کے سپرد کر رکھا تہا چند روز کے بعد اوسنے اپنے ۱۹ بہائی
خورد و کلان قتل کرکے اپنے باپ کے قبر کے برابر اونکی قبرین بنوادین
اور دس عورتین جو اوسکے باپ سے حاملہ تہین وہ دریا مین ڈبوادین
اوسکے وقت مین شاہ نمسا نے لشکر شاہی کا مقابلہ بہت زور سے کیا تہا
سنہ ۱۵۹۵ء سنہ ۱۰۰۴ھ یہان تک کہ ۲۴ شوال ۱۵۹۵ء مین خود بادشاہ جڑہ کرگیا اور شہر اربو کو سات روز
مین فتح کیا ۔

سنہ ۱۶۰۳ء سنہ ۱۰۱۲ھ درمیان ۱۶۰۳ء کے شاہ ایران سے لڑائی ہوئی پر عمر نے سلطان سے
وفا نہ کی بیمار ہوکر راہی ملک بقا ہوا اس بادشاہ کی عمر ۳۰ برس کی ہوئی ۹
دو ماہ اوسنے سلطنت کی یہہ بادشاہ افیون بہت کہاتا تہا اور شراب سے

اوسکو ایسی نفرت تہی کہ اپنی قلمرو مین بہت سے شراب خانے ویران کردیئے

سنہ ۱۶۰۳ء ۱۸- رجب مطابق ۲۲- دسمبر سنہ ۱۶۰۳ء سنہ ۱۰۱۲ھ مین اوسنے انتقال کیا +

# احمد اوّل بن محمّد خان

یہہ بادشاہ تیرہ برسکی عمر مین تخت پر درمیان سنہ ۱۶۰۳ء سنہ ۱۰۱۲ھ کے بیٹہا اوسکی وقت مین شاہ عباس صفوی بادشاہ ایران نے قیصر روم کے ملک مین دست اندازی کرکے شہر ایروان اور قلعہ قارص اور سوائے اونکے اور کئی مقام فتح کرلیے اسلئے اوسکو خود چڑہنا پڑا اور شاہ عباس سے لڑائی ہوے اس حملہ مین بہت نقصان سپاہ کا بسبب پڑنے برف اور امراض کے ہوا اسی اثنا مین باشندگان مجر والی نمسا کے ہاتہہ سے ظلم اوٹہاکر دادخواہ سلطان سے ہوئے سلطان نے اونکی حمایت کی اور ایک شخص اوسی شہر کا باشندہ انتخاب کرکے تاج اور نشان اور تیغ مرصع اور فوج دیکر اُس ملک کا حاکم مقرر کردیا اسلئے جو بلاد کہ قیصر روم کے والی نمسا نے دبالیے تہے پھر کر سلطنت روم مین شامل ہوگئے سنہ ۱۶۰۵ء سنہ ۱۰۱۴ھ مین فرہاد پاشا آکر شاہ نمسا سے صلح کی اور خراج وہا لگالیکر دارالسلطنت کو لوٹ آیا

بعدازان مراد پاشا کے ہمراہ فوج کثیر کرکے ۱۰ مصلے سر کوبی جان بولاد حاکم
اکواد اور امیر فخرالدین حاکم لبنان کے بھیجا بعد مقابلہ اور جنگ سخت کے
جان بولاد بھاگ گیا مگر اطراف حلب مین مارا گیا امیر فخرالدین بھی تا مقابلہ
کی نہ لایا وہ بھی بھاگ گیا مراد بامراد قسطنطنیہ کو لوٹا ۱۰۲۱ھ ۱۶۱۲ء مین پھر شاہ ۱۰۲۱ھ ۱۶۱۲ء
ایران سے لڑائی ہوئی شہر تبریز فتح ہوا شاہ عباس سے صلح ہوگئی۔
اسی اثنا مین سلطان کو خبر ملی کہ عیسائی لوگ ارادہ جنگ اپنے گھر دنمین
آلات جنگ کے مہیا کرنے مین مصروف ہین سلطان نے خانہ تلاشی کی جا
سردار عیسوی قتل کئے گئے۔ بعدازان پھر ایران پر لشکر کشی ہوئی ایرانیون نے
شکست فاحش دی یہہ حال سنکر بادشاہ خود جانے کا ارادہ کیا مگر داعی اجل نے
آواز دی اور موت نے آکر سلطان کو درمیان ۱۰۲۶ھ ۱۶۱۷ء کے گرفتار کرلیا
۱۶ تاریخ ماہ ذی القعدہ مطابق ۱۵ نومبر کو انتقال کیا یہہ بادشاہ ابراہیم
تہا عورتون سے بہت صحبت رکھتا تہا اور مکہ اور مدینہ مین ہر سال بہت سے
بھیجتا رہتا تہا اور ایک مسجد کلان اسلامبول مین بنام مسجد احمدی
اوسکی بنائی ہوی ہے اور ایک توپخانہ کا حوض ہی اوسکا بنایا ہوا ہے

زمانہ مین اہل ہالنڈ نے تماکو پینے کا رواج درمیان سنہ ۱۶۱۲ع اسکے ملک مین ڈلوایا تہا +

# سلطان مصطفے اوّل بہائی احمد کا

وقت وفات سلطان احمد اول نے ارکین سلطنت کو یہہ وصیت کی تہی کہ میرے بعد مصطفے خان میری بہائی کو تخت پر بٹہلانا کیونکہ میرا بیٹا عثمان ابہی ۱۲ برس کا ہے اسلئے مطابق اوسکے وصیت کے اوسکا بہائی بادشاہ ہوا چونکہ یہہ بادشاہ ۱۴ برس سے عورتون مین مقید رہتا تہا اوسمین زنانہ پن نے ایسا اثر پیدا کر دیا تہا کہ حوصلہ بادشاہت کا اور ہمت مردانہ سب زایل ہوگئی تہی اسلئے باتفاق امرا پھر مقید کیا گیا اور عثمان ولد سلطان احمد کو تخت پر بٹہلایا

# عثمان ثانی بن احمد اوّل

سنہ ۱۶۱۸ع ۲۹ شعبان سنہ ۱۰۲۷ھ عثمان ثانی ابن احمد اول تخت پر بٹہلایا اسنے بہی واسطے تسخیر ایران کے سرکردگی خلیل پاشا ایران پر فوج روانہ کی یہہ سپہسالار رومی

اردبیل تک پہنچا اوس جگہہ شاہ عباس سے صلح کرکے درمیان
سنہ ۱۶۱۸ء سنہ ۱۰۲۶ھ کے قسطنطنیہ کو مراجعت کرایا سلطان بہت ناراض ہوا اوسکو
معزول کیا اور بجاے اوسکے چلپے پاشا مقرر کیا یہہ پاشاہ سپاہگری کے
فن سے خوب باخبر تہا۔ سکندر پاشا کو اوسکے مقابلہ والی بولونیا
کے روانہ کیا ان دونون مین جنگ عظیم ہوئی جس مین ہزار آدمی بولونیا کے
مارے گئے اور دس ہزار اسلام بول مین اسیر ہوکر آئے اونکو سلطان
کے سامنے قتل کیا یہہ معرکہ عجیب ہوا تہا کہ روس۔ فرانس۔ پوپ یہہ سب
مددگار والی بولونیا کے تہے پر فوج فیصلہ کی ان سب پر غالب آئی وہان
عیسائیون نے جزیہ دینا منظور کیا یہہ بادشاہ عورتون پر بہت مایل رہتا تہا
رات و دن عیش و عشرت مین گذارتا تہا ایک روز شہر کے مفتی بیٹی سے
جو بہت خوبصورت تہی نکاح کرلیا امراء عسکر اور ارکان دولت اس حرکت سے
سب ناخوش ہوگئے کہ غیر کفو مین سلطان نے عقد کیا اسلئے کیا اتفاق ہے
سنہ ۱۶۲۲ء سنہ ۱۰۳۱ھ اوسی دنون مین درمیان سنہ ۱۶۲۲ء کی سلطان نے ارادہ حج کعبہ کیا اور
خیمہ شہر کے باہر حسب دستور استادہ کیا گیا فوج مین یہہ افواہ ہوگئی تہی کہ سلطان کا

یہہ ارادہ ہے کہ حج کے بہانہ اس ملک سے باہر جاکر نئی فوج بھرتی کر کے
پرانی سپاہ کو نکالدی گا اسلئے بڑا بلوا ہوا انجام کار عثمان مذکور بصد خواری اور
ذلت کے قتل کیا گیا اسلطنت عثمانی مین بڑا خلل پڑ گیا شاہ ایران نے
یہہ ماجرا سنکر دست درازی قیصر کے ملک مین خوب کی۔ عمائد قیصر نے تخت
کو خالی رکھنا مناسب نہ جانکر پہراوسی مصطفے کو عورتون مین سے لاکر بادشاہ بنایا
پردہ سوائے زنانہ پن کے اور کچھہ نہ سیکھا تھا سلطنت کی ہرگز لیاقت نہ رکھتا
تاچار پھر تخت سے اوتار دیا یہہ مصطفے اٹھہ تاریخ ماہ رجب سنہ ۱۰۳۱ھ ۲۲ سنہ ۱۶۲۱ع مین شہید ہوا
لوگون نے متفق الرای ہوکر مرادخان رابع کو بادشاہ روم کا مقرر کیا۔

## سلطان مرادخان الرابع بن احمد

یہہ بادشاہ پندرہ برس کی عمر مین درمیان سنہ ۱۰۳۲ھ ۲۳ سنہ ۱۶۲۲ع تخت روم پر بیٹھا دوسری رکعت
سورہ جامع ایوب مین گیا تلوار کمر سے باندہی گئی اور سب سوم کی گئین اس
بادشاہ کے وقت مین بھی ایران پر کئی دفعہ لشکر کشی ہوئی اور بغداد فتح
ہوئی اور پھر چھین گئی اور بہت سے آدمی بغداد کے گلیون مین سپاہ ایران

کے ہاتھہ سے ایسے مقتول ہوے کہ خون کی نہر بہ نکلی شاہ عباس نے
ابوبکر پاشا کو زندہ گرفتار کرکے لوہے کے پنجری مین بٹہلا کر ایک کشتی پر
سوار کرکے دریاے دجلہ مین لیجا کر آگ لگا کر جلا دیا اور نوی افندی اور عمر
افندی سرداران لشکر روم کو پھانسی دی اور محمد پاشا ولد ابوبکر پاشا کو
خراسان کے طرف روانہ کرکے قتل کر دیا اور مدت تک شاہ عباس
بغداد مین رہا پھر حافظ پاشا کے مقابلہ کو موصل پر گیا وہ شہر بھی فتح کیا اگرچہ
کئی دفعہ حافظ پاشا اوسسے لڑا اور کئی دفعہ قسطنطنیہ کو گیا اور فوج کثیر
لایا پر شاہ عباس کا کچھہ نکر سکا ایک دفعہ بڑی بھاری لڑائی ہوئی حافظ پاشا
بھاگ گیا مال غنیمت ایرانیون کے ہاتھہ آیا ایک بھاری توپ جسکو نہ
لیجا سکا زمین مین داب گیا تھا اوسکو شاہ ایران نے نکلوا کر اصفہان
مین رکھوا دیا بعد ازان جب شاہ عباس اصفہان مین فوت ہوا
اور روم مین اوسکے وفات کی خبر پہنچی تب خسرو پاشا
ایک لاکھہ پچاس ہزار سپاہ لیکر روانہ ملک عجم کو ہوا اور ایرانیون
پر غالب آکر شہر موصل کو لوٹ لیا مگر اوسوقت مین سرداران اور پاشایان

دوم مین بڑا فساد ہوا تہا ہزار آدمی مارے گئے تہے اور
امیر فخرالدین حاکم لبنان نے شاہ فرانس لویز سوم سے دوستی پیدا
کرلی تہی اسلئے یہہ مہم ملتوی رہی بلکہ سرکوبی حاکم لبنان کی مقدم سمجہکر
احمد پاشا کو فوج دیکر اوسکے مقابلہ کے واسطے روانہ کیا پر لشکر
شاہی کو شکست ہوی فیروز اُغلے کو حکم ہوا اوسنے امیر مذکور کو شکست
دی اور بہگا دیا مگر احمد پاشا نے اوسکا پیچہا نہ چہوڑا اوسکو زندہ گرفتار
کیا اور سلطان روم کی خدمت مین لاکر حاضر کر دیا سلطان نے اوسکا جرم
معاف کر دیا اور اوس کو اپنے پاس نظر بند رکہا اتفاق سے ایک
روز یہہ خبر آئی کہ اس امیر کے پوتے نے شہر بیروت لوٹ لیا ہے
اور احمد پاشا کو اوس نے مشق کے نواح مین شکست دی ہے
اس لئے خفا ہوکر اوس امیر کو قتل کیا اور امیر مسعود و امیر حسین جو
اوس کے دو بیٹے یہی اوس کے ساتہہ نظر بند تہے اون کی گردن
مارنے کا بہی حکم دے دیا تہا مگر بہر سبب شفاعت امرا کے
اون کی جان بخشی ہوئی —

۱۶۶۱ء بعد ازان در زمان ۱۰۷۲ھ سنہ ۱۶۶۱ء مین سلطان خود لباس عربی سپاہانہ ۱۶۶۲ء
پہن کر ایک لاکھہ سپاہ لیکر بغداد پر آیا متصل مقبرہ امام ابوحنیفہ
کے خیمہ کیا اور لشکر ایران جو بغداد مین تھا اوس سے سخت مقابلہ ہوا
پچاس ہزار آدمی ایرانی مقتول ہوے بغداد فتح کیا اور ایک ہزار
ایرانی اسیر آئے اون کو اپنے سامنے تلوار سے قتل کروا دیا
پھر نقارہ فتح کا بجاتا ہوا قسطنطینہ کو مراجعت کی وہان آکر مادرش بخار مین
مبتلا ہوا اور اپنے چھوٹے بھائی ابراھیم کے قتل کرنے کا حکم دیا کسی
ماں نے ابراھیم کو چھپا دیا اور مشہور کر دیا کہ ابراھیم مارا گیا حکم ہوا
اوسکی نعش دکھائی جاوے حکیم جو معالج بادشاہ کا تھا اوس نے
عرض کی کہ حضور بیمار ہین اس حالت مین نعش مردہ کے دیکھنے سے
زیادہ بیماری زندہ رہیگی بعد صحت پانے کے کچھہ مضایقہ نہین ہے
اسطرح پر اوس کی جان بچی بعد چند روز کے سلطان مذکور ماہ شوال
مطابق ۷ ماہ فروری کو ۱۰۷۳ھ سنہ ۱۶۶۲ء مین راہی ملک بقا ہوا۔
کہتے ہین کہ یہہ بادشاہ شراب بہت پیتا تھا اوسکی زیادتی سے وہ بیمار ہو کر فوت ہوا

# ابراهیم ابن احمد

سنہ ۱۰۴۰ھ یہہ بادشاہ درمیان سنہ ۱۰۴۹ھ سنہ ۱۰۵۱ھ کے تخت نشین ہوا جب اوس کی تخت نشینی سنہ ۱۰۴۰ھ
کا وقت آیا تو ارکان دولت محلسرا کے دروازہ پر گئے اور اطلاع کی
کہ مراد رابع تمہارے بہائی کا انتقال ہوگیا ہے تم رخت شاہانہ پہن کر
رونق بخش تخت قیصری کے ہوجاؤ یہہ سنکر ابراهیم کے تمام بدن پر لرزہ
پڑگیا وہ سمجھا کہ سلطان مراد نے اوس کی آزمایش کے واسطے یہہ حیلہ
کیا ہے اسلئے اوسنے کہا کہ مین فقیر ہون دنیا سے ترک کر دی ہے
مجکو بادشاہت درکار نہین ہے جب لوگون نے مراد کی نعش لاکر اسکو
دکھلائی تب اوس کو یقین اونکا ہوا حکم دیا کہ اس کو بعزت تمام گورستان مین
دفن کرو پھر سردارون نے اوس کو محلسرا سے باہر نکالا چونکہ روز ولادت
سے اب تک کبھی گھوڑے پر سوار نہوا تہا عورتون مین قید رہتا تہا اسلئے
اوس کو تخت روان پر سوار کر کے مسجد مین لائے اور حسب رسم
عثمانی تلوار بند ہوائی گئی تو پہن سلامی کی چلین یہہ بادشاہ چیچک و ضعیف العقل

نسبت سیالہ ڈریوک بہت تھا سوا سے گفتگو اور عادات زمانہ کے اور
کچھہ سلیقہ اوس مین نہ تہا اسلئے اوسنے یہہ انتظام کیا کہ پانسو پچاس عورتین
خوبصورت جمع کین اور اون کے ساتھہ عیش و عشرت مین مصروف ہوا
زمام سلطنت وزیرون کے ہاتھہ مین دیدی یہ وزرا نے بہی انتظام
سنہ ۱۰۵۴ھ ملکی مین بہت کوشش نمک حلالی سے کی درمیان سنہ ۱۰۴۵ھ / ۱۶۳۵ء کی فصاد سنہ ۱۶۴۵ء
نے قیصر روم کے جہازون کو سمندر مین کچھہ مزاحمت پہنچائی تہی سو اسطے
چار سو جہاز جنگی دارالسلطنت کے تادیب نصاری کے جزیرہ مالطہ کو روانہ ہوئے
سنہ ۱۰۵۶ھ اور فتح پر لوٹ آئے اور سنہ ۱۰۴۶ھ / ۱۶۳۶ء مین کئی لڑائیان عیسائیون سے سنہ ۱۶۴۶ء
ہوئین پر حسن تدبیر ارکان دولت سے کسی طرح کی خرابی نہونے پائی
مگر سرداران سپاہ نے جب دیکہا کہ سلطان اور اوس کا وزیر احمد
پاشا رات دن لذات جسمانی مین مصروف رہتے ہین اور اسکا
چرچا جا بجا ہو رہا ہے اور سلطان کو انتظام ملکی سے کچھہ تعلق نہین ہے
اسلئے ارادہ کیا کہ اوسکو قتل کر ڈالین سلطان یہہ خبر سازش کی سنکر
گھبرایا وزرا و امرا کو زر کثیر دیکر جان بچائی مگر سردارون نے اوسکی بیٹی

ہفت ماہہ کو برائے نام سلطان روم مقرر کیا اور ابراہیم پہر زنانہ خانہ
مین قید کر دیا چند افسران شاہی نے پہر چاہا کہ بادشاہ کو قید سے باہر
نکالین پر جن افسرون کے رای سے وہ محبوس ہوا تہا اونہون نے
اوسکا کام تمام کر دیا زنان خانہ ہی مین قتل کر ڈالا یہہ واقعہ ۸ ماہ رجب
۱۰۵۹ھ مطابق ۲۹ جولای ۱۶۴۹ء مین واقع ہوا اس بادشاہ نے ۲۹ برس کی عمر پای ۹ برس
اوسنے بادشاہت کی ۔

## محمّد الرابع بن
## ابراهیم المقتول

۱۰۵۹ھ محمّد خان چہارم سات مہینے کی عمر کا بچہ شیر خوارہ ۲۹ جولای ۱۶۴۹ء مین بادشاہ
مقرر ہوا اوس کی والدہ کوسم سلطان ملک کی حاکمہ ٹہری سردارون نے
عورت کی حکومت منظور نکر کے بڑا بلوا برپا کیا آخر کار سلیمان خواجہ سرا نے
۱۰۶۲ھ کوسم سلطان کو قتل کیا ۱۶۵۱ء تک فساد اور خانہ جنگی کی آتش
۱۰۶۲ھ فرو نہوئی اور ۱۶۵۲ء مین چالیس سے زیادہ برابر زلزلہ روم مین ہوتا رہا
۱۰۶۳ھ بہت نقصان جان اور مال کا ہوا اور ۱۶۵۳ء سے لے کر

سنہ ۱۶۵۳ء سنہ ۱۰۶۴ھ تک درمیان بادشاہون اور امرا کے قتل کا بازار گرم رہا کئی پاشا مارے گئے سلطان ابراہیم کے بیٹے نابالغ تھا کوئی شخص اوس کے باپ کو خاطر مین نہ لاتا تھا انجام کار کو مولی محمد نام ایک شخص وزیر ہوا یہہ شخص بڑا عاقل اور مدبر تھا اس نے بہت اچھا انتظام کیا اکثر جگہہ نصاریٰ پر غالب آیا اور جزیرہ تینڈوس وغیرہ فتح کیے۔

سنہ ۱۶۵۶ء سنہ ۱۰۶۶ھ بلاد سرب پر لشکر کشی کی ایک لاکھہ پچاس ہزار عیسائی مقتول ہوئے اور وہ منظفر اور منصور ہو کر قسطنطنیہ کو پھرا اوس وزیر باتدبیر کی رائے صایب سے سلطنت مردم از سر نو بارونق ہوئی پر افسوس ہے کہ اوس کی زندگی نے وفا نہ کی پانچ برس تین مہینے

سنہ ۱۶۶۱ء سنہ ۱۰۷۲ھ اوس نے اسی طرح پر وزارت کی ۱۷ تاریخ ماہ ربیع الاول سنہ ۱۶۶۱ء مین وہ فوت ہوا۔

وقت نزع کے سلطان محمد خان اوس کے پاس گیا اور بہت حسرت اور افسوس کیا اور پوچھا کہ مجکو کچھہ وصیت کر وزیر نے جواب دیا کہ امور سلطنت مین عورتون کی رائے پر نہ چلنا اور اون کو اس کام مین دخل نکرنا اور عورتون

صحبت مین غافل نہونا سپاہ کو خوش رکھنا ایک آدمی بہی سپاہ سے کم نکرنا
اور عیسائیون سے برابر جہاد کرنا اونکو کبہی مہلت نہ دینا القصہ بعد اوس کی وفات
کے سلطان نے اوس کے بیٹے احمد پاشا کو خلعت وزارت کا
دیا یہہ اپنے باپ ہی کی مانند نمک حلال بیدار مغز نکلا اوسنے بہی بہت
کارنمایان ظہور مین آئے چنانچہ قلعہ گرپڈ پر ۲۲ برس سے یورش ہورہی
تہی وہ قلعہ فتح نہوتا تہا ۱۰۷۵ھ مین احمد پاشا اوس مہم پر گیا اور ۱۶۶۵ء
۱۰۷۹ھ وہ قلعہ فتح کرکے مظفر اور منصور ہوکر لوٹا پہر درمیان ۱۰۷۹ھ ۱۶۶۶ء
کے ملک روم مین سوا جنگ وجدل کے زلزلے پے در پے ایسی ۱۶۶۹ء
سخت آئے کہ شہر تباہ ہوگئے پہاڑ تک پہٹ گئے مرض طاعون سے ہزارہا
مرد وزن جان بحق ہوئے اور کثرت برف اور شدت سرما سے بیشمار
مویشی اور پرند مر گئے ۔ اسی بادشاہ کے وقت مین درمیان ۱۰۸۱ھ اور یروشلیم
کے ایک یہودی نے دعوی کیا کہ مین مسیح ابن مریم ہون چونکہ
وہ شخص فصیح وزبان دراز وخوبصورت آدمی تہا بہت سے یہودی
اور نصاریٰ اوسپر ایمان لے آئے اس شخص کو شعبدہ بازی مین

بہی کمال مہارت تھی اسلئے لوگ اُسکے فریب مین پہنستی تھی حاکم بیت المقدس
نے چاہا کہ اُسکو گرفتار کرے وہ بہاگکر اسلام بول مین آگیا احمد پاشا نے
اُسکو گرفتار کیا عیسائی لوگ روپیہ نذرانہ کا سلطان کو دیکر قید خانہ مین اُسکی
زیارت کرنے کو آتے تھے اور اُس کے پیر بکپڑتے اور چومتے
تھے سُلطان محمد خان بہی اُسکی ملاقات کو گیا اور کہا کہ مین تیرا امتحان
کرتا ہون تو میدان مین کھڑا ہو جا مین لشکریون کو حکم دیتا ہون وہ تجہپر
تیر باران کرین گے دیکہون تجہپر تیر کا اثر ہوتا ہے یا نہین یہہ سنکر
مسیح کذاب بادشاہ کے قدمونپر گر پڑا اور کہا کہ مین طاقت امتحان کی
نہین رکھتا ہون سُلطان نے حکم دیا کہ اسکو قتل کرو وہ فوراً مسلمان ہوگیا
اور اس بیہودہ دعوے سے اُسنے توبہ کی - اسی طور پر اسی بادشاہ کے
وقت مین ایک اور شخص نے دعوے کیا تھا کہ مین مہدی موعود
ہون وہ بہی قتل کیا گیا +

سنہ ۱۰۸۴ھ سنہ ۱۶۷۳ع مین درمیان ماہ رمضان کے سلطان کے بیٹا پیدا ہوا اُسکا سنہ ۱۶۷۳ع
نام سُلطان احمد رکھا گیا اسی خوشی مین کئی روز تک عیش و عشرت

سنہ ۱۶۸۱ء کی محفل آراستہ رہی سنہ ۱۶۸۱ء مین احمد پاشا وزیر سلطان کا بیس برس سنہ ۱۰۹۲ھ
چھہ ماہ وزارت کرکے فوت ہوا پھر کئی وزیر معزول اور منصوب ہوئے
احمد پاشا کی لیاقت کا کوئی آدمی نہ نکلا آخر کار سپاہ ینیچری سلطان
سے ناراض ہوگئی اور چاہا کہ فتنہ برپا کرے سلطان نے خود ہی تخت سے
دست بردار ہوکر اپنے بھائی سلطان سلیمان خان ثالث کو تخت پر بٹھا
دیا اور آپ گوشہ عافیت مین جا بیٹھا یہہ بادشاہ شکار کرنا بہت پسند کرتا
سنہ ۱۶۸۹ء تھا اُسنے ماہ جمادالاولی مطابق ماہ جنوری سنہ ۱۶۸۸ء مین درمیان سنہ ۱۰۹۷ھ
ایام سلطنت لویز جہاردہم شاہ فرانس کی سلطنت سے دست برداری کی تھی

## سلیمان خان ثالث
## بن ابراھیم

یہہ بادشاہ درمیان سنہ ۱۶۶۲ء کی پیدا ہوا تھا اور درمیان سنہ ۱۶۸۸ء کے
تخت نشین ہوا اُسوقت وہ ۲۶ برس کی عمر اُسکی تھی اس کی تخت نشینی
کے بعد سپاہ خود سر نے سیاوش پاشا وزیر کو قتل اُسکی دہلیز پر
جاکر کردیا اور تین سو آدمی اس ہنگامہ مین ماری گئی سوار اُسکے سردار

فوج کی بگڑ گئی اون مین باہمی جنگ و جدل ہونے لگی اس سبب سے ہر طرف سے غالب ہو گئے اور کوئی متوجہ دشمن کے دفع کرنے کیطرف نہوا اسلئے مجبور ہوا کہ والی نمسا نی ۱۰۹۹ھ مین شہر بلغراد پر اپنا قبضہ ۱۶۸۸ء کرا دے سلطان نے ذوالفقار افندی کو بطور وکالت شاہ نمسا کے پاس بھیجا والی نمسا نے ایلچی سے کہا کہ جب میرے سامنے آوے تو سجدہ کرے اگر یہہ منظور ہے تو آوے وکیل نے قبول کیا اسی جواب و سوال مین دس مہینے گذر گئے سلطان سلیمان تنگ آگیا اور بہت ناراض ہو کر والی نمسا پر چڑھائی کی بڑی بہادری لڑائی ہوئی آخر کو غالب آیا اور اپنا ملک اُسکے قبضہ سے چھڑا لیا اور بسر کردگی کوپرلی مصطفے پاشا کی نمسا پہ فوج روانہ کی چونکہ اُسوقت مین خزانہ خالی تھا تمام آلات طلا اور ظروف چاندی کے گلا کر سکے بنوا کر لشکر کو خرچ دیدیا اور بذات خود ایک لاکھ آدمیون کی جمعیت سے شہر بلغراد پر آیا وہ بھی چھڑا لیا وہان سے مظفر اور منصور ہو کر سلطان نے قسطنطنیہ کو مراجعت کی ۲۶ تاریخ ماہ رمضان مطابق ۲۲

سنہ ۱۶۹۱ء جنوری سنہ ۱۶۹۱ء سنہ ۱۱۰۲ھ میں تین برس نو مہینے سلطنت کر کے مرض استسقا میں سنہ ۱۱۰۳ھ
مبتلا ہو کر انتقال کیا اِس بادشاہ کو تعمیر مکانات اور باغون کے لگانے
کا بہت شوق تہا ۔

# احمد ثاني
## بن ابراهيم

بعد رحلت پانے سلیمان ثالث کے احمد خان ثاني بن سُلطان ابراهيم
مسند سلطنت روم پر بیٹھا ارکان دولت نے حیاتي زادہ حکیم باشی
کو قید کروا دیا اور یہہ الزام لگایا گیا کہ اُسنے آب دنان سُلیمان کا بند کر کے
اُسکو مار دیا ہے اور احمد خان کو پیراو علي مصطفے پاشا کو واسطے
جنگ شاہ نمسا کے روانہ کیا مصطفے پاشا اور نصاریٰ کا پہر مقابلہ
ہوا چونکہ مصطفے دلیر آدمی تہا بے خوف فوج کے آگے آگے چلا جاتا
تہا دشمن کی سپاہ سے کسی نے گولی ماری گہوڑے سے گر کر
شہید ہوا فوج روم بعد مرنے سپہ سالار کے تتر بتر ہو گئی پر لشکر عربی
اہل اسلام کا نصاریٰ پر غالب آیا اُسکے بعد علي پاشا منصب

وزارت پر منصوب ہوا چونکہ وہ بدمزاج تہا اسواسطے اُسسے لوگ متنفر
ہو گئے سُلطان نے اُسکو معزول کر کے جزیرہ قبرس مین بہیجدیا
اور حاجي علي کو عہدہ وزارت کا دیا شاہ نمسا نے فرصت پاکر شہر
بلغراد کا پہر محاصرہ کر لیا اسلئے کہ تاریخ ماہ ذی القعدہ سنہ ۱۱۰۴ھ ۱۶۹۲ء کو
فوج کثیر اسلام بول سے اُسکی تنبیہ کے لئے روانہ ہوئی اسی سال مین
ایک ربع شہر قسطنطینہ کا آگ سے جل کر خاک سیاہ ہو گیا تہا حاجي علي
عہدہ وزارت سے برطرف ہوا ایک اور شخص مصطفے نام وزیر ہوا
جب شاہ نمسا نے فوج اسلام کے آنے کا حال سنا محاصرہ چہوڑ
کر بہاگا شاہ لنڈن اور شاہ ہالنڈ نے درمیان قیصر روم اور والی
نمسا کی صلح کروادی پہر ماہ محرم سنہ ۱۱۰۵ھ ۱۶۹۳ء مین قسطنطینہ مین آگ لگی ایک حصہ ۱۱۰۵
شہر کا جل گیا مصطفے وزارت سے برطرف ہوا احمد پاشا وزیر ہوا
اس وزیر نے نصاریٰ کو ممانعت کلی کر دی کہ کوئی عیسائی لباس رنگین
اور زرد جوتی اور سمور کی ٹوپی نہ پہنے پاوے اور گہوڑے پر سوار
نہ ہونے پاوے اُنکو چاہئے کہ سیاہ لباس اپنا رکہین اور گدہی

سوار ہوا کرین تاکہ درمیان مسلمان اور عیسائی کے فرق رہے چند روز
کے بعد احمد پاشا بہی بطرف ہوا سو رملی علی حاکم شہر طرابلس
ملک شام کا خدمت وزارت پر ممتاز ہوا اس بادشاہ نے چار
۱۶۹۱ء برس سلطنت کی ۱۱ تاریخ جمادی الآخرہ مطابق ۲۰ جنوری ۱۶۹۲ء ۱۱۰۶ھ مین ۱۱۰۶ھ
مرض استسقا مین مبتلا ہوکر داعی اجل کو لبیک کہکر جلدیا +

# مصطفے خان ثانی
# ولد محمد خان رابع

۱۶۹۱ء یہہ بادشاہ اُسی سال مین یعنے ۱۱۰۶ھ ۱۶۹۴ء مین تخت پر بیٹھا اُسنے تخت پر ۱۱۰۶ھ
بیٹھتے ہی ایک فرمان اس مضمون کا لکھوایا کہ اعدا دین چار طرف سے ہجوم
کر رہے ہین مومنون کو درست نہین ہے کہ آسایش سے گہر مین بیٹھ رہین
میرے اجداد اور آبا ہمیشہ نصاری سے جہاد کرتے رہے ہین اسلیے
مین بھی چاہتا ہون کہ نصاری کے ساتھ لڑون پس اے مسلمانو میری
اطاعت کرو کیونکہ مین خلیفہ وقت ہون یہہ اشتہار عام کرکے جنگی
جہاز واسطے جہاد کے طیار کئے اور بسر کردگی حسین پاشا کی نصاری کے

مقابلہ کو روانہ کئے حسین پاشا نے بحر ابیض مین جاکر جزیرہ سافس
فتح کیا اور سلطان نے بذات خود لشکر روم کے ہمراہ آکر والی نمسا کو شکست
فاحش دیکر اُسکا توپخانہ چھین لیا اور اکثر قلعے منہدم کر ڈالے پھر تمام
موسم سرما درمیان شہر آرجدن کے مقیم رہا شروع گرما مین ایک فوج
شایستہ واسطے مدافعت والی نمسا کی اُس جگہہ چھوڑکر معہ اسیران
نصاریٰ اور توپخانہ کے جو نصاریٰ سے چھین لیا تہا بتمام شوکت وحشمت
داخل قسطنطنیہ ہوا ۔

اُنہین دنون مین خبر پہنچی کہ روس نے قلعہ ازف کا محاصرہ کرلیا ہے
سلطان نے واسطے مدافعت روس کے لشکر جرار روانہ کیا فوج
شاہی نے اُس سے لڑائی کرکے تیس ہزار روسی میدان جنگ
مین قتل کئے اور مظفر ومنصور ہوکر بازگشت کی سلطان نے ایک
لاکھ سپاہی اپنے ہمراہ لیکر والی نمسا سے پھر جنگ کرنے کے واسطے
کوچ کیا چنانچہ فتح پاکر مراجعت کی ۔ پھر خبر آئی کہ شاہ نمسا لڑنیکے ارادہ
اور فوج کو بھرتی کر رہا ہے یہہ سنتے ہی سلطان بذات خود پھر روان

ہوا اور الماس پاشا کو اپنے آگے بھیجا الماس پاشا مارا گیا شاہ لنڈن اور
شاہ ھالنڈ نے پہنچ بچاؤ کرکے والی غسلسے صلح کروادی یہہ صلح
۱۶۹۹ء درمیان سنہ ۱۱۱۱ھ کے ہوئی تھی سلطان شہر ادرنہ کو لوٹ آیا چند روز سنہ ۱۱۱۰ھ
وہان کا سیر وشکار کرکے قسطنطینہ مین آیا سرداران سپاہ اس صلح سے
ناراض ہوئے اور بادشاہ سے پھر گئے جب بادشاہ نے دیکھا کہ سپاہ
کی آنکھین بدلی ہوئی ہین اپنے بھائی کو تخت وتاج دیکر خود سلطنت سے
علحدہ ہوگیا اس فساد مین مفتی کبیر شہر کا مارا گیا ۹ برس اُسنے بادشاہت
کی ایکسال بعد درمیان سنہ ۱۱۱۶ھ ۱۷۰۴ء کے انتقال کیا ۔

## احمد ثالث بن محمّد

یہہ بادشاہ اپنے بھائی کی وفات سے ایک برس پیشتر تخت پر بیٹھا
وقت جلوس کے وہ ۳۰ برس کا تھا سپاہ خودسر نے افندی شیخ الاسلام
مارڈالا سلطان روم نے دم نہ مارا جب صاحب اختیار رہ گیا
اور امور سلطنت پہ قابو پالیا اُسی وقت

بعض مفسدین کو قتل کیا اور بعض کو معزول کر دیا اور
تھوڑے ہی عرصہ مین کئی وزیر مقرر کئے اور بسبب نالیاقتی کے برخاست
کئے آخرش علی پاشا کو وزیر مستقل کیا اوسی سال یعنی ۱۲۱۳ھ ۱۷۹۸ء
مین درمیان بادشاہان یورپ کے سخت لڑائیان ہوئین چنانچہ
پیطرس شاہ روس نے ملک سویڈن پر چڑہائی کی اور شاہ سویڈن
کارلوس پر غالب آگیا کارلوس بھاگ کر قیصر روم کے پاس پناہ
لینے کو آیا قیصر نے اوس کو پناہ دی اسی واسطے شاہ روس
نے قیصر کے قلمرو مین مزاحمت کرنی شروع کر دی اوسکی تادیب
کے واسطے محمد پاشا کو حکم ہوا اگرچہ محمد پاشا اوس پر غالب آیا مگر صلح
کرکے واپس چلا آیا سلطان کو یہہ صلح نامنظور ہوئی اس جرم مین محمد
پاشا کو خدمت وزارت سے موقوف کر دیا اور یوسف پاشا کو
اوس کی جگہہ منسوب کیا آخرکار درمیان ۱۲۱۶ھ ۱۸۰۱ء کے ایک صلح نامہ
شاہ روم اور شاہ روس بیچ برس کے امیعاد کا لکھا گیا بعد ازان قیصر
نے یوسف کو بھی معزول کیا سلیمان پاشا کو اوسکی جگہہ مقرر کیا اور حکم دیا

کہ کادلوس کو اوس کے ملک مین پہنچا دیوے اور اوس کے خرچ
کے واسطے روپیہ خزانہ شاہی سے دیدیوے کارلوس نے دس لاکھ
روپیہ طلب کیا حکم ہوا دیدو اوس کے بعد دس لاکھ اور انگلستان
پاشا اسبات سے ناراض ہوگیا اور حکم دیا کہ کارلوس کو جبرا
قیصر سے نکالدو اوس وقت کارلوس کے پاس صرف تین سو
پیادے تھے اون کو لیکر ۲۶ ہزار سپاہ قیصر سے مقابلہ کیا خود گرفتار
ہوا سلیمان پاشا نے اوس کو قلعہ رمیدیا طاس مین قید کر دیا بعد چند روز کے
دیموتیکا مین اوس کو بہیج دیا سلطان نے واسطے خرچ کارلوس کے
کچھہ درماہہ مقرر کر دیا اور سلیمان کو اس قصور مین کہ بے حکم سلطان کے
اوس نے زیادتی کمین کی موقوف کر دیا اوس کی جگہہ ابراہیم پاشا مقرر ہوا
۲۱ روز کے بعد اوسکو بہی معزول کیا علی پاشا کو بجاے اوس کے
مقرر کیا کارلوس حسب الطلب اپنی ہمشیرہ کے سویڈن کو گیا قیصر نے فرقت تمام
اوس کو رخصت کیا چنانچہ چھہ سو سوار اوس کے ہمراہ کر دیے اور آلہ اس
اسپ بالسار و زین مرصع اور ایک قبا اور شمشیر جواہر نگار اوس کو عطا کی اور سنہ ۱۲۶۱ھ ۱۸۴۵ء

مین رخصت ہوا کارلوس بڑا احسان مند قیصر روم کا ہوکر باعزا تمام
اپنے ملک کو گیا +

پھر درمیان ۱۷۱۵ء ۱۱۲۷ھ فوج روم نے اکثر ملاد اور جزایر مادقہ پر غلبہ پایا
والی نمسا نے عہد شکنی کر کے قیصر کی لشکر سے پھر لڑائی شروع
کردی علی پاشا مارا گیا فوج کو شکست ہوئی خلیل پاشا ماکر بغداد اسکا
مقرر ہوا وہ خلعت وزارت کا قسطنطنیہ سے ہن کر شہزادہ رنجہ کی راہ
بلغراد مین پہنچا اوس نے بھی شکست پائی اس سبب وہ بھی معزول ہوا
اوس کی جگہہ محمد پاشا وزیر ہوا آٹھہ مہینے کے بعد وہ بھی برخاست ہوا
بعد ازان داماد ابراہیم پاشا کا وزیر ہوا ۱۷۱۸ء ۱۱۲۹ھ مین والی نمسا سے صلح
ہوگئی اس بادشاہ کے عہد مین اکیسو چالیس دفعہ شہر قسطنطنیہ مین آگ
لگی اور بہت مکان جلکر خاک سیاہ ہوگئے اور شاہ روس اور والی ایولونیا
سے صلح ہوگئی۔ لشکر روم نے ایران پر چڑہائی کی نہاوند اور تبریز
تک فوج آئی شاہ ایران نے پیام صلح کا کیا سلطان نے اس شرط
پر منظور کیا کہ شاہ ایران نے جو شہر سلطنت روم کے دبائے ہین

وہ حوالہ سلطان کے کر رہے ابھی یہہ گفتگو طے نہ ہونی پائی تہی کہ شاہ ایران مرگیا اور اوس کی جگہہ اوسکا بیٹا شاہ طہماسپ نے تخت ایران پر بیٹہا اوس کے وقت مین نادرشاہ سپہالار ایران کا تبریز پر آیا اور فوج روم سے صف آرا ہوکر شکست دی سلطان نے اور لشکر واسطے مہم ایران کے طیار کیا تہا کہ ناگاہ فوج قیصی مین فساد برپا ہوگیا ابراہیم پاشا مقتول ہوا اور ماہ محرم ۱۱۴۳ھ ۲۱ سنہ ۱۷۳۰ء مین سپاہ خودسر نے سلطان احمد خان ثالث کو تخت سے اوتار دیا اور محمود اوّل کو تخت پر بٹہلایا اس صلع کے بعد یہہ بادشاہ چہہ برس زندہ رہا درمیان سنہ ۱۷۳۶ء ۲۶ ۱۱۴۸ھ کے فوت ہوا ؛

## محمد خامس بن مصطفے ثانی

جسکو محمود اول کہتے ہین

## محمود اوّل

بروقت تخت نشینی اس بادشاہ کے سپاہ خودسر نے بڑا فساد برپا کیا تہا قریب بہ ہزار سپاہ کے مارے گئے اور کئی پاشا مقتول ہوئے آخر کہ ابراہیم پاشا والی

حلب وزیر ہوا اوس نے بعض سرکشون کو قتل کیا اور بعضون کو معزول
کیا چند روز کے بعد وہ بھی برطرف ہوا اوس کی جگہہ عثمان پاشا وزیر
ہوکر براہ دریا مصر کو روانہ ہوا اثنا راہ مین شلہ ھسپانیہ نے اوس کے
کئی جہاز درہم برہم کر دئے اور چند جہاز پکڑ کر شہر مالطہ مین اوس کی فوج
لیگئے جبکہ لنگر گاہ مالطہ پر یہہ جہاز پہنچے اوس وقت شہری لوگ قیدیونکا
تماشا دیکھنے کو آئے ایک شخص قوم فرانسیس سے مسمی ارنود ہنی
مالطہ کا قیصر روم کے جہازون کی سیر کرتا ہوا پھرتا تھا اوس نے
ایک گوشہ مین عثمان پاشا کو بے توشہ مجروح پایا اوس نے حکام
ھسپانیہ کو کچھہ روپیہ دیکر عثمان کو اپنے گھر مین لاکر علاج کیا جب اوس نے
صحت پائی تو وہان سے قسطنطنیہ کو گیا عثمان اوسکا نہایت
ممنون احسان ہوا اوس کو بہت روپیہ اس خدمت کے عوض دیا۔

سنہ ۴۳ سنہ ۱۰۳۳ھ سنہ ۱۶۲۳ع عین طویال عثمان پاشا کو ایران پر چڑھائی کرنے کا حکم
ہوا اوس نے نواح بغداد پر طہماسپ ثانی بادشاہ عجم کو شکست دی اور
کردستان تک پہنچکر مراجعت کی بعد ازان سلطان محمود اول نے چار شخص یعنی

عارف پاشا - ابراهیم پاشا - رستم پاشا - احمد پاشا
کو فوج کثیر دیکر ایران بھیجا ان پاشاؤن نے کرمان - شاہ دستا
ارد لان همدان فتح کئے طهماسپ ثانی چالیس ہزار سپاہ لیکر مقابلہ مین آیا
شکست کہاکر چلا گیا رومی فوج نے آگے بڑہ کر کاشان لوٹ لیا اوسوقت
طهماسپ ثانی نے ایلچی واسطے صلح احمد پاشا کے پاس بھیجا نادرشاہ
اوس وقت مین حاکم سلیسان تھا اوسکو یہہ بات خوش نہ آئی اوس نے
اگر طهماسپ ثانی کو تخت سے اوتار دیا اور اوس کے بیٹے عباس ثالث
کو برائے نام تخت پر بٹھلایا اور قیصر روم کو لکھا کہ جسقدر شہر ملک ایران
کے تمہارے قبضہ مین آئی ہین یا تو اوس سے دست بردار ہوجاؤ
نہین تو لڑائی کرو ابہی تک اس نامہ کا جواب بہی نہ آنے پایا تہا کہ لشکر
ایران کا ہمراہ لیکر بغداد کے پاس پہنچکر رومیون کو شکست دی اور دریای
دجلہ سے پار ہوکر بغداد کا محاصرہ کرلیا قیصر روم نے یہہ خبر پاکر نوبال
عثمان پاشا کو اسی ہزار لشکری دیکر نادرشاہ کے مقابلہ پر روانہ
کیا چنانچہ ۶ ماہ صفر ۱۱۴۶ھ ۱۷۳۳ء کو دریا دجلہ پر بڑی بہاری لڑائی ہوئی

اس جنگ مین دوسری غالب آئی نادرشاہ بہاگ گیا اس فتح کی خبر
ہونے سے تین دن تک قسطنطینہ مین چراغون کی روشنی ہوئی
اور بڑی خوشی قیصر کے محل مین ہوئی نادرشاہ نے پھر جاکر فوج جمع کی
اور بعد تین مہینے کے روسیون سے پھر مقابلہ کیا دو لڑائیون تک
تو روسی غالب رہے تیسری لڑائی مین قیصر کی لشکر کو شکست ہوئی
طوپال پاشا میدان جنگ مین مارا گیا سلطان یہہ خبر وحشت اثر سنکر بہت
حیران ہوا آخر کار بعد کئی بادشاہون کے محمد پاشا کو نادرشاہ
کے مقابلہ کے واسطے پسند کیا اس تردد ہی مین سب لوگ تھے
کہ چھٹی تاریخ ماہ صفر سنہ ۱۱۴۹ھ ۱۷۳۶ء مین روس سے لڑائی ہوئی نادرشاہ سنہ ۱۱۴۹ھ سنہ ۱۷۳۶ء
نے موقع پاکر پے در پے حملے کرکے سپاہ روم کی ہوش بھلا دی
اور اپنی بہادری اور مردانگی کا خوف اون کے دل مین بٹھلا دیا اور شہر
کرکوک تک بہت شہر فتح کرلئے اوس وقت سلطان روم نے بجز صلح و
آشتی کے کچھہ چارہ نہ دیکھا آخر کو اس بات پر صلح ہوئی کہ سلطان مراد
چہارم کے وقت مین جو سرحد روم اور ایران کی تھی وہ ہی قایم

کیمجاوی اور شاہ روس سے اس شرط پر کہ بحر اسود مین ہمارے روسی نہ آیا کرین اور جنبی شہر
قیصر روم کو شاہ روس نے دوبارہ ہیزہ واپس کر دیوے اور قلعہ ازدف خود منہدم کر دیوے
اور تاتار اور عیسائیون کی روسی بہی تجارت کرنے کو ملک روم مین آیا کرین اسطرح کے
اقرار درمیان وکلای جانبین کے شہر بلغراد پر لکہی گئی اور شاہ نمسا سے بہی صلح ہوگئی
اور سوا بیس برس تک کا صلحنامہ لکہا گیا اور ۱۱۵۴ھ مین شاہ سوئیڈن سے بہی صلح ہوگئی ۱۷۴۱ء ۱۱۵۴ھ
اور ۱۱۵۸ھ مین محمد بن عبدالوہاب اور امیر سعود نے ملک عرب مین بڑے فتنے اور فساد برپا کئے ۱۷۴۵ء ۱۱۵۸ھ
حرمین شریفین مین جاکر جو کچہہ اونہون نے کیا اونکے بیان کے واسطے ایک کتاب جدا گانہ لکہی جاوے
تو مناسب ہے اسی اثنائے مین سلطان محمود اول بیمار ہوکر ماہ صفر مطابق
۱۳ دسمبر ۱۷۵۴ء ۱۱۶۷ھ مین فوت ہوا یہہ بادشاہ ۵۰ برس کا تہا ۲۵ برس دو نہر ۱۷۵۴ء ۱۱۶۷ھ
سلطنت کی —

## عثمان ثالث بن مصطفے ثانی

عثمان خان ثالث بیٹا مصطفے خان ثانی کا بہائی محمود اول کا درمیان ۱۷۱۷ء ۱۱۱۲ھ ۱۷۱۷ء ۱۱۱۲ھ
۱۷۱۷ء کے پیدا ہوا تہا قید خانہ ہی مین اوس نے پرورش پائی ۱۷۵۴ء ۱۱۶۷ھ مین وہ ۱۷۵۴ء ۱۱۶۷ھ

بادشاہ روم کا ہوا چونکہ قید مین ۴۵ برس کے عمر تک رہا تہا اسواسطے
عزلت پسند زیادہ تہا اوسنے سعید افندی کو اپنا وزیر مقرر کیا اور بخیال
اس کے کہ خود سر فوج کسی اور کو اولاد سلطان احمد خان ثالث سے بادشاہ
مقرر نکرے اس لئے محمد یا یزید ارخان ان سبکو اوس نے
۱۱۶۹ھ قتل کرواڈالا اوسی کے وقت مین درمیان ۱۷۵۵ء کے دو ثلث ۱۷۵۵ء
شہر قسطنطنیہ کے مکانات اور صدر اعظم کا گہر آتش زدگی سے جلکر خاک سیاہ
۱۱۷۱ھ ہو گئے اور درمیان ۱۷۵۸ء کے سعید افندی کو برخاست کرکے ۱۷۵۸ء
محمد راغب پاشا کو وزیر اپنا مقرر کیا اس بادشاہ نے
شراب نوشی کی سم یک قلم اپنے قلمرو سے بند کردی اور
مسجد جامع عثمانیے جسکی بنا محمود اول نے رکہی تہی تمام وکمال
تعمیر کروادی ۴ برس اوس نے بادشاہت کی ۵ تاریخ۔
۱۱۷۳ھ ۲۹ صفر مطابق ۲۹۔ اکتوبر ۱۷۵۹ء مین اوس نے انتقال کیا۔ ۱۷۵۹ء

# مصطفے خان ثالث بن احمد

بعد انتقال پانے عثمان ثالث کے مصطفے خان پادشاہ ہوا اور
راغب پاشا وزیر سے اوس نے اپنی بہن صالحہ سلطان کا نکاح
کر دیا یہہ وزیر صاحب شعور اور ہمت والا تہا وہ ارادہ جہاد کا رکہتا تہا
پر اوس کی عمر نے اوس کا ارادہ پورا نہ ہونے دیا اوس کے بعد
کئی وزیر مقرر ہوئے اور برخاست ہوئے آخر کو علی پاشا
وزیر ہوا اس مدت عزل ونصب وزرا مین ۱۷۶۹ء ۱۱۸۳ھ تک کئی دفعہ ۱۷۶۰ء ۱۱۷۳ھ
پادشاہ روس سے لڑائیان ہوئین انجام کار سلطان کا لشکر غالب
آیا روس کا توپخانہ لیکر سپاہ قسطنطنیہ مین مظفر ومنصور
ہوکر آئے ۵- ماہ ذی القعدہ کو درمیان ۱۷۷۳ء ۱۱۸۷ھ کے اپنی ۱۷۷۴ء ۱۱۸۸ھ
موت سے اوس نے وفات پائی-

# سلطان عبد الحمید خان بن احمد ثالث

یہہ پاشا سلطان مصطفےٰ خان ثالث کا بھائی اور سلطان احمد سوم کا بیٹا ہے ۲۴ شعبان ۱۱۳۷ھ مین اوس نے ولادت پائی ۲۴ شعبان ۱۱۹۷ھ مین بادشاہ ہوا اوس کے زمانہ مین درمیان مصر کے علی بیگ نائب سلطنت اوس نے رعایا پہ بہت ظلم کر رکھا یہہ بادشاہ چونکہ نرم مزاج صلح پسند بہت تہا اس واسطے سیاست کا کرنا اور جنگ و جدل مین مصروف ہونا کم پسند کرتا تہا مگر اوس نے فوج کو توپخانہ اور بندوقون کی سکھلائی اور جہازون کے کارخانون کی ترقی کی اور بسبب اس کے کہ ہمیشہ کی خانہ جنگی اور خودسری سپاہ نے سلطنت مین ضعف پیدا کر دیا تہا سلطان نے بادشاہان نصاریٰ کے اطراف سے صلح کر لی تہی - اسی بادشاہ کے وقت مین حسین پاشا والی سے تادیب سرکشون اور باغیون عرب کے گیا وہان کا فتنہ بند ہوا - مگر روس اور والی نمسا نے متفق ہو کر پہر جا کا بازار جنگ و قتل کا گرم کیا اسواسطے

یوسف پاشا اور علی پاشا اون کے مقابلہ کے واسطے روانہ
ہوئے یوسف نے لشکر نمسا کو شکست دیکر قلعہ شیش وغیرہ
فتح کیے اور شاہین پاشا نے روس جنگلی سلطان مذکور کو ۲۴ برس کی
عمر مین سولہ برس سلطنت کر کے درمیان ۱۲۰۲ھ ۱۷۸۷ء کے راہی ملک بقا کو ہوا ۱۲۰۳ھ ۱۷۸۸ء

## سلیم ثالث بن سلطان مصطفے ثالث

۱۷۶۱ء یہہ پادشاہ درمیان ۱۱۷۵ھ ۱۷۶۱ء کے پیدا ہوا اور ۱۲۰۳ھ ۱۷۸۸ء مین تخت نشین ہوا ۱۲۰۳ھ ۱۷۸۸ء
اوس نے تخت پر بیٹھتے ہی آراستگی فوج کا دھیان کیا اور تھوڑے ہی
عرصہ مین ایک لاکھہ پچاس ہزار سپاہ آراستہ کر لی شاہ نمسا اور روس
سے دو مہینے تک بڑی بھاری لڑائی ہوتی رہی انجام کار درمیان
۱۲۰۵ھ ۱۷۹۱ء کے پیہالا روس سے صلح ہو گئی پر ملکہ کیتھرائن جس نے ۱۷۹۱ء ۱۲۰۵ھ
اپنے خاوند پطرس سوم کو زہر دیکر خود تخت نشین ہو گئی تھی پہہ
صلح منظور نہ کی اور بہت بڑا لشکر قلعہ اسمعیل پر روانہ کیا
اس قلعہ مین تیس ہزار سپاہی جنگی تھے جب فوج روس نے اوس

قلعہ پر یورش کی اسقدر روسی لوگ توپ اور تفنگ سے مارے
گئے کہ خندق قلعہ کے مُردون کے لاشون سے بھر گئے پر سپاہ
روس کی بشمار تھی قلعہ کے فصیل پر چڑھ گئے تین دن اور تین رات
قلعہ کے اندر کشت وخون ایسا رہا کہ مقتولین کے خون سے قلعہ
کی مٹی ملکر گارا بن گیا پر قلعہ کے باشندون نے بھی سوا زن او
بچہ کے بڑی دادمردانگی کی دیگر سب مقتول ہوئے صرف
ایک آدمی بچا تھا جو یہہ خبر لیکر قسطنطنیہ مین آیا قسطنطنیہ کی فوج یہہ
خبر وحشت اثر سنکر کمال غضب مین آکر دریا کی مانند اومنڈ آئے
اور بادشاہ سے اجازت چاہی کہ اس کشت وخون کا بدلا لینے کا
حکم ہو مگر اونہین دنون مین شاہ لنڈن اور پروشیہ نے بیچ بچاو
کرکے صلح کروادی یوسف پاشا عہدہ وزارت سے برخاست
ہوا محمد پاشا جو اٹھاسی برس کا بوڑھا تھا وزیر ہوا اور ملکہ کیتھرائن اپنے
دارالسلطنت کو لوٹ گئی بعد ازان بوناپارٹ شاہ فراسیس جسنے
انگریزون سے لڑکر اونکو بہت تنگ کر رکھا تھا شاہ روم سے اوس نے

سلسلہ محبت کا استوار کیا سلطان سلیم نے قواعد جنگ مخترعہ نصاریٰ کو پسند
فرماکر چاہا کہ اپنی لشکر کو بھی یہہ قواعد جنگ کے سکھلاوے اسلئے چند شخص
منتخب کرکے بوناپارٹ کے پاس باین امید روانہ کئی کہ فوج کے قواعد
اور آئین کا طور سیکھہ آوین یہہ بات سپاہ خاصہ یعنی ینیک چری نے پسند نہ کی
اور سب فوج باغی ہوگئی اور آپسمین شورتین فساد کی کرنے لگے۔

۱۷۹۱ء اور خان نے درمیان ۱۲۰۶ھ ۱۷۹۱ء کے فوج قواعد دان قسطنطنیہ مین ۱۸۰۶ء
آراستہ کی اور بادشاہ اس فکر مین ہوا کہ سپاہ ینیک چری نے چونکہ حکم
عدولی کی ہے اونکا استیصال کرنا بہتر ہے سرداران فوج ینیک چری
نے جب دیکھا کہ فوج جدید فرنگیون کے طور پر آراستہ ہو رہی ہے
نہایت حیران اور آشفتہ خاطر ہوکر بڑا فساد برپا کرنے کے فکر مین ہوے
اور سلطان ہر روز جوانان بست و پنجسالہ کو بھرتی کرتا جاتا تھا اور فوج نظام
مین اونکا چھرہ لکھا جاتا تھا چنانچہ دو ہزار سپاہی قواعد دان زیر حکم
مسعود اغا قسطنطنیہ مین طیار ہوگئی اور اونہون نے جنگ عکہ مین
بڑی بہادری دکھلائی اور ۱۶ ہزار آدمی فوج نظام کے درمیان شہر قرمان

کے قاضے پاشا کے زیر حکم مرتب ہو چکی تہی سلطان نے قاضے پاشا
کو معہ فوج نظام کے اسلام بول مین طلب کر لیا چنانچہ قاضے پاشا
حسب الطلب حاضر ہو گیا ایک روز رات کے وقت ایک دشمن قاضے
پاشا کو قتل کرنے کے ارادہ پر اوس کے خیمہ مین جا گھسا قاضے پاشا
مرد شجاع اور دلاور تہا جلد بیدار ہو کر اوسنی دشمن کو قتل کیا جب قاضے
پاشا دار السلطنت کے پاس پہنچا نیک چرچی کی فوج بگر گئی تمام شہر
مین حشر برپا ہو گیا کئی مکان پہونک دئی قہوہ خانون اور مسجدون مین
یہہ باغی سپاہی جمع ہو گئے ارکان سلطنت کو گالیان دینے اور اونکو
کافر اور ملحد کہنے لگے سلطان نے مجبور ہو کر سوا سے تسلی اور دلاسا
دینے کے اور کوئی چارہ نہ دیکہا اور قاضی پاشا کو حکم دیا کہ اپنی جہاز
کو مراجعت کر جاوے اسی اثنا مین ایک شخص قواعد دان فن سپاہگری مین
کامل سلطان کے پاس بہیجا ہوا بونا پارٹ کا آیا اور نامہ دیا اوسمین لکہا تہا
کہ مین تمہارے دوست کا دوست ہون اور دشمن کا دشمن مین ہمیشہ کا
معلمین فن سپاہگری کے واسطے تعلیم قواعد کار زار بری اور بحری کے بہیجتا رہونگا

تاکہ انگریزون کو بوغاز استنبول سے اور روس کو نہر طونا سے مجال عبور
اور مرور کی نرہی یہہ بات بغاوت کی بارود مین رنجک کا کام کرگئی یہہ حال
سنکر روس نے قیصر کے ملک پر چڑہائی کی اور انگریز لوگ جو دست و برد بونا
پارٹ سے عاجز آگئے تہے سلطان کو لکہا کہ بونا پارٹ سے دوستی چہوڑ
دی مگر سلطان نے اونکا کہا نہ مانا اسلام بول کو توپہانہ کان اور آلات و
سامان جنگ اور جہازات جنگی سے بہت مستحکم اور استوار کرلیا انگریزون کا
ایلچی واپس چلا گیا پہر انگریزون نے شہر اسکندریہ لے لیا محمد پاشا حاکم مصر نے بنکر کشی کی
اور اسکندریہ پہر چہڑا لیا بعد ازان انگریزون نے صلح چاہی اور اپنی محبت اور دوستی کے اظہار
کرنے کیواسطے شاہ روس سے بہی قیصر روم کی صلح کروادی بعد ازان کئی شخص عہدہ وزارت پر
مامور ہوئے اور معزول ہوئے بعد ازان حلیم پاشا وزیر ہوا آگ فساد و بغاوت کی ذرا بہی

سنہ ۱۲۲۱ھ سنہ ۱۸۰۶ء پہر سلطان درمیان سنہ ۱۲۲۱ھ سنہ ۱۸۰۶ء کے فوج نظام کی ترقی اور ترتیب کے فکر مین ہوا سنہ ۱۲۲۲ھ
اور بہت کوشش اس بات مین کی قلاع بوغاز قسطنطینہ مین بحر اسود
کے طرف ایک قبیلہ فوج ینیک چری کا متعین تہا اوس کو فوج یمق کہتے تہے
اوس فوج کا افسر قپیقچی او غلی نام تہا جب اوس نے

دیکھا کہ توجہہ خاطر سلطان طرف فوج نظام کے بہت ہے اور نئی روش
کی فوج طیار کر رہا ہے وہ بہی باغی ہوگیا اور فوج یمق ہمراہ لیکر واسطے
استیصال اون پاشاؤن اور سردارون کے جو پادشاہ کے ارادہ
کے ساتہہ ہین اور جنکی صلاح سے فوج قواعد دان بہرتی ہو رہی ہے آپہنچا
سپہسالار ینیچری نے جو قسطنطنیہ مین متعین تہی اوسکو لکہا کہ ہم لوگ دل و
جان سے تیرے ہمراہ ہین ہم صرف یہہ چاہتے ہین کہ آئین دین اسلام
کا قوی ہو اور فوج نومسلم برطرف کیجاوے اور وزراء فجار اور امراء نابکار
فی النار ہون یہہ لوگ ہمارا نفقہ کیکر فوج نظام کو دیا چاہتے ہین یہہ لکہا کہ فساد
عظیم برپا ہوگیا آتہہ سو سپاہی ینیچری کے ہمراہ فوج یمق کے جہاز نی بحری مین
آئے سپاہ بحری اونکو داخل ہونے سے مانع ہوئے باغیون نے
باواز بلند یہہ کہا کہ ای سپاہ بحری خبردار رہو جاؤ چند روز مین تمہارے
سردار کافر ہو جاوین گے ہم اسلام کے طرفدار ہین ہم تمکو صلاح نیک دینے
آئے ہین تم ہمارے شامل ہو جاؤ تاکہ ہماری اور تمہاری روش قدیم
برقرار رہے بسطیح ایک گروہ یمق کا ہمراہ قپقچی کے توپخانہ پر چڑہ آیا توپخانہ

والون نے اون کو رد کا قپیقچی نے کہا کہ ای بہائیو تم ہمسے کیون علیحدہ ہوتے
باوجودیکہ تم ہمارا اور اپنے اور اولاد نیک چرچی کی ہو مین قسم رسول مقبول کی کہتا
ہون کہ ہم تم ایک ہی ہین اسوقت تم ہمارے ساتھہ ہو جاؤ اور دین نبی کی
حمایت کرو اگر تم ہمارے ساتھہ نہو گے تو جنت تم پر حرام ہوگی اور خدا تعالی
کی لعنت کے مورد ہنو گے ۔

خلاصہ کلام کا یہہ ہے بعد گفتگو بسیار کے سپاہ بحری اور توپخانہ سب ہمراہ فوج
یمق کے ہوگیا اور سب متفق ہو کر شہر پر چڑہ آئے سپاہ نو ملازم اپنی جان
بچا کر مکانون مین جا چھپے باغیون نے شہر قسطنطنیہ کے سید امید جو اندر شہر کے آکر
طبنور لڑائی کا بجایا شہر مین تہلکہ عظیم برپا ہوگیا تمام دوکانین اور بازار
بند ہو گئے ہر ایک کو اپنی جان کا فکر ہوگیا بادشاہ حیران اور فکرمند
تہا کہ اب کیا کرون ۔

قپیقچی نے باواز بلند سپاہ کو یہہ بات سنائی ۔ ای یارو اب وہ وقت ہے کہ ہماری
اور تمہارے دشمن مقہور ہون خدا ہماری مدد کرے اس ملک عثمان سے
اون درختون کی بیخ کنی کرنی واجب ہے جو باعث خرابی نیک چرچی کی ہوئی ہین

ان حکام خدا فراموش نے اہل اسلام کو فصاد کا لباس پہنا کر مشابہ کفار کے
کر دیا ہے اور بہت سے فتنے اور رخنے دین اسلام مین ڈالدے ہین
سیاہ نظامی جو نو ملازم ہے وہ لوگ بے قصور ہین اونسے مخاصمت کرنی
روا نہین ہے پاشایان خبث باطن اور امراد بخس طبیعت جو باعث رونق
اور رواج اس بدعت کے ہوے ہین اونہون نے اسلام کی پاکی کو نجاست سے
مبدل کر دیا ہے اور نیک چلنی کے روزینہ اور آذوقہ مین یہہ لوگ خلل انداز
ہوے ہین انسے انتقام لینا واجب ہے غرض یہہ کہکر ایک فہرست جیب سے
نکالی اور اون سرداروں کے نام بآواز بلند پڑہی جنکو قتل کروانا منظور تہا اور
کہا کہ ان کو پکڑلاؤ اور اسی جگہہ لاکر قتل کر دیہہ سنتی ہی اون سرداروں کے
گہرون پر فوج چڑہ گئی گہرون کا محاصرہ کر لیا ہر ایک جگہہ دار و گیر کی آواز
بلند ہی اور حشر برپا ہو رہا تہا بعضی سردار مقتول ہوے بعضی بہاگ کر فصاد
اور یہود ہے کے گہرون مین چہپ گئے بعضی زندہ باغیون کے ہاتہہ آگئے
تین دن اور رات یہہ ہنگامہ برپا رہا شہر مین ایسا غدر ہوا کہ اوسکی تفصیل کیواسطے
کتاب جدا درکار ہے شرہ نامی سردارون کے نعش مثل ابراهیم نسیم افندی

ابوبکر افندی حاجی ابراهیم افندی صافی افندی احمد افندی

وغیرہ کے اوس میدان مین بے گور وکفن پڑی تہی اور ہر ایک بازار اور

محلہ مین سردار مرے ہوئے نظر آتے تہے جب فیضی نے دیکہا کہ شہر

کے سب سردار مارے گئے اوسوقت بستانجی باشی ندیم بادشاہ کو طلب کیا

سلطان نے اوسکے دینے مین تامل فرمایا بستانجی نے دیکہا کہ اگر ذرا

توقف ہوتا ہے تو سپاہ خود سر فیضی کے محل کو لوٹ لیگی ازراہ خیر خواہی

بادشاہ کے قدمون پر گر پڑا اور کہا کہ مینے اپنی جان بادشاہ پر فدا کی مجھکو باغیون کے

سپرد کرو تاکہ فتنہ کی آگ فرو ہو سلطان نے بچشم نمناک جلاد کو حکم دیا جلاد نے

بستانجی کو قتل کر کے بام شاہی سے نیچے مجمع باغیون مین اوس کی لاش کو

ڈالدیا اون سنگدلون نے اوسکی نعش بہی اور سردارون مقتول کے برابر

ڈالدی اور بڑی خوشی کی —

بعد ازان موسی پاشا - اور مفتی عطاء اللہ افندی شیخ الاسلام جو باغیون

کے ساتہہ شامل تہے اونہون نے سرداران یمق اور سپاہ نیک چری

سے کہا کہ یہہ بادشاہ اگر تخت پر رہا ہمسے ہمیشہ دلمین کینہ رکہیگا اور جب موقع

پاوے گا ہمسے بدلا لیگا اسکو تخت سے اوتارنا نہایت مناسب ہے
یہہ مشورہ کرکے قبقچے میدان مین گیا اور اون سردارون کے
نقش کے طرف اشارہ کرکے کہنے لگا کہ ای گروہ مسلمانان اب
تمہارے دشمن مقتول ہو چکے پادشاہ نے وعدہ کیا ہے کہ فوج
جدید نظام کو برطرف کرونگا پس اب کچھہ خطرا ور اندیشہ نہین ہے اور جسکے
سے کہا کہ یہہ پادشاہ ہمارا اور تمہارا دشمن ہوچکا ہے یہہ کبھی راضی
نہ ہوگا اسباب مین مفتی سے فتوی طلب کرو کہ جو بادشاہ
خلاف قرآن شریف کے عمل کرے اوس کی بابت شرع مین کیا حکم
ہے سپاہ مفتی کے طرف متوجہ ہوے اوسنے فتوی دیا کہ ایسا بادشاہ ہرگز
نرکھنا چاہیے قبقچے نے سپاہ کو فتوی سنایا سب سپاہ بولے کہ بادشاہ بے دین کو
تخت سے اوتار دینا واجب ہے مفتی خوش ہوا مگر بظاہر بہت افسوس کیا
کہ سلطان نے اپنے تئین فراموش کر دیا کہ وہ امیرالمومنین تہا ہر سپاہ کو لباس
انعام کا پہنا کر ہمشکل فصارے کے کر دیا آخر قہر الہی نازل ہوا بعد صلاح قبقچے مفتی
محل مین گیا اور کہا کہ ای سلطان مینے آپکو بارہا سمجہایا کہ سپاہ اہل اسلام مین فساد

نہوئی دو مگر کچھہ فایدہ نہوا اب فوج نیک چری نے مصطفے چچازاد بھائی تمہارے کو
بادشاہ مقرر کیا تقدیر سے کچھہ چارہ نہین ہے بادشاہ سلیم تخت سے اوتر کھڑا ہوا
اور اپنے قدیم مکان کیطرف جہان پر ۲۸ سال گوشہ گزین رہا تہا چلا گیا مصطفے
ایوان شاہی مین آیا یہہ بادشاہ سلیم پہر سپاہ کی ہاتہہ سے درمیان سنہ ۱۲۲۳ھ سنہ ۱۸۰۸ع
کے قتل ہوا اوسکا ذکر اگے آتا ہے ۔

# مصطفی رابع بن عبد الحمید

جب مصطفے بارگاہ سلطانی مین پہنچا مفتی بہت دلشاد ہوا سرداران فوج فی ندیر دین
اور دعائین کین سلامی کے توپون کی آواز بلند ہوئی شہر مین منادی پہر گئی کہ
مصطفے قیصر دوم کا ہوا اب امن وامان ہے رعایا کی دل سے خوف گیا مفتی فی
میدان سپاہ مین جاکر آواز بلند کہا سلطان مصطفے قیصر دوم کا ہوا ہی وعدہ پختہ کرتا ہے
کہ فوج نظام کو جلد تر برطرف کردونگا اور سپاہ قدیم کا روزینہ برابر جاری رہیگا
سب سپاہی خوش وخرم اپنے اپنے گہرون کو گئے سپاہ نظام مایوس ہوکر اپنے اپنے
شہرون کو چلے گئے ۔

۱۱۹۳ھ اس بادشاہ کی ولادت درمیان ۱۱۷۶ھ ۱۷۶۲ء کے ہوئی اور سلطنت درمیان ۱۷۷۹ء
۱۲۲۱ھ ۱۲۲۲ھ ۱۸۰۶ء ۱۸۰۷ء کے ملی جب تخت پر بیٹھا ۱۲ برس کا تھا یہہ مفسدہ جو سپاہ نی کیا اس کی خبر
پاکر روس کی فوج قیصر کے ملک مین قدم بڈہا کر چلی آئی تہی اور کوئی امیر مطلع
نہوا بونا پارٹ کو جب یہہ خبر پہنچی کہ سلطان سلیم خان تخت سے اوتارا گیا نہایت
افسوس کیا اور روس سے سلسلہ محبت کا قایم کیا شاہ لندن کا وکیل حاضر ہوا
اظہار دوستی اور خیر خواہی کا کیا - اتفاق سے طیار پاشا وزیر دفعتی مین
باہم عداوت ہوگئی طیار پاشا شہر روشجک کو چلا گیا وہان کے حاکم مصطفے بیر
قدامہ سے جاملا اور یہان پر مفتی بمد دقپقچي مختار کل اور مدار المہام دوم
کا ہوگیا بیرقدار فوج یمق سے بڑی عداوت رکہتا تہا جبکہ طیار پاشا
بہی وہان جا پہنچا اوس نے روس سے صلح کرلی اور اسلام بول کو آیا
اور چلپي پاشا کے پاس قاصد خفیہ بہیجکر اپنا راز اوسکو بتلا کر بڑے وعدے
اور مواثیق باہم کر کے اوسکو بہی اپنے ساتہہ کرلیا چلپي نے اوسکو
جواب خط کا حسب دلخواہ دیا اور واسطے معزول کرنے مفتی اور افسران یمق
کے سازش کرلی بیرقدار فوج لیکر ادرنہ پر آیا سپاہ ینیچري خائف

ہوئی بیوقداد نے باہر سے پیغام بھیجا کہ مین صرف تمہارے مدد کو آیا ہون
مجھسے خوف نکرو چنانچہ وہ لوگ بیفکر ہو گئے بیوقداد نے شہر کے باہر خیمہ
استادہ کر دیا اور سرداران نیک چرہے کو بلاکر کہدیا کہ مینے روس
سے صلح کرلی ہے اب تمہارا یہان پر رہنا بیفایدہ ہے قسطنطنیہ کو چلے جاؤ
بعدازان ایک فوج معقول بسرکردگی حاجے علی اغا قلعہ بوغاز اون خلیج قسطنطنیہ
کے بندرگاہون پر بھیج دیئے تاکہ قبیقجی اوس کے ہاتھہ سے بھاگ کر
کسی طرف نہ جا سکے یہ شخص بڑا مدبر تہا سب بندوبست کر کے اسلام
بوّل مین آیا اور وہان اگر قبیقجی کے نوکرون سے سازش کی چنانچہ
ایک شب کو چار آدمی ہمراہ لیکر قبیقجی کے گہر مین جا گہسا اور اوسکے
خوابگاہ مین جاکر آمادہ قتل ہوا قبیقجی جاگ اوٹہا پوچہا کون ہے جو بیحکم
چلا آیا اغا علی نے کہا ای بدذات مین تجکو قتل کرنے کو آیا ہون تاکہ
تجھسے انتقام تیری بدذاتی کا لون اسنے کہا کہ اتنی مہلت دے کہ مین نماز
پڑہ لون اوسنے کہا کہ اب وقت نماز پڑہنے کا نہین ہے یہہ کہتے ہی خنجر اوسکی پیٹ مین مارا اور سر اوسکا کاٹ
لیا اور بیرقدار کو بہیجدیا اور آپ اپنی سپاہ مین چلا آیا واقعان قبیقجی یہہ واقعہ دیکہکر بیمیق کی وجہ سے

پاس فریادی ہوکر گئے اور کہا کہ اب وقت تدارک کا ہے ورنہ تم بھی اپنی جان
و مال سے ہاتھہ دہو بیٹھو چنانچہ فوج یمق واسطے جنگ کے طیار ہوئی اُدہر
پیر قداد کے پاس جب قپقچی کا سر ہونچا بسرعت تمام اسلامبول مین آیا
اور سلطان سے درخواست کی کہ فوج یمق کی تنخواہ موقوف کردو اور
عطاء اللہ افندی کو برخاست کرو اور میرا قصور معاف کرو سلطان نے
عاجز ہوکر منظور کیا اور پیر قداد کی ملاقات کو باہر شہر کے آیا اور
حکم دیا کہ لشکر کو چہاونی مین بہیجدو پہر سوار ہوکر سیر و تماشا کو باغ سلطانی مین
گیا بعد ازان پیر قداد نے صدر اعظم طیار پاشا سے کہا کہ جو مین کہون
سو مانو اور ہر حال میری شریک رہو یہہ بات صدر اعظم سنکر متامل ہوا
پیر قداد نے فوراً صدر اعظم کو گرفتار کرلیا اور اسیوقت سپاہ لیکر شہر
پر چڑہ ایا دربان نے دروازہ بند کرلیا پیر قداد نے خفا ہوکر آوازدی
کہ دروازہ شہر کا کہولدے سلطان مصطفےٰ کا اب حکم نہین رہا ہے اب
فرمان سلطان سلیم خان کا ہے جلد تر دروازہ کہول دے ورنہ
مین دروازہ توڑکر اندر آتا ہون اور تم سبکو قتل کرون گا دربان نے

سلطان کو خبر کی سلطان کشتی پہ سوار ہوکر دریا کے راہ سے شہر
مین آیا اور آتے ہی سلیم خان کو قتل کرکے بیوقداد کی راہ مین
اوسکی نعش ڈلوادی اور پھر نوکرون کو محمود خان کی قتل کرنے کے
واسطے محل مین بھیجدیا بیرقداد دروازہ توڑکر شہر مین آیا اور اوس
محل شاہی کیطرف چلاتا کہ سلیم کو پھر تخت پر بٹھادی ناگاہ نعش
اوسکی راہ مین پڑی ہوی دیکھہ کر گھوڑے سے اوترکر نعش نعل مین
لیکر خوب رویا سید علی نے آکر آواز دی کہ یہہ وقت رونیکا نہین
ہے محمود خان کی خبر لو ایسا ہو کہ وہ بھی مارا جاوی تو خاندان عثمانی کا چراغ
ہوجاویگا بیوقداد یہہ سنکر گھوڑے پر سوار ہوا بہت جلد
محل مین پہنچا وہان جاکر دیکھا کہ مصطفے خان کی قتل کے واسطے کئی
آدمی محل مین گھس گئے ہین اور محمود خان نے زخم خفیف کھاکر
دوڑکر زینہ کا دروازہ بند کرلیا ہے اور بالاے بام چڑھی پاس اور
ہر اس مین چار طرف کر رہا ہے تو رچیان بیرقداد نے یک زدہان ہو
برابر دیوار کے کھڑا کردیا اور محمود خان کو اوسی راہ سے اوتارکر بیرقداد

کے پاس لائے بیرقدار نے محمود خان کے ہاتھہ چوب کر تخت پر
بٹھلایا اور مصطفے خان کو فی الفور گرفتار کر کے قید خانہ مین بھیجدیا
اور پھر ۱۲۲۴ھ ۱۸۱۰ء مین مقتول ہوا

## محمود الثانی بن عبد الحمید

جب کہ محمود بادشاہ ہوا حسب دستور خاندان عثمانیہ کے مسجد
ایوب مین گیا شمشیر اوسکی کمر مین باندہی گئی بیرقدار وزیر اعظم مقرر
ہوا اور اکثر سرداران بمق اور قاتلین سلیم خان کو قتل کیا اور اپنے
دشمنون سے انتقام لیا اور فوج نظام کے واسطے بہت سعی اور کوشش کی
اور اکثیر مصطفے خان کی اپنے ہاتھہ سے اس بادشاہ نے قتل کین وجہ
اوسکی یہہ تھی کہ ایک رات کو جب کہ یہہ بادشاہ خوابگاہ مین تھا انہون نے
اوسکی مار ڈالنے کی سازش کی تھی پیدائش اوسکی درمیان ۱۱۹۹ھ ۱۷۸۴ء ہوئی
۲۳ برس کی عمر مین درمیان ۱۲۲۴ھ ۱۸۰۸ء کے تخت پر بیٹھا۔

بیرقدار وزیر اعظم نے سرداران نامی سے دریافت تربیت
لشکر جدید قواعد دان کے مشورت کی امیران لشکر نے پھر ارادہ

فساد کا کیا اور اُسکو کافر ٹہرایا اور ایک کاغذ پر یہہ لکہکر کہ صدر اعظم
کی موت قریب آئی ہے وہ کاغذ بیرقدار کے دروازہ پر لگا دیا دوسرے
دن سب لشکر جمع ہوکر بارادہ جدال مستعد ہوئے اور نظام کی چہاونی
پہونک دی بیرقدار کا گہر گہیر لیا بادشاہ یہہ سب افعال شنیعہ اِس سپاہ
کے دیکہہ کر مجبور ہوگیا اور اِمس پاشا اور قاضی پاشا جو تابعدار بیرقدار
کے تہے اِس فساد کی دفع کرنے کے واسطے اُٹہے اُنہون نے نیک چری
سپاہ کے گہرون مین آگ لگادی اور غُل مچایا کہ وزیر اعظم لشکر آراستہ
کرنے کو گیا ہے اب وہ آکر نیک چری کو قتل کریگا اِس خبر کے سُنتے ہی
خود سر سپاہ کو زیادہ تو خش پیدا ہوا اِس سے غرض اِمس پاشا کی یہہ
تہی کہ شعلہ فساد کا بجہہ جاوے مگر قاضی پاشا جو دشمن جانی نیک چری
کا تہا اُس نے بہت جلدی کی اور جنگ و قتل مین مصروف ہوگیا
بادشاہ کا پہلے ہی یہہ ارادہ تہا کہ اب تدبیر سے اِس فتنہ کی تہر
کو بجہاوے پر جب کہ دیکہا کہ جوق جوق فوج قیصر روم کے محل کی
طرف چلی آتی ہے ناچار ہوکر اونکے دفع کرنے کا حکم دیا قاضی پاشا

چار ہزار سپاہ اور چار ضرب توپ لیکر نکلا اور اُن دشمنون کو
جنہون نے بیوقوفی سے وزیر اعظم کے گھر کے چار طرف آگ لگا دی
تھی ہٹا دیا اور اپنی فوج کے تین حصّے کئے ایک حصہ میدان مین
متعین کیا دوسرے حصہ کو حکم دیا کہ راہون اور کوچون مین جہان
کہین نیک چرائی کے سپاہی پاؤ فوراً قتل کر ڈالو اور تیسرا حصہ اپنے
ساتھہ رکھا نیک چرائی نے جابجا آگ لگا دی اور ہر جگہہ قتل اور خونریزی
اور لوٹ شروع کر دی اسلئے رعایا ناکردہ گناہ بہت ماری گئی سلطان
ایک بلند مکان پہ بیٹھا ہوا یہہ سب ظلم فوج کے دیکھہ رہا تھا صدر اعظم
کے مکان مین ہتیار بارود بہت جمع تھے اور وہ مکان بھی بڑا وسیع
تھا دشمنون نے کئی جگہ اُس گھر پہ آگ لگا دی تھی اور صدر اعظم ایک
سنگین مکان مین ہمراہ اپنے چند رفیقون کے بیٹھا ہوا کمال دلاوری
سے دیکھہ رہا تھا اور زنبورکون مین چہرہ بہر کر ایسی چالاکی اور چستی
سے اعدا پر مارتا تھا کہ گویا آگ کا مینہہ برساتا تھا صدہا آدمی
مارے گئے مگر مفسد بہت کم پس پا ہوئے چونکہ یہہ فوج مفسد قریب

ایک لاکھہ کے تہی پہر اکٹہی ہوکر یورش کرکے اُس مکان کے صحن
مین جا پہنچی اُسوقت بیوقدانے اپنی جان سے ہاتہہ دہوکر بارود
کے صندوقون مین آگ لگادی بڑی ہولناک آواز ہوئی اوس صدمہ
سے ایک جماعت کثیر نیک چرے جو وہان پر موجود تہی معہ وزیر
اعظم برقدار اور اُسکے متبعین کے سب بینت و نابود ہوگئے سپاہ
نیک چرے غالب آئی راس پاشا۔ قاضی پاشا۔ بیہج پاشا جو صدر
اعظم کے خیر خواہ تہے وہ بہی شہید ہوئے اور اکثر آدمی فوج جدید کے
بہی ماری گئے جو بچے وہ بہاگ گئے

سلطان یہہ حال دیکہکر اپنے آل کار مین متفکر ہوا اور حکمت عملی سے
اُن سبکا دلاسا اور دلبری کی اور ہزار لجاجت اور سماجت سے
اُس فوج کو قابو مین کیا یوسف پاشا کو خلعت وزارت کا بخشا اور

سنہ ۱۸۰۹ع ۱۲۲۳ھ طرفہ غبار فتنہ اور فساد کا نمود ہوا یہہ واقعہ ہولناک درمیان سنہ ۱۸۰۹ع ۱۲۲۳ھ
کے وقوع مین آیا

سنہ ۱۸۱۰ع ۱۲۲۴ھ بعد ازان سلطان محمود نے درمیان سنہ ۱۸۱۰ع ۱۲۲۴ھ فوج کی بہرتی اور

اور اسباب جنگ مہیا کرنیکا حکم دیا مصطفے خان سلطان مغرول نے جو قید
مین تہا خفیہ سردارا ن ینگ چری کو لکہا کہ محمود کو قتل کرکے مجکو
تخت پر بٹہلا دیہہ خط کسی عالم کے ہاتہہ آگیا اسواسطے علما اور
فضلا او سوقت شیخ الاسلام کے پاس جمع ہوئے اور باہم سب
نے مشورہ کی حاجے منیب افندی قاضی اسلام بول کا
صلاح سے سلطان کے پاس گیا اور اس خط کی خبر دی اور اجازت
قتل کرنے مصطفے خان کی سلطان سے مانگی محمود نے اجازت
نہ دی بلکہ یہہ کہا کہ جبکہ مین اوسکا ارادہ اور عزم روک سکتا ہون تو ہم
کو واسطے اوسکی قتل کی اجازت دون منیب افندی نے بہت اصرار کیا اور کہا
کہ حدیث مین آیا ہے اذا اجتمع الخلیفتان فاقتلوا احدہما سنکر چپ
ہورہا منیب نے جانا کہ سکوت کرنا مین صاحب اس لئے اسیوقت دستیانچی
باشی کو اشارہ کیا کہ مصطفے کو قتل کرو دستیانچی مصطفے کے گہر مین گیا
وہ فرش کے انبار مین لپٹ کر چھپ گیا تہا بعد بہت عرصہ کے دستیانچی
ہر فرش مین سے اوسکو ڈہونڈکر قتل کیا۔

اسی سال مین سلطان روس نے ملک روم پر چڑہائی کی اور کئی شہر اور
قلعے لئے اور درمیان سنہ ۱۸۱۲ ع کے سلیمان پاشا حاکم بغداد کا باغی ہوگیا سنہ ۱۸۱۲ ع
سلطان نے لشکر آراستہ کرکے اوسکی تنبیہ کے واسطے خالد افندی کو روانہ
کیا خالد نے فتحیابی سلیمان کو قتل کیا اسیطور پر اس سال مین کشت
وخون ہنگامہ وفساد کئے برپا ہوئے ازانجملہ ایک یہہ تہا کہ عبد اللہ
بن سعود وہابی نے زمین نجد اور تہامہ اور بلاد عرب اور عجم
مین بڑا فساد برپا کردیا تہا اوسکی تنبیہ اور تادیب کے واسطے محمد علی
پاشا والی مصر کے نام حکم گیا محمد علی نے اپنے بیٹے فرہیم
پاشا کو سپاہ ترکان خونخوار دیکر عبد اللہ کی سرکوبی کے واسطے روانہ
کیا فرہیم پاشا نے بڑی بہادری اور کارستمانہ دکہلائے عبد اللہ
کو زندہ گرفتار کیا اور اپنے باپ کی پاس مصر مین لایا محمد علی پاشا نے
اوسکو اسلامبول مین بہجوادیا سلطان نے علما اور فضلا اور امرا کو جمع کرکے
سبکے سامنے اوسکو قتل کیا

اسی سال مین یوسف پاشا سے بسبب ہونے کبیر السن کے استعفا لیا اوسکی جگہ

احمد پاشا مقرر ہوا پہر احمد پاشا واسطے مقابلہ اوسکے شہر دوشجک
پر گیا بعد لڑائی اور جنگ سخت کے شہر دوشجک اُسسے چھڑا لیا اور کئی منزل
ہجری ۱۲۲۸ اوسکا تعاقب کرکے بہت روسیون کو ہلاک کیا سنہ ۱۸۱۳ء ۱۲۲۷ھ کے سنہ ۱۸۱۴ء
درمیان شاہ روس اور روم مین صلح ہوگئی
ہجری ۱۲۲۸ بعد ازان درمیان سنہ ۱۸۱۴ء کے والی عرب نے فساد برپا کیا رجب سنہ ۱۸۱۴ء
ہجری ۱۲۳۱ پاشا نے اُسکو بخوبی گوشمالی دی یہہ لڑائی سنہ ۱۸۱۶ء مین جبکہ سلطان روم سنہ ۱۸۱۷ء
ہم اوام پر تھا ہوی تھی
محمد علی میرزا پسر فتح علی قاچار شاہ ایران نے موقع پاکر قیصر روم کے
ملک مین پہر دست اندازی شروع کی اور بغداد کے فتح کرنیکا ارادہ
کیا اور طبراق۔ قرص وغیرہ مقامات پر بہت لڑائیان کین پر بسبب سکے
کہ محمد علی اوسی سال مین مرگیا اسلئے اہل عجم کا ارادہ ناتمام رہا سنہ ۱۸۱۷ء ۱۲۳۲ ہجری
مین یہی مخالفین روم نے سلطان سے بہت دفعہ جنگ کی پر غلبہ سلطان کو
رہا سنہ ۱۸۱۸ء ۱۲۳۳ ہجری مین قوم اروام نے درمیان شہر مورا کی اہل اسلام پر خروج کیا
اور بہت مسلمان مارڈالے نیبت جنرل نے یہہ خبر پاکر جو لوگ قوم اروام سے اسلام

بول مین رہتے تہے اونکو قتل کرڈالا اور اُنکی پادری کو پھانسی دی اسی
پادری نے قوم ارواام کو لکھکر آمادہ فساد کیا تہا اسواسطے سلطان نے
بنام محمد علی پاشا والی مصر کے فرمان جاری کیا کہ قوم ارواام کو خوب طرح سزا
دینی چاہیئے اُسنے اپنے بیٹے ابراہیم پاشا کو ہمراہ فوج بحری کے قوم ارواام
پر بہیجا ابراہیم نے فتحیابی بہت سا مال غنیمت اُسکے ہاتہہ آیا ارواام مغلوب
ہوئے انگریزونکو بیچ مین ڈالکر صلح کے خواہان ہوئی مگر سلطان نے صلح
منظور نہ کی اور ملک یونان پر بحری اور بری لڑائیان ہوین مدت دراز
تک یہہ جنگ ہوتی رہی

چونکہ سلطان محمود مدت سے یہ چاہتا تہا کہ سپاہ ینیچری کا انتظام کرے
اور فوج قاعدہ دان مثل فوج اہل فرنگ کی اپنے ملک مین آراستہ کرے
اسلئے ایک فرمان لکہا اور محمد سلیم پاشا کو دیا اور حکم کیا کہ شیخ الاسلام
طاہر افندی کے مکان پر جاکر تمام علماء اور سردران ینیچری کو مجتمع کرکے

## ترجمہ فرمان سلطان محمود خان

بیت

جیسے کہ دولت عثمانی کی صبح نے طلوع کیا تمام رعایا زیر سایہ حمایت اور

سلاطین اسلام کے شاد و خورم رہتی ہی۔ اور لشکر باغیرت و حمیت و جرأت و
جوانمردی آباد ہی رعب اور دبدبہ شاہان اسلام کا قلوب کفاری پر مستولی
ہی۔ لشکر روم تمام معرکون اور لڑائیون مین معاندین پر غالب رہا۔ شجاعان
اسلام کو ہمیشہ لوٹ کا مال ملتا رہا۔ اور پرچم رایات عالیات جنود عثمانیہ
کے نصر من اللہ و فتح قریب سے موشح رہی۔ فوج ینیچری کمال اطاعت
اور بہادری سے زیر سایہ علم سلطان کے داد مردانگی کی دیتے رہی۔ اور
بلاد و قلاع کفار کی بضربت تیغ فتح کرتے رہی۔ اسواسطے اُنکے وظیفے معقول
مقرر ہین۔ مگر مدت ہی اس فوج نے اپنی اسلاف کا طریق چھوڑ دیا ہے
اور خاک ذلت اور خواری کی اپنی آنکھون مین پُر کرلی ہے سب کے سب
ملاہی اور ملاعب مین مصروف ہین۔ اور سہل تابی اور عصیان
سے مالوف ہین اپنی معاش کی سندین کا ہل اور بزدل
آدمیون کے ہاتھہ فروخت کردی ہین۔ اس سبب حشمت
اور اقبال نے اونسے مونہہ پھیر لیا۔ اور فتور صریح نے اونکی امورات
و مہمات کو گھیر لیا۔ جراءت شجاعت کی اُنکے دلون سے جاتی رہی

روز بروز فنون سپاہ گری اور کسب بہادری مین جہالت اور
سُستی آتی رہی - اِسکا یہہ ثمرہ ہوا کہ ہماری دشمنون نے ضعف
اور بیمیزی سپاہ کی معلوم کرکے ہماری ملک پر دلیرانہ دست
اندازی کی - پس اے سپاہ نیک چرای اِس خواب غفلت سے ہوشیار
ہوجاؤ - اور اپنے اطوار ناہنجار سے باز آؤ - اپنی اصلی حال اور روش
قدیم پر مراجعت کرو تاکہ تم لوگون سے اپنی ملک کا حصا بناؤن - اور
اعدای سیہ دل تشنہ خون بیدین کو تمہاری تلوارون کی دھار کا
پانی پلاؤن - اب تم اپنے پر واجب جانکر وہ ضایع اور قواعد
جنگ اور طریق استعمال آلات حرب مثل توپ و تفنگ کے
جسطرح پر فرنگی لوگ آج کے دن غالب آرہی ہین بوجہ احسن سیکھہ
کر طیار ہوجاؤ - اور ہمارے دشمنون کے سر اونہین قواعد کے
ذریعہ سے جو اُنہون نے ہماری واسطے ایجاد کئے ہین تم
خود کاٹو - پر ظہور اِس امر کا بدون سیکھنے قواعد اور پیدا
کرنے مہارت جنگی کامل کے ناممکن ہے یہہ کار اختیار کرنا نجیب

حکم خدا اور رسول کے ضرور ہے میرا دل جو قواعد دان فوج کے ترتیب
کرنے کی طرف مایل ہی یہہ بات خدا یتعالے کے انعامات اور فضل
سے خیال کرو والسلام علی من اتبع الھدے وسلک مسلک النبی المجتبے
یہہ فرمان سنکر ینی چری بپھرنا اور صدقنا کی اور ایک گروہ نیک چری کا شکر نظام
مین بھی بہرتی ہوگیا پر اس سپاہ کو تو عادت بغاوت کی سالہا سال سے
پڑگئی تھی چند روز کے بعد پھر فوج بگڑی اور سانپ کیطرح پلٹی کہائی
چنانچہ صدر اعظم محمد سلیم پاشا اور نجیب افندے اور محمد علے
پاشا کی گھرون پر چڑہ آئی اور بازارون مین مشہور کردیا کہ آجکے
روز علما اور امراء شاہی جو موجد اور مربی فوج جدید کے ہوئے ہین قتل
ہون گے اور تمام شہر مین لوٹ اور غارت شروع کردی اور آگ
لگادی صدر اعظم نے سلطان کو خبر کی اور توپچی اور سپاہ جو مطیع تھے اونکو
دولت سلطان پر جمع کیا
سلطان نے اپنا علم خاص حوالہ شیخ الاسلام قاضی زادہ طاہر افندے
کے کیا صدر اعظم نے کمال دلاوری سے ۵۰ ہزار سپاہ نیک چری پہ حملہ کیا اور

قریب دسہزار آدمی کی توپ سے اوڑادی باقی بہاگ کر گہر دیمین جا چہپی صدر
مذکور نے اونکی گہر دیمین آگ لگادی بہت سے باغی جل گئے اور مارے
گئے کچہہ قید ہوئے مقتولون کی نعشین اوسی میدان مین لاکر جمع کین
جہان پر ہوا خواہان سلطان کے نعشین زمانہ سابق مین نیک چری نے
لاکر ڈالی تہین

بعد ازان سلطان محمود نے علماء اور وکلاء سلاطین کو دربار مین بلاکر
اُن بادشاہون کے لباس خون آلودہ دکہلائے جو نیک چری کے ہاتہہ سے
مقتول ہوئے تہے اور سوال کیا کہ انکے خون کا قصاص کیا ہونا چاہیئے
سب نے متفق ہوکر یہہ فتوے دیا کہ بعوض ہر ایک بادشاہ کے ۲۵
ہزار نیک چری قتل کیا جاوی اُسیوقت تمام قلمرو مین فرامین سلطان
جاری ہوگئے کہ جہان کہین نیک چری کا کوئی سپاہی ہو قتل کر
ڈالو چنانچہ جا بجا ماری گئے اور سلطان ہر جگہ غالب آیا سپاہ یمق
اور نیک چری سے ایک نہ چہوڑا۔

بعد ازان اغا حسین پاشا امیر نظام یعنی امیر الجیوش ہوا

۔ اور حاجی صائب افندے ناظر کا اور یکتا افندے منشی فوج اور سب فوج
نے قواعد جنگ فرنگیون کے طور پر سیکھہ لئی
والی اروام نے پہ انگریزون اور فراسیسیون اور روس سے مدد لیکر مقابلہ
کیا سلطان کا لشکر غالب آیا فوج اروام بہاگ گئی سیسام ۔ مولنک
وغیرہ چند قلعہ علاقہ اروام قیصر کے قبضہ مین آئے والی اروام نے مہلت
مانگی ابراهیم پاشا بدون حکم سلطان کے راضی نہوا اس سبب سے
جہاز جنگی روس اور فراسیس کے دفعتہ روم کے جہازون پر چڑہ آئی
اور بہت سے جہاز جلا دئے اس حادثہ مین طائر پاشا ایک کشتی پر سوار
ہوکر دشمنون سے بچکر سلطان کے پاس پہنچا سلطان نے عام وخاص
سبکو جہاد کا حکم دیا اور ۴۰ جہاز نئے طیار کئے ابہی تک سب
سامان جنگ کا فراہم نہوا تہا کہ روس ایک لاکہہ فوج لیکر متوجہ
ملک روم کا ہوا محمد سلیم پاشا اور اغا حسین پاشا مقابلہ پر
آئے اور اطراف شہر طونا پر لڑائی ہوئی روس مغلوب
ہوا وکلاء روسیہ احمد پاشا کے مکان پہ درباب صلح کے جمع ہوئے

مگر سلطان نے منظور نہ کیا روس نے قدم آگے بڑہایا محمد سلیم پاشا
برخاست ہوا اوسکی جگہ عزت پاشا مامور ہوا اور بنام محمد علی
پاشا مصر کے فرمان گیا کہ ۲۰ ہزار سپاہ واسطے لڑای
روسیون کے بہیجدی اوس نے پہلوتہی کیا آخر روس نے قرص
طبراق - ارض دوم لی لئے اور صالح پاشا حاکم ارض
دوم کا دشمنون کی قید مین آگیا حسین پاشا جو شہر
شومله مین معہ فوج مقیم تہا چند بار فوج دشمن کے ساتہہ
لڑا مگر داد شجاعت دیکر اپنی جگہ سے نہ ہلا آخر کار یہہ ہوا کہ ایم
براطود دُوسیے درمیان سنہ ۱۸۲۹ع کے ایک لاکہہ ساٹہہ ۱۸۲۹ع سنہ ۱۲۴۵ھ
ہزار سپاہ لیکر شہر ادرنہ پر آیا اور اُسکو فتح کر لیا سرداران قیصر
بہت مشوش ہوئے ایلچی صلح کے واسطے روانہ کئے آخر سال مین
صلح ہو گئی روس نے جو جو شہر قیصر روم کے فتح کر لیئے تہے چہوڑ دیئے
اور اپنے ملک کو معاودت کی سلطان دشمنون کے ہاتہہ سے
نجات پاکر متوجہ طرف آبادی ملک اور آرائش فوج کے ہوا اور محمد علی

پاشا سے خراج مصر کا طلب کیا محمد علی نے جواب صاف دیدیا کہ خراج
مصر کا لشکر کشیون مین صرف ہوگیا اب میرے پاس کچھہ باقی نہین ہے
اُسیوقت مین فرانسیسون نے موقع پاکر جزائر مغرب فتح کرلئے طاہر
پاشا اُن کے چھڑانے کے واسطے گیا مگر بے نیل مرام واپس آیا
پھر بعد ازان درمیان ۱۸۳۰ء کے جبکہ سلطان خانگی فتنون کے رفع کرنے کے ۱۸۳۰ء
درپے تھا اور اصلاح لشکر اور امور سلطنت کے کامون سے فارغ بھی ہوا
تھا یکایک محمد علی پاشا حاکم مصر نے اپنے بیٹے ابراہیم پاشا کو تیس ہزار
سپاہی دیکر شہر عکہ پر بھیجدیا اور دریا کی راہ جہازات جنگی بھی روانہ
کئے سلطان نے یہہ بات سنکر نہایت غضبناک ہوکر حسین پاشا کو
اسکی تنبیہ کے لئے روانہ کیا ابراہیم پاشا قبل پہونچکر فوج سلطانی کے
عکہ اور صیدا اور بیروت فتح کرکے دمشق کو مراجعت کرگیا تھا
وہان جاکر اُسنے علی پاشا والی دمشق کو شکست دی اور دمشق
فتح کرلی پھر جانب حمص کے دوڑا وہان پر محمد پاشا والی حلب سے
جو بموجب حکم سلطان کے مقابلہ پر آیا تھا جنگ شروع ہوئی اور

بڑی لڑائی ہوئی ہزارہا سپاہی جانبین کے مارے گئے آخر والی حلب
نے شکست کہائی اور لوٹ کر چلا گیا اور حسین پاشا سے جا ملا یہہ دونو سردار
ملکر حلب مین گئے اہل حلب نے دروازہ بند کر لیا مجبور ہو کر انطاکیہ
کو گئے اُنکے بعد ابراہیم داخل حلب ہوا اُسکا استقبال کر کے شہر
والے اندر لیگئے ابراہیم تہوڑی مدت وہان ٹہہر کر انطاکیہ کو گیا پھر
حسین پاشا سے لڑائی ہوئی سلطان روم نے ابراہیم کی فساد کی خبر
پاکر رشید پاشا کو جو صدر اعظم تہا معہ لشکر جرار کے روانہ کیا رشید نے
نواح قونیہ پر لڑائی ہوئی تمام دن لڑائی ہوتی رہی رات کو صدر
اعظم اپنے لشکر کے سردارون کے خیمہ مین گیا اور صلاح کی کہ علی الصباح
لڑائی ہونی مناسب ہے مردمان نمک حرام نے اُسکو پکڑ کر حوالہ ابراہیم
کے کر دیا ابراہیم بڑی عزت سے پیش آیا اور اُسکو قسطنطنیہ جانے
کی رخصت دی سلطان نے پھر فوج جمع کی اور درمیان ۱۹۳۹ء ۱۲۵۵ھ
بسر کردگی حافظ پاشا کے ابراہیم پاشا کی تنبیہ کے واسطے روانہ کی اثنائے
راہ مین ابراہیم سے مقابلہ ہوا حافظ پاشا نے اُسکو شکست دی

اور اپنے خیمہ پر آیا ابراھیم پاشا نے ایک ٹیلہ پر توپین چڑھا کر لشکر رومی
پر آگ برسانی شروع کی حافظ پاشا نے شکست کہائی ابھی
تک یہہ قصہ طے نہوئے پایا تھا کہ سلطان روم کو ملک الموت
نے طلب کر لیا وہ درمیان سنہ ۱۸۳۹ع سنہ ۱۲۵۵ھ کے فوت ہوا ٭

## سلطان عبد المجید خان
## ابن سلطان محمود

یہہ بادشاہ بعد وفات اپنے باپ کے تخت خلافت پر
بیٹھا اُسنے فوراً لشکر کثیر واسطے تنبیہ و تادیب ابراھیم پاشا اور
اُسکے باپ محمد علی پاشا والی مصر کے روانہ کیا حاکم مصر نے
یاوری طالع سے صلح اختیار کی اور بغاوت چھوڑ کر مطیع ہو گیا
بعد ازان اس سلطان نے تمام شاھان نصاریٰ سے صلح کر لی اور اپنی
فوج قواعد دان کی ترتیب اور آراستگی مین مصروف
ہوا اور ہر طرح سے رعایا مین امن کر دیا اُسکے وقت مین فتنہ
کی بنیاد اوکھڑ گئی یہہ سلطان ۳۰ اپریل سنہ ۱۸۲۳ع مین پیدا ہوا اور

دوم جولائی ۱۸۳۹ء مین تخت پر بیٹھا وہ بہت بڑا عیاش تھا اسکی
پاس چھ سو عورتین خوبصورت محل سرا مین داخل تہین رات دن
عیش و عشرت مین عورتون مین مشغول رہتا تھا انگریزون کا لشکر اسکے
وقت مین بہت تھا اکثر بندرگاہون پر عرب سے لیکر سرحد مصر تک
انگریزون کا اجارہ تھا۔ اُس کے وقت تمام قلمرو ۱۸۴۹ء مین بجا
گرجا تعمیر ہوئے اور خرید و فروخت کنیز و غلام کے بالکل مسدود ہو گئے
چنانچہ یہی سبب تہا کہ مکہ معظمہ اور جدہ پر نوبت کشتا دنون کی ہوئی
تھی وجہ اسکی یہہ ہوئی تھی کہ وکیل انگریز نے کئی برس تک عربونکو
جدہ کی بندر پر بسبب بردہ فروشی کے قید کر رکھا تھا عرب لوگ بسبب
اپنی حمیت جبلی کے ناراض ہو گئے اور کئی انگریزون کو معہ وکیل اور نیز تالعدیے
عربون نے قتل کر دیا اسواسطے ایک جہاز جنگی انگریزونکا بندر جدہ مین آیا
اور توپ لگا کر کئی مکان جدہ کے مسمار کر دئیے بعد ازان شہر مین گھس کر اُن عربونکو
جنہون نے یہہ فساد کیا تھا پکڑ لیا اور ترکون نے اُنکی مدد دی پھر اُن قاتلون کو
بکری کی طرح ذبح کیا اسپر عرب لوگ اسلامبول مین فریادی ہو کر

گئے سلطان نے انکی فریاد کچھہ نہ سنی بلکہ ہونکو قید کر لیا اور محمد ابن عون
شریف مکہ کو معزول کر کے اسلامبول مین طلب کیا اوس پر یہہ جرم
ٹہرایا کہ اوس کے اشتعالک سے مکہ کے لوگ سلطان روم کا حکم نہین
مانتے ہین اور بیع و شرا لونڈی و غلامون کی جایز کر رکہی ہے
سب سے بڑا ہنگامہ اس بادشاہ کے وقت مین روس نے درمیان
سنہ ۱۸۵۶ء ۱۲۷۳ھ کے کیا تہا اوس کے مقابلہ کے واسطے عمر پاشا سپہسالار
روم کا گیا انگریز اور فراسیس نے سلطان روم کو مدد دی بڑی بہاری
لڑائی تین برس تک رہی جسمین بیشمار آدمی مارے گئے اور خدا نے
سلطان کی عزت رکہہ لی -
اس بادشاہ نے عمارت مسجد نبوی اور حرم مدینہ کے بہت روپیہ خرچ کر کے
نہایت عمدہ اور نفیس بنائی ہے اسی بادشاہ کے عہد مین درمیان نصاریٰ
اور اہل اسلام ملک شام کی بہت خونریزی ہوئی مگر غلبہ مسلمانون کا رہا تاریخ
ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۲۷۷ھ ۱۸۶۱ء انتقال پایا اوس کی قبر مسجد سلطان احمد مین برابر
قبر سلطان محمود کے بنائی گئی ہے -

# سلطان عبدالعزیز خان

## قیصر دوم

یہ بھائی عبدالمجید خان کا ہے باتفاق ارکین سلطنت و علماء روم کے
۲۹ جولائی ۱۸۶۱ء ۱۲۷۷ھ مین تخت سلطنت پر بیٹھا اوس کی پیدائش ۹ جولائی
۱۸۳۰ء ۱۲۴۶ھ مین ہوئی جسوقت تاج قیصری سر پر رکھا سب سے اول اوسنے
یہہ کیا کہ جسقدر عرب لوگ قید خانہ روم مین تھے سب کو رہا کر دیا اور
فرامین اپنی جلوس کے تمام قلمرو مین بھیج دئے اور جو عہدہ دار سست اور
خاین تھے اونکو معزول کیا اور مردمان کارگذار سلیقہ شعار کو اونکی جگہہ مقرر
کیا بندرگاہون کا اجارہ انگریزون کو دینا بند کر دیا اور انتظام مالی اور ملکی
مین خود متوجہ ہو کر بہت شعور اور دانائی سے ترتیب اور تہذیب کی افواج
بحری اور بری جنگی اور جہازات اور اسباب و آلات جنگ کے مہیا کرنے
مین بدل مصروف ہوا تار برقی آہنی شرک اپنے ملک مین جاری کی اور
شاہ ایران ناصرالدین شاہ سے رسم اتحاد مستحکم کی اور سیر و سفر کا کرنا اپنے
ملک مین برخلاف سلاطین ماضیہ کے پسند کیا چنانچہ مصر اور اسکندریہ

کی سیر کی اور پھر مراجعت کر کے جتنی عورتین عبدالمجید خان
شاہ مرحوم کے تھین اونکو بعد انقضاے ایام عدت کے اجازت دیدی
کہ جس سے چاہین نکاح کرلین اور خود بھی راغب سوا سے اپنی ایک منکوحہ
کے کسی عورت کی طرف نہین ہے یہہ بادشاہ تمام سلاطین قیصر گذشتہ سے
نہایت نیک اور عقیل اور پارسا ہے اسوقت مین یہی بادشاہ روم کے ہین

## علم ادب ترکی زبان کا

آجکل ترکی زبان کے تین خاندان وجود ہین یہہ تینون ایک ہی باپ
کی اولاد ہین اول ترکی زبان بخارا وخوقند وخوارزم ویارقند
وغیرہ کی ہے پھر یہہ ترک جبکہ چنگیز خان اور ھلاکو اور تیمور کی فوج
مین بھرتی ہوکر ایران مین رہے ہے تو اونکی زبان مین بہت الفاظ اور
محاورات فارسی کے مختلط ہوکر کچھہ اور ہی ڈھنگ کی زبان ہوگئی ہے
بعد ازان وہ ہی ترک لوگ جو بدولت سلاطین روم کے قسطنطنیہ
مین پہنچے اور اوس طرف کے زبانون کے الفاظ اور محاورے بھی

اوسمین اونہون نے ملائے تو وہ زبان کچھہ اور ہی ڈھنگ کی کہلائی
دیتی ہے یہہ تین قسم کی ترکی ہے زبان یوغر جو نہایت قدیم اور خاص
زبان ہے اور اتبک یا رقند کا شغر اور قفل مین بولی جاتی ہے
اوسکے حروف تہجی اوہی طرح کی ہین -

رسالہ قوذت قبلك یعنی علم السلطنت درمیان عہد الپ ارسلان
کے سنہ ۱۰۶۷ مین درمیان ترکی کے تصنیف ہوا - ترکستان وسیع ۱۰۶۷ء
حصہ مین جغشائی ترکی کا میدان بہت وسیع ہے اوس زبان کے چند کتب مذکورہ اندر
یورپ مین شایع ہین توزك تیمور ہے کہ امیر تیمور نے خود تصنیف
کی ہے واقعات بابری جو سلطان بابر کی تصنیف کی ہوئی ہے تواریخ
حسب ونسب ترکان مصنفہ ابوالغازی بہادر خان شاہ خوارزم
میر علی سیرہم مصری مولوی جامی جو ہرات کا حاکم رہا ہے اوس نے
ایک بہت بڑا دیوان اور خمسہ نظامی کا جواب اور علاوہ اسکے اور
بہت سے کتابین ترکی مین لکھی ہین قبچاق اور قرغن وغیرہ گروہ
صحرائی کے زبان مین علم بہت کم ہے خراسان مین زبان

ترکی درباری ہوگئی ہے درہار قیصر روم مین بہی اس زمانہ مین ترکی
بولی جاتی ہے اور آج تک یہ زبان بہت علوم پر قابض ہوچکی ہے عثمان
کے جانشینون کے عہد مین بہت کتابین عربی اور فارسی۔
یونانی اور لاطینی ترکی زبان مین ترجمہ ہوئے مین چنانچہ محمد ثانی
نے پلوتارک[1] کا ترجمہ یونانی زبان سے ترکی مین کروایا اور
سلیمان اوّل نے وینس کی ایک کتاب کامنٹریز کا ترجمہ ترکی
مین کروایا ارسطو اور اقلیدس کی مصنفات زبان ترکی مین ترجمہ ہوئین
مصطفے سوم کے حکم سے میکیول اطالیانے جسکا نام پرنس ہے
اور فریڈرک ثانی شاہ پرشیا کی کتاب جسکا نام انٹیڈ میکیول ہے ترکی مین
ترجمہ کروایا — زمانہ حال مین کئی کتب بان انگریزی جرمن فرانسیسی
سے علم تاریخ وجغرافیہ قرابادین کیمیا — ریاضی اور علم الحرب وغیرہ
کی زبان ترکی مین ترجمہ ہوئے ہین

[1] پلوتارک ایک یونانی مورخ ہے اوس نے ۴۶ یونانی اور رومن مشاہیر
کا تذکرہ لکھکر بڑی شہرت حاصل کی ہے —

ترکون کی زبان دانی قدیم اگرچہ بہ نسبت عربی کے نہو تاہم لایق
قدر کرنے کے ہے جسم بہائی بایزید ثانی کا اور سلیم اور بایزید
ثانی کے بیٹی یعنی سلیمان ثانی و احمد سوم اور مصطفے سوم بڑے
مشہور شاعر گذرے ہین اونکی تصنیفات بہی ہمارے ہاتہہ آئے
ہین سب سے مشہور شاعر قدیم ترکی زبان کا عاشق پاشا ہے جو عثمان خان
غازی اور ارخان کے عہد مین زندہ تہا — بایزید ثانی
کے عہد حکومت مین شعرای مندرجہ ذیل مشہور گذرے ہین نجاتی
اپنے زمانہ مین بے نظیر شاعر تہا جس نے کئی عربی کتابون کا ترجمہ
ترکی مین کیا ہے مسیحی جسکی بہادر کا ترجمہ سر ڈبلیو جونس اور
بیرن ہمیر نے اپنے زبان مین کیا اوس کی نظم ایک بہت اچہا
عمدہ نمونہ ترکی نظم کا ہے آفتابی و منیری اور شاہزادہ کورکد
اور شاعرہ مہری متوطنہ اماسیا کی یہ تمام شعراء ترکی کا بڑا
جہنڈا جو تین دفعہ سلطنت روم کا صدر اعظم ہوچکا اوس نے ۱۰۰۸ھ ۱۶۰۰ء
مین وفات پائی اوس کے دیوان کا وان ہمیر جرمن نے درمیان

سنہ ۱۷۲۵ء

سنہ ۲۵ ۱۱۴۰ھ کے ترجمہ کیا ہے بنی افندی - سید رفعت
اور راغب پاشا صدی گذشتہ مین مشہور شاعر گذرے ہین
راغب پاشا وزیر اعظم عثمان سیوم کا تہا اور بڑا مشہور مورخ اور
شاعر گذرا ہے اوسکے ہموطن اوسکو دوم کا ملک الشعراء کہا کرتے ہے
ترکی مورخون کی تعداد بہی بہت ہے اون مین سے اکثر مصنف
بسبب انصاف طبیعت اور فراست طبع اور طرز فصاحت اور اختصار
عبارت اور لطف کلام کے قابل تعریف ہین منجملہ اون کے علی
ہے جو معاصر پیکی کا تہا جسکی کتاب کنہل اخبار یعنی معدن تواریخ

سنہ ۱۵۹۷ء

ہے جو سنہ ۹۷ ۱۰۰۶ھ مین ختم ہوے یہہ کتاب زبان ترکی کے تواریخ
مین زمانہ قدیم اور متوسط کے بابت ایک عمدہ آئینہ آگاہی کا ہے اسکا
مصنف عیسا یون کا حال بڑے انصاف سے لکہتا ہے سلاک
زاد نے ایک کتاب مسمی تاریخ علی عثمان نے سلاک زاد لکہی
ہے اگرچہ وہ کتاب بہت مختصر ہے مگر نہایت صحیح تاریخ خاندان

سنہ ۱۶۲۴ء

عثمانیہ کے ہے سنہ ۲۴ ۱۰۳۴ھ مین ختم ہوئی ہے - پچوی نے ایک

سنہ ۱۶۲۲ء تاریخ سلیمان اوّل اور دوم کے عہد سے سنہ ۱۶۲۲ء تک لکھی ہے

سنہ ۱۶۵۸ء حاجي خلفه نے جو درمیان سنہ ۱۶۵۸ء مین فوت ہوا کئی مدون کتابین تاریخ وجغرافیہ کے عربی اور ترکی مین لکھے ہین اسکی تکوملک

سنہ ۱۷۳۳ء تواریخ باقاعدہ ہے جو مطبع ابراہیم مین درالخلافہ قسطنطنیہ کے سنہ ۱۷۳۳ء

سنہ ۱۶۹۷ء مین طبع ہوئی اور اوس کا ترجمہ زبان ایطلی مین درمیان سنہ ۱۶۹۷ء کے

ہوا بیرن ہیمر نے حاجي خلفه کی کتاب سلطنت الروم اور باسیا کی جغرافیہ کا ترجمہ زبان جرمن مین کیا ہے - بایزید ثاني کے وقت سے مورخان شاہی ترکی زبان مین تاریخ روم کے لکھتے رہے ہین پر اونمین سے مصنفان مندرجہ ذیل بہت اچھے مورخ شمار کئے جاتے ہین ؛ -

سنہ ۱۵۲۴ء ادریس یہہ مورخ سنہ ۱۵۲۴ء مین فوت ہوا مصطفے جلال زادہ یہہ

سنہ ۱۵۳۳ء مورخ سنہ ۱۵۳۳ء مین فوت ہوا - مفتي سعد الدین سنہ ۱۵۹۶ء مین فوت ہوا عابد پاشا درمیان سنہ ۱۶۹۰ء کے فوت ہوا نعمه جسکی تاریخ

سنہ ۱۵۹۱ء سنہ ۱۶۵۹ء سنہ ۱۵۹۱ء سے شروع ہوکر سنہ ۱۶۵۹ء تک ختم ہوتی ہے درمیان

۱۷۱۵ء سنہ ۱۱۲۸ھ کے فوت ہوا رشید نے اس تاریخ کو ۱۱۲۱ھ تک اور
بڑھا دیا ہے — اعظم نے ۱۱۴۱ھ تک لکھی ہے — اعزی
نے ۱۱۶۳ھ تک تاریخ لکھی — واصف نے ۱۱۶۴ھ تک
لکھی ہے + —

نعمہ کی تاریخ درمیان شہر قسطنطنیہ کے ۱۷۳۴ء سنہ ۱۱۴۷ھ میں مطبع ہوئی

رشید کی تاریخ درمیان ۱۷۸۲ء سنہ ۱۱۹۶ھ کے چھپی — صبحی کے ۱۷۸۴ء سنہ ۱۱۹۸ھ
مطبع ہوئی — اعزی کی بھی اسی سن میں چھپی — واصف کی ۱۷۸۶ء سنہ ۱۲۰۱ھ

[illegible] کے بعد ہوئی اور دوسری ۱۸۲۷ء سنہ ۱۲۴۳ھ کے چھپی
واصف کی تاریخ کا کچھ حصہ [illegible] سنہ ۱۸۴۴ء
میں ترجمہ ہو گیا ہے

اگرچہ سوانح عمری کی مصنف ترکی میں جب ہیں پر لطیفے کے تذکرہ
کی بابت اتنا بیان کرنا ضرور ہے کہ اوسنے قریب دو سو ترکی
شاعروں کا اپنی کتاب میں حال لکھا ہے جسمیں سے انکیسو کا
ترجمہ زبان جرمن میں ہو چکا ہے —

# خاندان سلجوق کا بیان

یہہ خاندان ایک شخص مسمی سلجوق سے تاتار مین شروع ہوا پہلے
یہہ لوگ ماوراء النہر مین رہتے تہے پہر خراسان مین جاکر بسے
بعدازان جنوبی ایشیا مین ایرانی - کرمانی اور روحی لقب
سے حکومت کرتے رہے مورخین ایشیا انکی اصل یون لکہتے ہین
کہ سلجوق بٹیا دقاق کا تہا جو کہ بیگو قبچاق تاتاری کے افسرون مین
سے جو بحیرہ شام کے قریب بستی تہی بڑا بہادر اور سب سے
دل چلا تہا جب اوسکا باپ مرگیا تو بیگو نے سلجوق کی پرورش صرف
اس خیال سے کی کہ وہ اپنے باپ کے موافق بہادر نکلے گا اور
ایسا ہی ہوا مگر جب سلجوق کی بہادری اور شجاعت مشہور ہوگئی اور وہ اپنے
مالک سے خودسری اور گستاخی سے پیش آنے لگا تب بیگو
نے اوس کو اپنے ملک سے نکالدیا سلجوق نے وہانسے نکلکر سمرقند
اور اوسکی نواح مین ایک چہوٹی بادشاہت قایم کی اور خود مسلمان ہوگیا

اوسکی بدولت اسلام اوس نواح مین پہلا ایکسو سات برس کی عمر مین
ایک تاتاری کے ہاتھسے مارا گیا اوسکے کئی بیٹے تھے مگر
سب سے مشہور دو ہین ایک محمد طغرل بیگ دوسرا داؤد جعفر بیگ
جنہون نے اپنے چچا مسمی اسرائیل حاکم خراسان کو واسطے
صلح کرنے کے محمود غزنوی کی خدمت مین روانہ کیا تھا جبکہ اسرائیل
سلطان محمود کے دربار مین حاضر ہوا تب بادشاہ نے پوچھا کہ
سلجوقی خاندان کتنا زور آور اور قوی ہے اوس نے جواب دیا
کہ اگر مین اس جگہہ سے اپنے خیمہ کو ایک تیر روانہ کردون تو پچاس
ہزار سپاہ سوارون کے میری مدد کو حاضر ہوجاوے اور اگر دوسرا
تیر بھی بھیجون تو پچاس ہزار کا دستہ اور آوے اگر کمان بھیجون
تو دو لاکھہ سوار اسیوقت حاضر ہون محمود یہہ سنکر بہت حیران ہوا
اور اوس کو خراسان کے قلعہ مین قید کیا جب تک جیتا رہا اوسی جگہہ
مقید رہا ۔

مورخین اسباب مین مختلف ہین کہ قوم سلجوق خراسان کب گئی بعضی

کہتے ہین محمود غزنوی کے زمانہ مین آئے تھے بعضی لکھتے ہین کہ
مسعود کے زمانہ مین گئے مگر محقق یہہ ہے کہ ابو طالب محمد رکن الدین
جسکا لقب طغرل بیگ ہے درمیان نشاپور کے ۴۳۱ھ مین بادشاہ ۱۰۳۹ء
ہوا یہہ سلجوقیون کا اول بادشاہ تھا بعد فتح نشاپور کے قوم سلجوق
نے ہرات اور مرو فتح کے بعد ازان تمام خراسان اونکے
زیر حکم ہو گیا چھبیس برس تک اوس نے بادشاہت کی اس عرصہ مین
صوبجات ایران کے فتح کئے بعد اوس کے اور جعفر بیگ کے
وفات کے اوسکا بیٹا بادشاہ ہوا۔

# الپ ارسلان

اس شاہزادہ نے اپنے باپ طغرل اور چچا جعفر بیگ کے وقت مین
بہت شہرت جلادت اور بہادری مین پیدا کی تھی الپ ارسلان کے
معنی دلاور شیر کے ہین اوسکا اصلی نام اسرائیل ہے جب اوس نے اسلام
اختیار کیا تو خلیفہ قایم بامر اللہ کے طرف سے اعزاز الدین

اوسکو خطاب ملا - شروع ایام سلطنت مین اوس نے سرکشون
۱۰۶۳ء اور باغیون کا بخوبی بندوبست کیا ۱۰۶۳ء مین جھیل وان کے ۱۰۶۳ء
نزدیک شہر اخلاف پر یونانیون کو اوس نے بہاری شکست دی
۱۰۶۳ء اور درمیان ۱۰۶۳ء کے شاہ یونان رومانس دائوجینس کو جو کہ خود ۱۰۶۳ء
فوج کشی کر کے اوس پر آیا تہا شکست دی اور بادشاہ کو زندہ گرفتار
کر لیا مگر بسبب فیاض دلی کے بادشاہ کو رہا کر دیا اسی سبب مصنفان مشرقیہ
اوسکو بہادر فیاض اور عظیم الشان بادشاہ اپنے کتابون مین لکہتے ہین
الپ ارسلان بعد فتح کرنے جارجیہ کے ترکستان کے فتح کرنے کو
گیا اس مہم مین اوس نے تمام عمر اپنی خرچ کی ترکستان کے قلعہ مین
جو حاکم وہانکا محصور تہا اوس نے بڑی بہادری سے اوسکا مقابلہ
کیا آخر کار جب قلعہ فتح ہوا تو وہان کے حاکم پر بہت خفا ہوا اور بہت ہی
برا بہلا اوسکو کہا یہہ الفاظ دشنام کی اوس حاکم مقید کو ایسے جوش
غضب مین لائی کہ اوس نے تلوار کہینچ کر الپ ارسلان پر ایک
زخم کاری ایسا لگایا کہ اوسی زخم کے صدمہ سے چند ساعت کے

سنہ ۱۰۷۳ء بعد فوت ہوا اسوسٹ برس اوس نے سلطنت کی یہہ واقعہ سنہ ۱۰۷۳ء مین ہوا سنہ ۴۶۶ھ

# ملک شاہ معزالدین ابو الفتح ابن الپ ارسلان

سنہ ۱۰۷۳ء بعد وفات اپنے باپ کے درمیان سنہ ۱۰۷۳ء کے تخت نشین ہوا اور سنہ ۴۶۵ھ
سب سے پہلے اپنے دو چاؤن کو جنہون بغاوت کی تھی قید کیا جب اوسکو
معلوم ہوا کہ فوج بگڑنے والی ہے اور ایک اوسکے چچا کو اپنا سرپرست
سنہ ۱۰۷۳ء اور سردار بنانا چاہتی ہے اوسوقت اوس چچا کو زہر دلوا کر مار ڈالا سنہ ۱۰۷۵ء سنہ ۴۶۸ھ
مین اوسکے سپہسالار افتیش نے دمشق اور بہت بڑا حصہ شام کا فتح
کیا مگر مصر کے فتح کرنے مین کامیاب نہوا ملک شاہ نے درمیان
سنہ ۱۰۷۴ء سنہ ۴۶۷ھ کے ماوراء النہر کو اپنے زیر حکم کیا اور بعد دو سال کے
ابراہیم غزنوی کے پوتون جو ان بادشاہ غزنی کا تھا حملہ
کرنے کا ارادہ کیا —

سنہ ۱۰۷۴ء جبکہ سنہ ۱۰۷۴ء مین ملک شاہ کو حشاشین کی فیروزمندی اور غلبہ کی سنہ ۴۶۷ھ

خبر پہنچی تو ایلچی بھیجکر اُسنے خواہان صلح کا ہوا تھوڑے عرصہ کے بعد
اس فرقہ کے ایلچی نے جو حسن بن صباح کے طرف سے آیا تھا
[illegible] اور [illegible] نظام الملک وزیر کو قتل کیا اور ملاعین شاہ
[illegible] سلجوقیون
[illegible]

## برکیارق ابن ملک شاہ سلجوقی

یہہ بڑا بیٹا ملک شاہ تخت کا وارث اور حق دار تھا پر اوسکا باپ
چھوٹے بیٹے محمود کے واسطے وصیت تخت کی کر گذرا تھا
اوس لڑکے کی عمر چھہ برس کی تھی اوسکی والدہ تا بالغ ہونے اوس
لڑکے کی اوسکی سرپرست حسب وصیت بادشاہ کے مقرر ہوئی وہ بیگم
اصفہان مین رہتی تھی برکیارق نے اوسکا محاصرہ کیا اس موقعہ پر
ملکہ نے ڈر کر سلطنت کی تقسیم کر دی کہ اصفہان اور اوسکا گرد و نواح
محمود کا رہے اور باقی تمام سلطنت برکیارق کی ہو اوسکی بہ کی عمر نے

وفانہ کی چند روز مین وہ مرگیا اوس وقت تمام سلطنت برکیارق کے
ہاتھہ آگئی بعد ازان اوسنے اپنی چچا تاج الدولہ حاکم بشام سے مقابلہ
۱۰۹۵ء کیا اور سنہ ۴۸۸ھ مین اوسکو شکست دی اور قتل کیا۔
تین برس کے بعد اوسکے بہائی محمد نے سرکشی کی اور حاکم عراق
۱۰۹۴ء کا ہوگیا سنہ ۴۹۶ھ مین دونون بہائیون نے ملکر حکومت کی تقسیم کرلی
آخر سنہ مذکور مین اس بات پر صلح ہوئی کہ ملک شام - عراق عرب
موصل - اذربیجان اور ارمینیہ مین محمد حاکم رہے اور
باقی ملک زیر حکم برکیارق کے رہے مگر اسی سال مین برکیارق
نے وفات پائی اور اوس کے بعد اوس کا بیٹا مالک شاہ
قابض تخت و تاج ہوا اسی زمانہ مین عیسائی مجاہدین جہاد کرنیکے
واسطے ملک شام مین آئے تھے۔

# فارس

جبکہ اہل اسلام نے ملک فارس فتح کیا تو دو برس تک کا حال

پردہ ظلمت مین ہے جبکہ اہل فارس نے مذہب اسلام قبول کیا اور
علوم عربیہ سیکھنے لگے اُسوقت یہہ ملک ایک صوبہ خلافت اسلام
کا تہا یہانتک کہ خاندان بنی امیہ سے لڑائی ہوئی اور بنی امیہ کی اولاد
سے مارے جانے شروع ہوئے اوسوقت سے جسقدر کہ سلطنت
اسلام مین ضعف آتا گیا اور تقسیم ہوتے گئے اوسیقدر اسمین بہی خودسری
کی روح تازہ ہوتی گئی یعقوب ابن الیاس نے بادشاہت کی بنیاد اس
ملک مین از سرنو ڈالی اور سنہ ۲۵۲ھ سنہ ۸۶۶ء مین یہہ ملک خلفا کی حکومت سے نکلکر
تمام ملک فارس کا شہر شیراز دارالسلطنت مقرر کیا
بعد ازان بہائی یعقوب کا سسے عمر جو اُسکا جانشین تہا اوسکو تاتاد
کے خاندان سامانی نے درمیان سنہ ۲۰۷ھ سنہ ۹۰۰ء کے مغلوب کیا یہہ قوم قاناری
خراسان اور ماوراء النہر مین سنہ ۳۸۹ھ سنہ ۹۹۹ء تک حکومت کرتی رہی مگر
مغربی حصہ فارس تہوڑی مدت کے لئے پہر ماتحت خلفاء کے ہوگیا
جبکہ خلفاء عباسیہ بالکل تباہ ہوگئے تو مغربی حصہ فارس کا پہر حلقہ
خلافت سے نکل گیا اور بویہ کے تین بیٹون احمد الدولہ

رکن الدولہ - اور معز الدولہ کے ہاتھہ آگیا جنہون نے
اوسکو آپسمین تقسیم کرلیا
معز الدولہ نے بغداد پر قبضہ کیا اور امیر الامراء کا لقب اختیار
کرکے خلیفہ کو اور خلیفہ کی تمام سلطنت کے اپنے تحت کرلیا
امیر الدولہ کی موت کے بعد تمام مملکت بویہ اوسکی جانشین
عضد الدولہ کے ہاتھہ آئی یہ بادشاہ اپنے زمانہ مین عظیم الشان اور
[illegible] شمار کیا جاتا ہے اوس نے سنہ ۳۳۸ھ سے سنہ ۳۶۷ھ تک
بغداد پر بادشاہت کی فارس کی فیروزمندی سنہ ۳۲۰ھ سنہ ۹۴۹ء
اور خاندان بویہ کی شہرت سنہ ۳۲۳ھ سنہ ۹۳۴ء مین ظاہر ہوئی اُسکے
جانشینون نے اس بادشاہت کو آپسمین تقسیم کرلیا اور اندرونی
فساد کے سبب آخر کو برباد ہوگئی اور چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستین
قائم ہوگئین پر خاندان بویہ کی حکومت پھر بھی بغداد پر قایم
رہی جسمین لقب امیر الامراء کا جاری رہا اور جنکو یہہ اختیار حاصل
تہا کہ جسکو چاہین خلافت کی مسند پر بٹہلا دین اور جب چاہین

معزول کردین

دوسری شاخ جو فارس کے مشرقی حصہ مین حاکم تہی وہ محمود غزنوی
کا خاندان تہا جسنے ۳۰ برس پیشتر کابل خراسان مین اس خاندان
کی بنیاد قایم کی جبکہ سامانی سلطنت برباد ہوگئی تو غزنوی خاندان
کی بنیاد سلطنت اسلام کی ہندوستان مین قایم ہوئی اور قریب تہا
کہ تمام فارس اوسکی اور اوسکی اولاد کے ہاتہہ آجاتا مگر اوسوقت اندرونی
ایشیا سے سلجوقی تاتاریون نے جو ابتدا مین غزنوی شاہزادون
کے ماتحت تہی خود مختار ہوکر مسعود ابن محمود کو نیشاپور کی
قریب شکست دیکر ۴۳۱ھ / ۱۰۴۰ء مین غزنویون کو اودہر سے ہٹا ۱۰۴۰ء
دیا جسکے سبب تمام فتوحات ہندوستان اور افغانستان ہی
تک محدود رہی اور اپنے بادشاہ طغرل بیگ کو اون لوگون نے
فارس پر قابض کر دیا اور سنہ ۴۴۷ھ / ۱۰۵۵ء مین بغداد عراق اپنی
بادشاہت مین شامل کر لیے اور خلافت کی محافظت اچھی طرح
پر کی بعد ازان امیر الامراء ملک رحیم کو جو اخیر بادشاہ خاندان

بویہ سے تہا تخت سے اوتار دیا الپ ارسلان جو طغرل بیگ
کا بیٹا تہا اوسکے اور اُسکے جانشینون کے وقت مین فارس کی
بادشاہت کو رونق اور شوکت حاصل ہوئی اور اوج ترقی پر پہنچے اوسکے بیٹے
جلال الدین ملک شاہ کے وقت سلطنت فارس کو بڑی شان
سنہ ۱۰۹۲ع حاصل ہوئی اوسکے عہد مین ۱۵ تاریخ مارچ سنہ ۱۰۹۲ع سے سنہ جلالی شروع
ہوا ہے مگر بعد وفات پانے ملک شاہ کی یہہ سلطنت منقسم ہوگئی
اور اوسکے بیٹون مین تنازع قایم ہوا اور جسکہ کرمان - انطاکیہ
اور شام مین حکومت علیحدہ علیحدہ ہوگئی تب شاہ سنجر ابن ملک شاہ
سنہ ۱۱۱۷ع نے درمیان سنہ ۱۱۱۷ع کے اپنے باپ کے تخت پر بیٹہہ کر صرف فارس کے
حصہ مشرقی پر اپنی حکومت کو محدود کرلیا اذربیجان - فارس کردستان
وغیرہ صوبے جنکے حکام کا خطاب اتابک تہا پہلے وہ لوگ نایب سلطنت
کہلاتے تہے اب خودسر ہوگئی اور مدعی بادشاہت کی ہوگئی
اسی اثنا مین درمیان اوس حصہ کے جو بحیرہ شام کی جنوب مین
واقع ہے ایک مشہور فرقہ اسمعیلیہ یا حشاشین جنکا ذکر اوپر مفصل

ہو چکا ہی ملک شاہ کے وقت سے رہتا تہا اونکی فدائی فرقہ سے کسی
نے ۱۱۵۶ء ۵۵۱ھ ملک سنجر کی موت ہوئی اس بادشاہ فارس کے مرنی ۱۱۵۶ء ۵۵۱ھ
کے بعد جہگڑی اور نزاع قایم ہوئی خلفاء عباسیہ نے موقع پاکر بغداد
اور عراق کو پہر اپنے قبضہ مین کرلیا اگرچہ طغول سوم پہر ۱۱۷۵ء ۵۷۰ھ ۱۱۷۵ء
قابض ہوا لیکن تکش شاہ خوارزم نے جو کہ سلطان سنجر کے وقت مین نا
تہا سلجوقیون سے باغی ہوکر ماوراء النہر اور خراسان مین اپنی حکومت
قایم کی طغول سوم کو شکست ہوئی اور ۱۱۹۴ء ۵۹۰ھ مین مقتول ہوا ۱۱۹۴ء
اُسوقت مین ملک فارس سلاطین خوارزمیہ کے تحت حکومت ہوگیا
تہا اِن بادشاہون نے اپنی سلطنت بحیرہ شام اور جھیل نیورال
سے لیکر دریاے سندہ اور خلیج فارس تک بڑہا ئی تہی یہہ خاندان تہوڑی
دنون تک رہا محمدؐ جو کہ جانشین تکش کا تہا اپنے ایک حاکم کی بد
چلنی کے سبب مغلون کے حاکم چنگیز خان کی آفت مین خود پہنس گیا
تہا جسنے ۱۲۱۸ء ۶۱۴ھ مین فوج کشی اُسپر کی کہتے ہین کہ سات لاکہہ آدمی
کی فوج محمد پر لیکر چڑہائی کی تہی اور دو لڑائیون مین محمدؐ کو

ایسا بہکایا کہ اوسنے بحیرہ شام کے کسی جزیرہ مین جاکر پناہ لی اور اوسیجگہ

سنہ ۱۲۲۰ع ۶۱۷ھ سنہ ۱۲۲۰ع ۶۱۷ھ مین فوت ہوا

اوسکا بیٹا جلال الدین کئی سال تک بڑی بہادری سے ہنگامی برپا

سنہ ۱۲۳۰ع ۶۲۷ھ کرتا پھرا آخرکار سنہ ۱۲۳۰ع ۶۲۷ھ وہ بھی مرگیا اوسکے مرنے پر سلطنت خوارزمی

برباد ہوگئی اور ملک فارس مغلون کے ہاتھ آگیا - جبکہ سلجوقیون نے

فارس کو فتح کیا تہا تو بسبب ہونے ہم مذہب اور ہم اطواری اونکے

ساتھ بہت نرمی اور رفاقت سے سلوک کرتے تہے مگر مغل جو مذہب اسلام

اور تہذیب اسلامیہ سے متنفر تہے جہان جہان اونکی حکومت بڑہتی اور

پہیلتی گئی بہت بیرحمی اور خونریزی سے پیش آتے گئے چنگیز خان

کے بعد فارس اوسکے پوتے ہلاکو خان کے حصہ مین آیا جسنے

سنہ ۱۲۵۸ع ۶۵۶ھ سنہ ۱۲۵۸ع ۶۵۶ھ مین اس ملک کو فتح کرکے خاک مین ملادیا اور آخری خلیفہ

عباسی کو قتل کرکے بموجب بیان فارسی مورخون کے ۸ لاکہہ

باشندگان بغداد کو تہ تیغ بیدریغ کیا

ہلاکو خان کا خاندان فارس مین ۸۰ برس تک حکومت

سنہ ۶۶ھ کرتا رہا ابا قاآن اوسکا بیٹا سنہ ۶۶۲ھ سے سنہ ۶۸۰ھ تک وہان کا حکمران ۱۲۶۴ سنہ ۱۲۸۲ء
رہا اوسنے انطاکیہ کی سلجوقی شاہزادون کو اپنے ماتحت کیا
اور ملک شام اور پیلسطائن فتح کرنے کے واسطے عیسائیون سے صلح کرلی
لیکن اوسکی فوج نے غلامان کے ہاتھہ سے کئی بار شکست پائی اور چند روز
سنہ ۶۹ھ حکومتون مین کیفیاتو کی حکومت کا لکھنا ضرور ہے جسنے سنہ ۶۹۳ھ ۱۲۹۴ سنہ ۱۲۹۳ء
مین درمیان فارس کے نوٹ جاری کئے جو کہ ابتک جاری رہی
شام پر پھر حملہ ہوا مگر کچھہ کام نہ نکلا عاذن کے عہد مین جو خاندان
سنہ ۶۹۴ھ ھلاکو سے سنہ ۶۹۵ھ سے سنہ ۷۰۳ھ تک حاکم رہا یہہ پہلا بادشاہ ۱۲۹۵ سنہ ۱۳۰۴ء
ہے جسنے تاتار کی خان اعظم سے منحرف ہوکر مذہب اسلام اختیار کیا
سنہ ۷۰۳ھ اسکے بھائی اور جانشین الجایتو خان جسکو خدابندہ بھی کہتے ہین سنہ ۷۰۳ھ ۱۳۰۴ سنہ ۱۳۰۴ء
سنہ ۷۱۶ھ سے سنہ ۷۱۶ھ تک فارس پر حکومت کرتا رہا اوسنے مشہور شہر ۱۳۱۶ سنہ ۱۳۱۶ء
سلطانیہ آباد کرکے دارالخلافت بنایا مگر اوسوقت صاحب جرات
اور بہت مغل تمام ملک کے حکومت مین اپنے ماتحت کرنا چاہتے تہے اور
ابوسعید بہادر الجایتو خان کا بیٹا جو کہ ھلاکو سے آٹھوین پشت مین

تہا اخیر بادشاہ اِس خاندان کا تہا جسنے کچھہ دنون حکومت کی ہے

فارس اب چہوٹے چہوٹے خاندانون مین منقسم ہوگیا جو ہمیشہ کٹتے

مرتے رہتے تہے وہ خان جو بغداد عراق اور آذربیجان وغیرہ پر قابض

تہے ان سب شاہزادون سے قوی تر تہے مظفر فارس اور شیراز

کا حاکم تہا سربداد ملوک کرت وغیرہ خراسان اور اوسکے گرد و نواح مین

حکومت کرتے تہے آوارہ گرد اور غارت گر قوم ترکمان جو حال کی فارس

کی قوم کی بنیاد ہین بے مہار بڑے پہرتے تہے

فارس کا اوسوقت مین یہی حال تہا کہ ایک نیا حاکم اوسپر آپہنچا

اوسکو تمرلنک کہتے ہین اوسنے سب چہوٹے موٹے خاندان کو

تہ تیغ کرکے برابر کردئے اوس زمانہ مین تیمور ماوراء النہر کا حاکم تہا

مگر سنہ ۷۸۵ھ ۱۳۸۳ء مین اوسنے خراسان پر حملہ کیا تمام گرد و نواح کے شاہزادے

خود بخود اُسکے مطیع ہوگئے ۱۲ برس کے عرصہ مین تمام ملک فارس کو اُسنے

اپنے زیر قلم کرلیا اور سوائے مظفری شاہزادون۔ شیراز کے

اوسکا کوئی سامنا نہ کرسکا اِس عرصہ مین تہوڑی مدت کے واسطے

سنہ ۶۸۳ھ / سنہ ۱۲۸۳ع — اوسکو خانان قبچاق کے روکنے کے لئے اوسکو جانا پڑا جبکہ ۱۲۸۳ع
مین شاہزادگان مظفری کو اوسنے مغلوب کیا تو ہزار اہل اصفہان کو
تہ تیغ کرکے اونکے سرون کا ایک منارہ چنا شہر بغداد اگرچہ پہلی
سنہ ۶۹۰ھ / سنہ ۱۲۹۰ع — دفعہ اطاعت سے بچ گیا تہا مگر ۱۲۹۰ع مین وہان کے باشندون کو
بہی وہی نصیب ہوا جو کہ مظفری شاہزادون کو حصہ ملا تہا باعث
اُسکا وہ سرکشی تہی جو اُنہون نے حاکم فارس امیران شاہ ابن تیمور
سے کی تہی امیر تیمور بہی قبیلہ چنگیزی سے تہا اوسنے
سمرقند اپنا یہ تخت مقرر کیا اور تمام ترکستان تاتار ایران
جارجیہ - اور عراق عرب اور کچہہ حصہ روس کا فتح
سنہ ۷۹۸ھ / سنہ ۱۳۹۸ع — کرکے ۱۳۹۸ع مین ہندوستان پر توجہ کی کابل کی راہ معمولے راستے
سے گذر کر دریائے اٹک کے اوسی گہاٹ سے جہان سے
سکندر نے عبور کیا تہا اُتر کر ملتان پہنچا وہان سے پانی پت رجوہن
ہوتا ہوا بھٹنیر کو پہونکتا ہوا سامانہ پر پہنچکر کیتہل کی راہ دلی مین
آیا وہانسے مرہٹہ ہوکر ہردوار کے پہاڑون مین گہس گیا وہان پر

جن ہندؤن نے بھاگ کر پناہ لی تھی اونسے دو چار سخت لڑائیان
لڑا ہاوجودیکہ ۶۳ برس کا بڈہا تہا مگر اُن لڑائیون مین ایسا جی
توڑ توڑکر لڑا کہ کوئی ادنی سپاہی بہی ایسا بے جگر ہوکر جان پر نہ
کہیلتا ہوگا غرض اسیطرح لڑتا بہڑتا پہاڑون کے نیچے نیچے ہوکر
جمّون مین آن پہنچا اور جس راستہ سے آیا تہا اوسی راہ سے نکلکر
روم مین پہنچا وہان پر بایزید بلدرم سے لڑکر دارالخلافت کو
مراجعت کی پہر ملک خطا کی تسخیر کو چلا راہ مین جان بحق ہوگیا
تیمود کے مرنے کے بعد اوسکی سلطنت کئی حصّون مین منقسم
ہوگئی آخر کار سنہ ۱۹ع مین اوس بادشاہت کا خاتمہ
ہوگیا

ایران اور خراسان مین شاہ صفی ایک سید بزرگ کی
اولاد سے سلطنت نے ظہور کیا اس خاندان کو خاص وعام ایران
وترکستان کے نہایت متبرک سمجہتے تہے اور دل سے اون پر اعتقاد
رکہتے تہے چنانچہ رفتہ رفتہ ایک طرف حدود روم تک اور

دوسری طرف دریائے جیحون تک تمام ملک اونکے زیر قلم ہوگیا
اول شاہ اسمعیل اور پھر شاہ طہماسپ - شاہ عباس ماضی
اور شاہ عباس غازی یہ تین بڑے بادشاہ الوالعزم
گذرے ہین - شاہ اسمعیل کی مدد سے بابر بید پوتا تیمور کا سمرقند
وغیرہ سلطنت موروثی پر قابض ہوا اور شاہ طہماسپ کی مدد سے ہمایون
نے دوبارہ سلطنت ہندوستان کے حاصل کی مگر قریب دوسو برس
سنہ ۱۷۱۹ء سنہ ۱۱۳۵ھ کے بعد جو کہ معمولی عمر سلطنت الیشیا کی ہوتی آئی ہے ۱۷۱۹ء ۱۱۳۵ھ کیا
مین خلجیون اور ابدالی افغانون نے ایران کی سلطنت کو ضعیف کرنا شروع
سنہ ۱۷۳۶ء سنہ ۱۱۴۹ھ اخر کار ۱۷۳۶ء ۱۱۴۸ھ مین نادر شاہ نے سر اوٹھایا اور تاج شاہی سر پر رکھکر
خاندان صفویہ کی نام ونشان کو نیست ونابود کردیا اور ۶ برسکی
سنہ ۱۷۴۷ء سنہ ۱۱۶۰ھ عمر مین درمیان ۱۷۴۷ء ۱۱۶۰ھ کے خود مقتول ہوا اوسکے بعد کریم خان زند
سپہ سالار نے سلطنت کو سنبھالا - ۳۰ برس تک اوسکی حکومت
سنہ ۱۷۹۴ء سنہ ۱۲۱۲ھ رہی اوسکے بعد درمیان ۱۷۹۴ء ۱۲۱۲ھ کے آغا محمد شاہ قاچار نے بہت
لڑائیان لڑکر ایران کی سلطنت حاصل کی اور اوسکے خاندان

مین ابتک یہہ سلطنت چلی آتی ہے

# اغا محمد شاہ قاچار

سنہ ۱۷۹۵ء / سنہ ۱۲۱۰ھ اس بادشاہ نے بہت جنگ اور کوشش کے بعد درمیان سنہ ۱۷۹۵ء / سنہ ۱۲۱۰ھ ایران کا تخت پایا خراسان مین کئی بار مہم کین نفلیس پر لڑائی ہوئی بہت روسی مارے گئے بعد ازان کھتران ملکہ روس زوجہ پطرس سوم شہنشاہ روس نے (۸۰) ہزار سپاہ کی فوج معہ جمعیت کافی توپون اور آلات حرب کے اُن مقتولون کا عوض لینے کی واسطے ایران پر لشکر کشی کی جو پہلی لڑائی مین ماری گئے تھے پر بسبب اسکے کہ شاہ روس کے انتقال کے خبر اوسکے لشکر مین آگئی تھی روسی لوگ تتر بتر ہو گئے بعد ازان قلعہ شوشی مفتوح ہوا ۲۱ تاریخ ماہ ذالحجہ

سنہ ۱۷۹۷ء / سنہ ۱۲۱۲ھ کو سنہ ۱۷۹۷ء / سنہ ۱۲۱۲ھ مین یہہ بادشاہ خوابگاہ مین اون نوکرون کے ہاتھہ سے مقتول ہوا جنکے قتل کرنے کا حکم اوسنے بسبب کسی گناہ کے دیا تھا۔

# فتح علی قاچار

بعد مقتول ہونے اپنے والد آقا محمد شاہ قاچار کے فتح علی شاہ قاچار
ایران کے تخت پر بیٹھا اوسکے مخالف اوسکے دو بھائی خواہان سلطنت
ہوئے بعد لڑائی اور فساد کے ایک کی آنکھین نکلوا ڈالین دوسرے
خطا ایک دفعہ معاف کی پھر اوسنے شورش کی تب اُسکو قید کیا اس
بادشاہ کے وقت مین مسعود بن عبدالعزیز وہابی نے کربلا کو تباہ
کیا اور وہانکے باشندون کو قتل کیا

مختصر حال اس فرقہ وہابیہ کا یہہ ہے کہ عبدالوہاب نامی ایک شخص
عرب کا تہا بصرہ مین اوسنے آکر ایک عالم محمد نام کی شاگردی کی
مدت دراز تک اوسکے پاس پڑہا پھر اصفہان مین آکر وہان کے علماء سے
صرف ونحو واصول وفقہ علم معانی وغیرہ پڑہ کر مسایل شرعیہ مین
اجتہاد کرنے لگا اور اپنے اعتقاد مین اوسنے یہہ خیال کیا کہ خدا تعالے
نے رسول کو — اپنی رسالت کی ایک فہرست بھیجدے اب رسالت

پیغمبر آخر الزمان پہ ختم ہو چکی ہے اُنہوں نے قران واسطے عمل کرنے کے دیا اور
دین اسلام کی پوری ہدایت کردی اونکے بعد خلفاء اربعہ یعنی ابوبکر
عمر۔ عثمان۔ علی یہہ مجتہد تھے پھر امام شافعی ابوحنیفہ
امام جعفر صادق وغیرہ وغیرہ بہت مجتہد ہوئے اُنہوں نے اپنی زندگی میں استخراج
مسایل کا دروازہ بند کردیا ہے بہت باتیں بدعت کی اس امت محمدیہ
میں اب موجود ہیں اونکی طرف خیال مجتہدین کا نہیں ہوا ہے چنانچہ
گنبد باقیہ کا مقبروں پر بنانا اور دیبا آرایش ہونے اور چاندی سے
کرنی اور طواف کا کرنا اور قبروں پر غلاف وغیرہ چڑھانا اور زیارت کرنا
قبروں کا اور وہ لوگ جو یہ باتیں کرتے ہیں مانند بت پرستوں کی
ہیں کیونکہ بت پرست بھی اپنے بتوں کی بہت تعظیم و تکریم اسطرح کرتے
ہیں اور اونکو اپنا شفیع سمجھتے ہیں خالق نہیں مانتے ہیں اسلیے
ان مسلمانوں کا عذر ہے یہہ عقیدہ اوسنے خوب سمجھ کر کے اپنے
وطن کو مراجعت کی وہاں جاکر عبدالعزیز ایک شخص سے جو مشایخ
کبار سے تھا ملاقات کی اور یہہ اپنا عقیدہ اوسے بیان کیا

عبدالعزیز بھی اوسکے ہمراہ اس عقیدہ مین شریک ہوا اور
دونون نے ملکر یہ وھابی عقیدہ اپنے مریدون کو سکھلانا اور وعظ
عوام کو کرنا شروع کیا رفتہ رفتہ اونکو قوت حاصل ہوئی چنانچہ
دونون نے ارض درعیہ مین ایک قلعہ آباد کیا اور اوسکے اطراف
لوگ دنادن کرنے لگے اور اوس نواح مین عبدالعزیز نافذ الامر
و حاکم مسعود ہوا عبدالعزیز کے بیٹے جب حد بلوغ کو پہنچے تو مسعود
ابن عبدالعزیز کا بیٹا ہمیشہ دیون سے جنگ و جدل مین غالب آتا
تھا اسلئے مسعود کو سپاہ وہابیہ دیکر اوسکے باپ نے قلعہ نجف
اشرف پر روانہ کیا تاکہ وہان جاکر جنگ کرے اور مقبرہ حضرت
علی رضی اللہ عنہ کا اپنے قبضہ مین لاوے اور مال و نقد جو مدتون سے وہان
ہے سب اپنے قبضہ مین لاوے اور ساکنین نجف اشرف کو جو اسکے
خیال مین کافر تھے قتل کرے اوس نے کئی حملے کئے پر وہ قلعہ فتح نہو سکا
آخر کو وہ کربلا پر گیا [illegible] بہادر والی تھے اوسدن
شیعون کی عید غدیر تھی علے الصباح اونکے سر پر جا پہنچا جاتے

ہی قتل اور لوٹ شروع کی ۵ ہزار آدمی قتل کئے اور مقبرہ امام حسینؑ
کا توڑ ڈالا اور جسقدر آلات زر و سیم کے اور جواہر و لالی بیش قیمت تھی
معہ اور سب اسباب کے مقبرہ مین سے لیکر اونٹ لاد لئے چھ گھنٹہ
تک جو کچھہ اوس سے ہو سکا اوسنے دریغ نہ کیا اور وہان سے اپنے ملک
اور مسکن کو مراجعت کی یہہ ہنگامہ ۱۸۰۲ء سنہ ۱۲۱۷ھ ۱۸۰۱ء سنہ ۱۲۱۶

شاہ ایران نے عبد العزیز کو لکھا کہ مسعود جسقدر مال و اسباب
کربلا سے لوٹ کر لیگیا ہے اگر وہ سب واپس نہ کیا اور بے گناہ مقتولون
کی دیت نہ دی تو موسم سرما مین تیرا قلعہ اپنے گھوڑون کے سمون سے
روند کر خاک کے برابر کردونگا اور ایک نامہ سلیمان پاشا حاکم بغداد
کو لکھا کہ اگر سلطان روم کو ناگوار نہ گزرے تو مین بدلا مسعود
سے بندگان خدا اور مظلومان بے گناہ کا لون سلیمان پاشا نے
وعدہ کیا کہ مین خود تمام مال لوٹ کا اوس سے واپس کرونگا اور اوس
فرقہ کے لوگون کو نیست و نابود مین خود کردونگا اتفاق سے
اوسی سال مین سلیمان کا انتقال ہوگیا

بعد ازان سنہ ۱۸۱۱ء اس بادشاہ نے وہابیون پر فتح پائی اور نجد
میں جاکر انھسے لڑا وہابیون کے قبضہ مین نجد سے لیکر بحرین
تک کا حصہ ملک کا تھا پہلے اُن کو مسقط پر شکست دی پھر
بمقام دریعیہ پر سخت لڑائی ہوئی بہت آدمی وہابیون کے
مارے گئے +

اس بادشاہ کے وقت مین کئی بار روسیون سے لڑائی اور
صلح ہوئی اور خراسان کے نظم ونسق مین بہت بار فوج کشی
کرنی پڑی نپولین شاہ فرانس نے ایک ایلچی واسطے رسم وبنیاد
اتحاد کے بھیجا شاہ ایران نے اُس سے محبت پیدا نہ کی تگر برون
سے رسم اتحاد کی مستحکم ہوئی - ۱۹ تاریخ جمادے الآخر کو
سنہ ۱۸۳۴ء مین اس جہان سے انتقال کیا + سنہ ۱۸۳۴ء

وہ بڑا کثیر الاولاد بادشاہ تھا اُسکی وفات کے بعد ۵۷
پسر اور ۴۶ دختر اُسکی پشت سے موجود تھے +

## محمد شاہ قاچار

۷ تاریخ ماہ رجب سنہ ۱۲۵۰ھ ۱۸۳۴ء مین تخت نشین ہوا - اُسکے وقتمین
کئی بار عراق پر لشکر کشی ہوئی اور محاصرہ رہا مگر فتح
